بلوچستان کا پہلا روزنامہ | بلوچستان کا پہلا آن لائن اخبار

MEMBER APNS

ABC CERTIFIED

روزنامہ بولان حب بلوچستان

Daily BOLAN HUB Balochistan

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ

فون و فیکس 0853-310203

Mobile: 0336-6113760

جلد 37 | ہفتہ 24 اکتوبر 2026ء بمطابق 12 جمادی الاول 1448ھ | شمارہ 315

قیمت 20 روپے

مسافر بسوں اور ویگن کے درمیان خوفناک تصادم 15 افراد جاں بحق 22 زخمی

حادثہ اس قدر شدید تھا کہ دونوں گاڑیوں کے پرخچے اڑ گئے اور شاہراہ پر لاشیں اور زخمی خون میں لت پت پڑے رہے، جس سے علاقے میں کہرام مچ گیا۔ اطلاع ملتے ہی ایمرجنسی فائر بریگیڈ، ٹریفک پولیس اور ریسکیو 1122 کی ایمبولینسز فوری طور پر جائے حادثہ پر پہنچ گئیں

مسافر کوچ نے کراچی جبکہ آئل ٹینکر نے دبئی جانا تھا، دونوں ڈرائیور موقع پر جاں بحق ہوگئے، 12 افراد شدید زخمی ہوئے، حادثہ اس سے آگے تین سال قبل 22 افراد کی ہلاکت کا سبب بنا تھا

بھارت کا زیر سرپرستی سرکاری دہشت گرد تنظیم کے خلاف مہم کا ڈھونگ، عالمی برادری کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کی کوشش

پہلگام حملے کے بعد بھارت کی جانب سے شروع کیا گیا آپریشن سندور بھی ناکام ہوگیا، پاکستان کے ہاتھوں بھارت کے 6 جنگی طیارے تباہ ہوئے، بھارتی وزیر دفاع

فیلڈ مارشل عاصم منیر کی ہوشربا حکمت عملی، بھارت کی ہر جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا گیا، بھارتی فوج کے 300 سے زائد اہلکار ہلاک ہوئے، پاکستان کے 11 فوجی شہید ہوئے، آئی ایس پی آر

بھارت کی ہر جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا گیا، بھارتی فوج کے 300 سے زائد اہلکار ہلاک ہوئے، پاکستان کے 11 فوجی شہید ہوئے، آئی ایس پی آر

عوام کی حمایت سے پاکستان دہشت گردوں اور ان کے بگڑے ہوئے نظریات کو ضرور شکست دے گا، اپنے اُسرف ڈیتھ گرز نظیموں کے خلاف مہم کو ہر طریقے سے جاری رکھیں گے، آرمی چیف کی کور ہیڈ کوارٹرز پشاور کے دورے کے دوران گفتگو

فیلڈ مارشل نے افسران اور دستوں کے اعلیٰ حوصلے اور پیشہ ورانہ مہارت کو سراہتے ہوئے انہیں خطرات کا موثر طریقے سے مقابلہ کرنے کے لیے چوکس رہنے اور آپریشنل تیاری کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنے کی ہدایت کی

2027 کیلئے گندم کی مجوزہ قیمت 4,500 روپے فی من مقرر

حکومت کی جانب سے گندم کی مجوزہ قیمت میں اضافے کا مقصد کسانوں کو بہتر پیداوار کی لاگت، پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے اور مہنگائی کے دباؤ سے ریلیف فراہم کرنا ہے

گندم کی مجوزہ قیمت میں اضافہ کاشتکاروں کی معاشی حالت بہتر بنانے، مقامی پیداوار کی حوصلہ افزائی اور زرعی شعبے میں استحکام کیلئے پیش رفت ثابت ہوگا، شہباز شریف

فغان استان میں 18 سے 23 ہزار امریکی دہشت گرد موجود ہیں، سی آئی اے

تشدد کی وارداتیں 18 فیصد بڑھ گئیں، 2 ہزار سے زائد افغان شہری شہید ہوئے، اقوام متحدہ کی رپورٹ

شفاف تعاون تنظیم کی رکن ریاستوں کیلئے افغانستان اب بھی بڑی تشویش کا باعث ہے

تعلق میں سے زائد گروہوں سے ہے اور یہ افغانستان میں آزادانہ طور پر روبہ سے ہیں، سرکاری شیلٹر

بلوچستان میں نئے صوبوں کیلئے چھوٹے ڈویژنز اور اضلاع بنانے کی بھی ضرورت ہے، سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ وہ سلیمان ڈویژن کی تمام تحصیلوں کو ضلع بنانے کی سمری کابینہ سے منظور کرائیں گے، وزیراعلیٰ

صوبے میں نئے صوبوں کے ساتھ چھوٹے ڈویژنز اور اضلاع بنانے کی بھی ضرورت ہے تاکہ سول حکومت اور سرکاری محکموں تک عوام کی رسائی آسان بنائی جاسکے

انسانی جانوں سے کھیلنے والوں کیساتھ کوئی رعایت نہیں ہوگی، مصطفیٰ کمال

ملک بھر میں جعلی اور غیر ہر جسٹرڈ ادویات کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے، وفاقی وزیر صحت

کسی کو بھی انسانی زندگیوں سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، معیاری اور محفوظ ادویات کی بلاتعطل فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے

افغانستان سے جو ہری دہشت گردی کا خطرہ ہے، اقوام متحدہ کا انتباہ

تاکستان سے چوری پوٹیشم آئوڈائیڈ کا کمیائی کی مالیت 13 گولیاں افغانستان میں موجود القاعدہ کے ٹھوکے سکتی ہیں، رپورٹ

یورپین یونین کی رکن ریاستوں اور مکمل دہشت گردی کے لیے خطرہ ہے، اقوام متحدہ کے ماہرین

راولپنڈی اسلام آباد میں لوکل ٹرین چلانے کا منصوبہ زیر غور ہے، طلال چوہدری

اسلام آباد کے شہریوں کیلئے اور سستے روڈ سفر متعارف کرائیں گے، دہشت گردی کی جو بھی سے تحفظ فراہم کریں گے، ٹی ایل اسمبلی کا گاکاش

پاکستان کا پہلا پاڈ ایلٹ، معاشی بحالی پر عالمی سرمایہ کاروں کے اعتماد کا اظہار

پاکستان نے ڈارپر انحصار کم کرنے کی جانب بڑا قدم اٹھالیا، خصوصی رپورٹ

پاکستان اس وقت خطے میں مثبت کردار ادا کر رہا ہے، مولانا فضل الرحمٰن

ایران، اسرائیل اور امریکہ کا تنازع دراصل فلسطین اور اسرائیل کی جنگ کا ایک تسلسل ہے

اگر ایران میں انہیں کامیابی حاصل ہو جاتی ہے تو پورے خطے پر اسرائیلی اور صیہونی بالادستی ناگزیر ہو جائے گی

برآمدی اضافہ معاشی ترقی کیلئے کلید کی اہمیت رکھتا ہے، حسن اقبال

معاشی خودمختاری کے لیے فی شعبے کو ٹیکسٹائل ورگ، ہاہی شراکت داری اور جدت کے فروغ پر آمدات میں اضافے کے لیے کردار ادا کرنا ہوگا، وفاقی وزیر

وزیراعظم محمد شہباز شریف کی بصیرت اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان نے معاشی ڈیفالٹ کے خطرے پر قابو پایا

آن لائن گروسریز کے خطرناک آن لائن نیٹ ورک کا انکشاف

کراچی میڈیکل ویب کے خطرناک آن لائن نیٹ ورک کا انکشاف

این سی سی آئی نے 13 سالہ بچی کو خود کو نقصان پہنچانے سے بچالیا

آن لائن گروسریز کے خطرناک آن لائن نیٹ ورک کا انکشاف

کراچی میڈیکل ویب کے خطرناک آن لائن نیٹ ورک کا انکشاف

این سی سی آئی نے 13 سالہ بچی کو خود کو نقصان پہنچانے سے بچالیا

خیبر پختونخوا سے دہشت گردی کا قلع قمع کیا جائے گا، رانا ثناء اللہ

وزیراعظم کے خاتمے کے ایجنڈے میں جو شامل نہیں ہوگا وہ مائنس ہوگا، وزیراعظم

مودی حکومت حاجیوں کی جاسوسی کرنے لگی، تہلکہ خیز انکشاف

بحرین نے رہنمائی کیلئے اسمارٹ واچ کو غیر ضروری قرار دے دیا، بھارتی اخبار

وفاقی جوڈیشل اکیڈمی میں بچوں کی ماڈل چائلڈ کورٹ قائم

یوسیف اور گروپ ڈویلپمنٹ کے تعاون سے اغوا کیلئے ریسورس سینٹر بھی بنایا گیا

بچوں کو انصاف فراہم کرنا آئینی اور اخلاقی ذمہ داری ہے، جسٹس میاں علی حسن اور نگزیب

عبدالعلیم خان نے آزاد بلیچوان کے نئے سفیر عرفان داؤدوف کی ملاقات

پاکستان بحرین کے راستے دساسیائی ریاستوں میں دفتری راہداری میں دفتری کھولنا چاہتا ہے، وفاقی وزیر مواصلات

جنوبی لبنان میں اسرائیلی فضائی حملے، خواتین و بچوں سمیت 10 افراد جاں بحق، متعدد زخمی

ایران کے ساتھ جنگ بندی کے بعد اسرائیل کا لبنان پر بڑا حملہ، حزب اللہ کے ٹھکانوں کو نشانہ بنانے کا دعویٰ

پٹرول پر ٹیکس کو آئینی عدالت میں چیلنج کریں گے، حکمران عوام کا خون نچوڑ کر عیاشیاں اور آئی ایم ایف کو نوازنا بند کریں، پی ٹی آئی

پٹرول پر ٹیکس کو آئینی عدالت میں چیلنج کریں گے، حکمران عوام کا خون نچوڑ کر عیاشیاں اور آئی ایم ایف کو نوازنا بند کریں، پی ٹی آئی

تحریک کا حکومت کے زوال تک احتجاج ہوگا، نعیم الرحمٰن

حافظ آغاز کریاک

بنگلہ دیش کی سابق وزیراعظم کو طیارہ لفٹ (Air lift) نہ ملی تھی، ہمارے حکمرانوں کو یہ بھی نہیں ملے گی

ضرورت ہے

ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی کوئٹہ کے لئے مکمل تجربہ کار ڈرائیور کی ضرورت ہے جو کہ ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی کوئٹہ کے لئے مکمل تجربہ کار ڈرائیور کی ضرورت ہے جو کہ

ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی کوئٹہ کے لئے مکمل تجربہ کار ڈرائیور کی ضرورت ہے جو کہ

ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی کوئٹہ کے لئے مکمل تجربہ کار ڈرائیور کی ضرورت ہے جو کہ

عوام بلوچستان دشمن قوتوں کیخلاف متحد ہو کر جدوجہد کریں، مولانا ہدایت الرحمٰن

ظالمانہ، فرسودہ اور کرپٹ نظام کے خلاف نوجوانوں اور عوام کو منظم، بیدار اور متحرک کرنے کا نام ”بدلو دو نظام تحریک“ ہے

عوام، نوجوان اور باشعور طبقات ظلم، استحصالی نظام، سیاسی و معاشی دہشت گردی اور بلوچستان دشمن قوتوں کے خلاف متحد ہو کر جدوجہد کریں اور اس ظالمانہ نظام کو تبدیل کریں

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ ظالمانہ، فرسودہ اور کرپٹ نظام کے خلاف نوجوانوں اور عوام کو منظم، بیدار اور متحرک کرنے کا نام ”بدلو دو نظام تحریک“ ہے۔ بلوچستان کو دانستہ طور پر ایک کالونی اور جیل خانہ بنا دیا گیا ہے جہاں عوام کی تذلیل، بدعنوانی، بدامنی اور ناانصافی اپنے عروج پر ہے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ عوام، نوجوان اور باشعور طبقات ظلم، استحصالی نظام، سیاسی و معاشی دہشت گردی اور بلوچستان دشمن قوتوں کے خلاف متحد ہو کر جدوجہد کریں اور اس ظالمانہ نظام کو تبدیل کریں۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی یوتھ کے زیر اہتمام ”بدلو دو نظام“ سائیکل ریلی میں نوجوانوں کی بھرپور شرکت اس بات کا ثبوت ہے کہ بلوچستان کا نوجوان اب بیدار ہو چکا ہے اور وہ اپنے حقوق کے حصول کیلئے میدان میں نکل آیا ہے۔ نوجوان سائیکلسٹ جماعت اسلامی کے دست و بازو بنیں اور ظلم و جبر کے خلاف اس جدوجہد کو مزید مضبوط کریں۔ ظلم، کرپشن اور ناانصافی کے خلاف مزاحمت اور عوامی بیداری کی یہ تحریک جاری رہے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی یوتھ کوئٹہ کے زیر اہتمام ”بدلو دو نظام“ سائیکل ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ریلی جماعت اسلامی کے صوبائی دفتر سے شروع ہوئی جس میں سینکڑوں نوجوان سائیکلسٹس نے شرکت کی۔ شرکاء نے ظلم، جبر، مہنگائی، بے روزگاری اور ناانصافی کے خلاف شدید نعرے بازی کی جبکہ عدل و انصاف، آئینی حقوق اور عوامی آزادی کے حق میں آواز بلند کی۔ شرکاء نے جماعت اسلامی کے پرچم، بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر عوامی حقوق اور نظام کی تبدیلی کے حوالے سے نعرے درج تھے۔ اس موقع پر جماعت اسلامی کوئٹہ کے امیر عبدالنعیم رند، مولانا محمد عارف دمڑ، مولانا عبدالحمید منصوری، جمیل احمد مشوانی اور جے آئی یوتھ کے رہنما سلیم سیلاچی نے بھی خصوصی شرکت اور خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو آج بھی بنیادی حقوق، انصاف اور روزگار میسر نہیں۔ سرکاری ملازمتوں کے مواقع محدود کیے جا رہے ہیں، تجارت کیلئے بارڈرز بند ہیں جبکہ انہی بارڈرز سے بھاری رشوت کے عوض غیر قانونی تجارت جاری ہے۔ صوبے میں صنعتوں اور کارخانوں کا فقدان ہے جس کے باعث نوجوان بے روزگاری سے مایوسی کا شکار ہیں۔ عدالتوں میں لاکھوں مقدمات زیر التوا ہیں اور عوام کو بروقت و سستا انصاف نہیں مل رہا۔ انصاف کو عام آدمی کیلئے مشکل اور مہنگا بنا دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کو مغل بادشاہوں جیسا طرز حکمرانی ترک کرنا ہوگا۔ کرپشن، بدعنوانی، دہشت گردی، بدامنی اور لوگوں کو جبری طور پر لاپتہ کرنے جیسے مظالم بند کرنا ہوں گے۔ بلوچستان کے بارڈرز کو قانونی تجارت اور عوامی روزگار کیلئے کھولنا ہوگا تاکہ عوام معاشی طور پر مستحکم ہو سکیں۔ مقررین نے کہا کہ جماعت اسلامی نے عوامی مسائل کے حل، نوجوانوں کی رہنمائی اور حقیقی تبدیلی کیلئے ”بدلو دو نظام“ مہم کا آغاز کیا ہے۔ اس تحریک کے ذریعے نوجوانوں اور عوام کو جماعت اسلامی کا حصہ بنا کر ایک منظم، فعال اور پرامن عوامی قوت تیار کی جائے گی جو بلوچستان اور ملک میں عدل و انصاف پر مبنی اسلامی، جمہوری اور فلاحی نظام کے قیام کیلئے جدوجہد کرے گی۔

سیرت النبی ﷺ کی بابرکت تقریب، طلبہ کی تلاوت، نعت خوانی اور تقاریر

طلبہ نے اپنی علمی صلاحیتوں، اعتماد اور تخلیقی اظہار کے ذریعے رسول اکرم ﷺ سے اپنی محبت، عقیدت اور وابستگی کا خوبصورت اظہار کیا۔

بدین (نامہ نگار) بدین کے معروف تعلیمی ادارے دی ریناسنس اسکول اینڈ کالج بدین کے الیاس ہال میں نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرتِ طیبہ، اعلیٰ اخلاق اور لازوال تعلیمات کو اجاگر کرنے کے لیے ایک پر روح اور بامقصد تقریبِ سیرت النبی ﷺ کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں طلبہ نے قرآن پاک کی تلاوت، قرأت کے مقابلے، نعت خوانی، اسلامی معلومات پر مشتمل کوئز اور تقاریر کے مختلف مقابلوں میں بھرپور حصہ لیا۔ طلبہ نے اپنی علمی صلاحیتوں، اعتماد اور تخلیقی اظہار کے ذریعے رسول اکرم ﷺ سے اپنی محبت، عقیدت اور وابستگی کا خوبصورت اظہار کیا۔ تقریب کے انعقاد کا بنیادی مقصد طلبہ کے دلوں میں عشقِ رسول ﷺ کو مزید پختہ کرنا، انہیں سیرتِ طیبہ سے رہنمائی حاصل کرنے کی ترغیب دینا اور سچائی، رواداری، نظم و ضبط، امن، ہمدردی اور انسانیت جیسے اعلیٰ اخلاقی اصولوں کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنانے کا شعور اجاگر کرنا تھا۔ اس موقع پر اس بات کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا گیا کہ نبی کریم ﷺ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ایک بہتر، پرامن اور بااخلاق معاشرے کی تشکیل ممکن بنائی جا سکتی ہے۔ ایسی علمی اور روحانی تقریبات طلبہ کی تعلیمی صلاحیتوں کو نکھارنے کے ساتھ ساتھ ان کی اخلاقی تربیت، کردار سازی اور اسلامی اقدار کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔



پیٹرولیم لیوی کے خلاف جماعت اسلامی کا بدین پریس کلب کے سامنے احتجاجی دھرنا۔

مریم نواز کی زیر صدارت اجلاس، پرائس کنٹرول کیلئے نیا ادارہ قائم

”ٹرانسفارمنگ مارکیٹ ویسٹ ان ٹو ویلتھ“ متعارف کرانے کا فیصلہ، کاہنہ میں سبزیوں اور پھلوں کیلئے پنجاب کا پہلا منڈی مارٹ پراجیکٹ شروع، جلد تکمیل کا ہدف

رمضان المبارک کی ضروریات کے مطابق کیلا، سیب اور کھجور کی کنٹرول نرخ پر دستیابی یقینی بنانے کیلئے اقدامات کا حکم، کھلے دودھ کی حفظان صحت کے مطابق فروخت کی ریگولیشن کیلئے موثر اقدامات کی ہدایت

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ اجلاس میں اشیائے خوردونوش کے نرخ میں اتار چڑھاؤ پر تفصیلی رپورٹ پیش کی گئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ 10 اشیاء کی قیمتوں میں مسلسل کمی کا رجحان جاری ہے۔ اس موقع پر صوبہ بھر میں 20 کلو آٹے کا تھیلے کے فروخت پر پابندی پر اتفاق کیا گیا۔ اجلاس میں صرف 10 کلو آٹا بیگ کی مارکیٹ میں فروخت کی اجازت کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے آٹا اور گندم کی سمگلنگ روکنے کیلئے بین الصوبائی بارڈر کی کڑی نگرانی کا حکم دیا اور تمام ڈپٹی کمشنرز کو متعلقہ ضلع میں گندم کی بوائی کا ہدف پورا کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں نمبردار، گھوڑی پال سکیم اور اپنا کھیت، اپنا روزگار سکیم کے تحت تمام اراضی پر گندم ہی کاشت کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے تمام اضلاع میں سرکاری اراضی پر گندم کی کاشت یقینی بنانے کا حکم دیا۔ اجلاس میں پنجاب میں پہلی مرتبہ ”ٹرانسفارمنگ مارکیٹ ویسٹ ان ٹو ویلتھ“ متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پامرا کے تحت آف سیزن سبزیوں اور پھلوں کی دستیابی کیلئے ڈی ہائیڈریشن پراجیکٹ کی بھی منظوری دے دی۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ کاہنہ میں سبزیوں اور پھلوں کیلئے پنجاب کا پہلا منڈی مارٹ پراجیکٹ شروع ہو چکا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے منڈی مارٹ کی جلد تکمیل کا ہدف مقرر کر دیا اور صوبہ بھر میں منڈی مارٹ قائم کرنے کیلئے اقدامات کی ہدایت۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے اجلاس کے دوران رمضان المبارک کی ضروریات کے مطابق کیلا، سیب اور کھجور کی کنٹرول نرخ پر دستیابی یقینی بنانے کیلئے اقدامات کا حکم دیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ہر ڈپٹی کمشنر متعلقہ علاقے میں کولڈ سٹوریج میں کیلا، سیب اور کھجور کی ضرورت کے مطابق سٹوریج یقینی بنائے گا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کھلے دودھ کی حفظان صحت کے مطابق فروخت کی ریگولیشن کیلئے موثر اقدامات کا حکم دیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو سبزیوں، دالوں اور دیگر اجناس سمیت 15 اشیائے خوردونوش کے نرخ کا تقابلی جائزہ پیش کیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ 10 اشیا کے نرخ میں 252 فیصد تک کمی کا ریکارڈ رجحان جاری ہے۔ بیشتر اشیائے خوردونوش کے نرخ مستحکم اور دالوں کے نرخ بھی برقرار ہیں۔ اشیاء کے نرخ کی مانیٹرنگ اور استحکام کیلئے قیمت ایپ کی اپ گریڈیشن کی جائے گی۔

ٹھٹھہ پولیس کی کامیاب کارروائیاں 4 گٹکا / انڈین گٹکا فروش گرفتار

ملزمان کے خلاف متعلقہ تھانوں پر گٹکا ایکٹ، آرمس ایکٹ اور منشیات آرڈیننس کے تحت الگ الگ مقدمات درج کر دیے گئے ہیں

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ٹھٹھہ پولیس کی کامیاب کارروائیاں 4 گٹکا / انڈین گٹکا فروش، 1 منشیات فروش، 1 کرمنل سمیت 6 ملزمان گرفتار 5000 پڑیاں انڈین گٹکا، 20 کلو گٹکا میٹریل، 420 پڑیاں گٹکا ماوا، کورے کار اور 1 پسٹل برآمد، مقدمات درج۔ ایس ایچ او تھانہ مکلی انسپیکٹر محمد جمن کھوسو بمعہ اسٹاف نے تھانہ مکلی کی حدود شاہ لطیف کالونی لنک روڈ پر کامیاب کارروائی کر کے 1 انڈین گٹکا فروش ملزم صابر علی ولد ممتاز احمد کھیر کو 5000 پڑیا انڈین گٹکا سمیت گرفتار کر لیا۔ ایس ایچ او تھانہ جھمپیر سب انسپکٹر غلام حسین پیرزادہ بمعہ اسٹاف نے تھانہ جھمپیر کی حدود جھمپیر تا نوری آباد روڈ زورلو گولائی پر کامیاب کارروائی کر کے کورے کار نمبر AMH-316 کو قبضے میں لیکر 2 ملزمان راشد شاہ ولد ذوالفقار شاہ اور ذیشان ولد شریف احمد سید کو 20 کلو گٹکا میٹریل اور 200 پڑیاں گٹکا ماوا سمیت گرفتار کر لیا۔ اس کے علاوہ گاڑہو اور گھوڑاباری پولیس نے مختلف مقامات پر کارروائیاں کر کے 1 گٹکا فروش ملزمان حسین ولد سومار خاصخیلی کو 220 پڑیاں گٹکا ماوا، 1 منشیات فروش ملزم علی اعظم ولد عبدالغفور لاشاری کو 20 بیگز دیسی شراب اور 1 کرمنل حامد محمود ولد عبدالواحد چانڈیو کو 1 پسٹل سمیت گرفتار کر لیا

کراچی میں مختلف مقامات پر پولیس مقابلے، 9 زخمیوں سمیت 10 مبینہ ڈاکو گرفتار

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں پولیس کے مبینہ مقابلوں اور کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 9 زخمیوں سمیت 10 مبینہ ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ اور دیگر سامان برآمد ہوا ہے، جبکہ زخمی ملزمان کو طبی امداد کے لیے جناح اور عباسی شہید اسپتالوں میں منتقل کر دیا گیا۔ واقعات سے متعلق مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق بن قاسم پولیس کا اسٹیل مل پل کے قریب مبینہ مقابلہ ہوا،

ممتا پروگرام کے تحت غیر فعال آٹھ صحت مراکز 15 روز میں فعال کرنے کا فیصلہ

غیر فعال آٹھوں صحت مراکز کو فوری طور پر بحال کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر ممتا پروگرام کے تحت غیر فعال آٹھ صحت مراکز 15 روز میں فعال کرنے کا فیصلہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر I- ٹھٹھہ عمران الحق نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ ممتا پروگرام کے تحت ضلع کے غیر فعال آٹھ صحت مراکز کو 15 روز کے اندر دوبارہ فعال کر کے مطلوبہ عملے کی بھرتیوں کا عمل مکمل کیا جائے۔ انہوں نے آئندہ ضلعی رابطہ کمیٹی (DCC) کے اجلاس سے قبل تمام مراکز کی بحالی یقینی بنانے اور پیش رفت رپورٹ پیش کرنے کا بھی حکم دیا۔ یہ ہدایات انہوں نے اپنے دفتر میں ممتا پروگرام کی ضلعی رابطہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے دیں۔ اجلاس میں پروگرام کی مجموعی کارکردگی، اب تک کی کامیابیوں، عملدرآمد کی صورتحال اور درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران ضلعی کوآرڈینیٹر زوہیب کا کانے ضلع میں ممتا پروگرام کی کارکردگی، اہم کامیابیوں اور انتظامی و عملی مشکلات کے حوالے سے بریفنگ دی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر I- عمران الحق نے کمزور اور مستحق طبقات کی معاونت کے لیے ممتا پروگرام کی کوششوں کو سراہتے ہوئے مرف اور پی ایچ آئی کی ٹیموں کو ہدایت کی کہ غیر فعال آٹھوں صحت مراکز کو فوری طور پر بحال کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں اور درکار عملے کی بھرتیاں مقررہ مدت میں مکمل کی جائیں۔

کراچی، ہاکس بے پر ڈوبنے والے 16 سالہ نوجوان کی لاش ساحل سے مل گئی

کراچی (این این آئی) ہاکس بے سینڈز پٹ پر سمندر میں ڈوبنے والے 16 سالہ نوجوان کی لاش جمعہ کی صبح ساحل سے مل گئی۔ متوفی کی شناخت مزمل ولد ممتاز کے نام سے ہوئی، جو بلدیہ ٹاؤن کے علاقے اتحاد ٹاؤن، قائم خانی کالونی کا رہائشی تھا۔ ایدھی ترجمان عظیم کے مطابق ایدھی کے غوطہ خوروں نے نوجوان کی لاش سمندر سے نکالی

سوراب۔ سب ڈویژن دشت گوران کے علاقے مل شاہورائی میں کھلی کچہری

ضلعی افسران، سیاسی و قبائلی عمائدین اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی

سوراب (نمائندہ بولان) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے وژن کے تحت ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی زیر صدارت گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول مل شاہورائی، سب ڈویژن دشت گوران میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہریوں نے تعلیم، صحت، بجلی، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP)، نادرا اور صاف پانی سمیت مختلف بنیادی مسائل پیش کیے۔ کھلی کچہری میں ایس پی سوراب خورشید احمد بلوچ، ایف سی بلوچستان 156 ونگ کے کمانڈر لیفٹیننٹ کرنل نوید، اسسٹنٹ کمشنر دشت گوران ڈاکٹر ثنا اللہ خان، ڈی ایس پی سوراب عزیز احمد خدرانی، ضلعی افسران، سیاسی و قبائلی عمائدین اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر شہریوں نے اپنے مسائل اور مشکلات سے ضلعی انتظامیہ کو آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ نے شہریوں کے مسائل سنے اور متعلقہ محکموں کے افسران کو ان کے فوری ازالے اور ضروری کارروائی کے لیے ہدایات جاری کیں۔



اسسٹنٹ کمشنر محمد یوسف ہاشمی مختلف علاقوں میں سرکاری نرخنامے کیخلاف ورزی کرنیوالے دکانداروں کیخلاف کارروائی کر رہے ہیں



تربت، ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کیچ ندی کا دورہ کر رہے ہیں

جامعہ سندھ لاڑ کیمپس بدین میں ڈیزائن ہیکاتھون

9 طلبہ گروپس کے درمیان یو آئی، یو ایکس ڈیزائن ہیکاتھون کا انعقاد، نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ میں شیلڈز تقسیم

بدین (نامہ نگار) جامعہ سندھ لاڑ کیمپس بدین کے شعبہ کمپیوٹر سائنس کے زیر اہتمام طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں، جدت اور عملی سیکھنے کے عمل کو فروغ دینے کے لیے یو آئی، یو ایکس ڈیزائن ہیکاتھون کا انعقاد کیا گیا، جس میں کمپیوٹر سائنس کے تیسرے سال کے طلبہ نے 9 گروپس کی صورت میں حصہ لیا۔ مقابلے کے دوران طلبہ کو مختلف عملی ٹاسک دیے گئے، جن میں ڈیجیٹل سہولیات کو صارفین کے لیے مزید آسان، مؤثر اور قابلِ استعمال بنانے کے ساتھ جدید ڈیزائن کے تخلیقی حل پیش کرنا شامل تھا۔ مقابلہ میں شریک طلبہ کے منصوبوں کا ججز کی ٹیم نے 10 مختلف معیاروں کی بنیاد پر جائزہ لیا۔ مجموعی اسکور کی بنیاد پر پہلی تین پوزیشنیں حاصل کرنے والے طلبہ کو شیلڈز سے نوازا گیا۔ اس موقع پر لاڑ کیمپس کو آرڈینیٹر سندھ یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد طفیل چانڈیو، شعبہ کمپیوٹر سائنس کے سربراہ ڈاکٹر کرشن کمار لوہانا، شعبہ بزنس ایڈمنسٹریشن کے سربراہ ڈاکٹر خلیل بھٹی، شعبہ اکاؤنٹنگ اینڈ فنانس کے سربراہ ڈاکٹر عبدالقادر پتولی اور میڈیا کو آرڈینیٹر ڈاکٹر حاجی احمد سولنگی بھی موجود تھے۔ ہیکاتھون کا مقصد طلبہ میں تخلیقی سوچ، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور عملی مہارتوں کو فروغ دینا تھا تاکہ وہ ڈیجیٹل دنیا کے تقاضوں کے مطابق اپنی صلاحیتوں کو مزید بہتر بنا سکیں۔

سکھر کے سائٹ ایریا میں مبینہ جوئے کا انکشاف

پولیس کی خاموشی پر سوالات، اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

روہڑی (رپورٹ: اسلم سومرو) ذرائع کے مطابق سکھر کے سائٹ ایریا تھانے کی حدود میں ایک اوطاق پر مبینہ طور پر جوئے کی سرگرمیاں جاری ہیں، جس پر شہریوں کی جانب سے تشویش کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر مذکورہ مقام پر غیر قانونی سرگرمیاں جاری ہیں تو متعلقہ پولیس حکام کو فوری نوٹس لے کر قانون کے مطابق کارروائی کرنی چاہیے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اس معاملے کی نشاندہی اس سے قبل بھی متعدد بار ذرائع ابلاغ میں کی جا چکی ہے، تاہم مبینہ سرگرمیوں کے حوالے سے صورتحال واضح نہیں ہو سکی۔ اس معاملے پر پولیس کی جانب سے مؤثر کارروائی کے حوالے سے بھی سوالات اٹھائے جا رہے ہیں شہریوں نے اعلیٰ پولیس حکام سے مطالبہ کیا ہے

ڈیوٹی کے دوران انتقال کرنے والے پولیو ورکر کی بیوہ کو حکومت سندھ کی جانب سے معاوضے کا چیک پیش

پولیو ورکرز بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے محفوظ رکھنے اور ملک سے پولیو کے خاتمے کے لیے قابلِ قدر خدمات انجام دے رہے ہیں

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ڈیوٹی کے دوران انتقال کرنے والے پولیو ورکر کی بیوہ کو حکومت سندھ کی جانب سے معاوضے کا چیک پیش۔ ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ سرمد علی بھاگت کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر II- ولید احمد ڈاوچ اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر سید صفدر علی شاہ نے ڈیوٹی کے دوران انتقال کرنے والے پولیو ورکر عبدالقیوم درس کی رہائش گاہ پہنچ کر ان کی بیوہ شہناز درس سے ملاقات کی اور حکومت سندھ کی جانب سے معاوضے کا چیک ان کے حوالے کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر II- ولید احمد ڈاوچ اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر سید صفدر علی شاہ نے پولیو جیسے خطرناک مرض کے خاتمے کے لیے قومی فریضہ انجام دیتے ہوئے اپنی جان گنوانے والے پولیو ورکر کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ پولیو ورکرز بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے محفوظ رکھنے اور ملک سے پولیو کے خاتمے کے لیے قابلِ قدر خدمات انجام دے رہے ہیں، جبکہ پولیو ورکر عبدالقیوم درس کا دوران ڈیوٹی انتقال ایک انتہائی افسوسناک سانحہ ہے، ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

کامران حسین مشتاق شیخ نے بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کیا

پولیو سے متعلق عوامی شعور اجاگر کرنے کے لیے آگاہی ریلی بھی نکالی گئی

شہدادکوٹ (رپورٹ: شبیر کمبوہ) عالمی یوم انسدادِ پولیو کے موقع پر ڈپٹی کمشنر قمبر شہدادکوٹ کامران حسین مشتاق شیخ نے بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کیا ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر اسپتال قمبر میں عالمی یوم انسدادِ پولیو کے موقع پر ڈپٹی کمشنر قمبر شہدادکوٹ کامران حسین مشتاق شیخ نے ربن کاٹ کر اور بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر پولیو سے متعلق عوامی شعور اجاگر کرنے کے لیے آگاہی ریلی بھی نکالی گئی ریلی میں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ قمبر ڈاکٹر ابرار علی تونیو، ڈاکٹر الطاف بڑرو، ڈاکٹر فرید لاڑک، محکمہ اطلاعات اور صحت کے افسران، یونیسیف اور عالمی ادارہ صحت (WHO) کے نمائندوں، ڈاکٹروں اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی اس موقع پر بچوں کو پولیو جیسے موذی مرض سے محفوظ رکھنے کے لیے حفاظتی قطرے پلانے کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا ڈپٹی کمشنر قمبر شہدادکوٹ کامران حسین مشتاق شیخ نے اپنے پیغام میں والدین سے پرزور اپیل کی کہ وہ پانچ سال سے کم عمر اپنے ہر بچے کو پولیو سے بچا کے قطرے لازمی پلوائیں اور پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ اگر کسی وجہ سے پولیو ٹیم بچے تک نہ پہنچ سکے تو والدین قریبی صحت مرکز سے رابطہ کریں

گڈاپ فارم ہاؤس کیس کی مدعیہ کو قتل کی دھمکیاں، تعاقب اور حملے کی کوشش

کراچی (این این آئی) گڈاپ فارم ہاؤس میں ملازمت اور تربیت کا جھانسہ دے کر لائی گئی 50 سے زائد خواتین کے موبائل فون چوری ہونے کے مقدمے کی مدعیہ نے جان سے مارنے کی دھمکیاں ملنے اور تعاقب کیے جانے کے بعد اپنی اور اہلخانہ کی جان و مال کے تحفظ کے لیے شارع فیصل تھانے میں درخواست جمع کرادی۔ خاتون نے دھمکی آمیز واٹس ایپ پیغامات کے اسکرین شاٹس بھی پولیس کو فراہم کر دیے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق گڈاپ سٹی تھانے میں درج مقدمے کی مدعیہ خوشنما واصف، جو گلستان جوہر بلاک 18 کی رہائشی ہیں، نے اپنی درخواست میں مؤقف اختیار کیا ہے



ٹھٹھہ: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ون عمران الحق ممتا پروگرام کے ضلعی رابطہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی سکھر کے نائب صدر میر دادن خان خلجی کی مختلف یونین کونسلوں میں تعزیتی ملاقاتوں کا سلسلہ جاری

میر دادن خان خلجی نے مختلف یونین کونسلوں کا دورہ کرتے ہوئے مرحومین کے اہلِ خانہ سے ملاقاتیں

روہڑی (رپورٹ: اسلم سومرو) پاکستان پیپلز پارٹی سکھر کے نائب صدر میر دادن خان خلجی کی جانب سے مختلف یونین کونسلوں میں وفات پانے والے افراد کے اہلِ خانہ سے تعزیت اور اظہارِ افسوس کا سلسلہ جاری ہے۔ اس موقع پر پیپلز پارٹی کے کارکن حاجی زبردست خان مہر بھی ان کے ہمراہ موجود تھے تفصیلات کے مطابق میر دادن خان خلجی نے مختلف یونین کونسلوں کا دورہ کرتے ہوئے مرحومین کے اہلِ خانہ سے ملاقاتیں کیں اور ان کے دکھ اور غم میں شریک ہو کر دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے سوگوار خاندانوں سے ہمدردی کرتے ہوئے مرحومین کی مغفرت، درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی اس موقع پر حاجی زبردست خان مہر نے بھی سوگوار خاندانوں سے تعزیت کی اور مرحومین کے لیے دعائے مغفرت کی۔ دونوں رہنماؤں نے غمزدہ خاندانوں کے ساتھ ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ اور تکلیف کی گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑا ہونا معاشرتی اور اخلاقی ذمہ داری ہے میر دادن خان خلجی کی جانب سے مختلف علاقوں میں تعزیتی ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے،

پاکستان سمیت دنیا بھر میں پولیو سے حفاظت کا عالمی دن (آج) منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں پولیو سے حفاظت کا عالمی دن (آج) 24 اکتوبر کو منایا جائے گا۔ اس موقع پر فیصل آباد ملک بھر میں محکمہ صحت کے زیراہتمام تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا پر خصوصی مضامین اور پروگرام شائع ونشر کئے جائیں گے جس میں ماہرین صحت پولیو سے حفاظت کے متعلق آگاہی فراہم کریں گے۔ پاکستان میں یہ دن خصوصی طور پر ان پولیو ورکرز کی انتھک کوششوں کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے منایا جا رہا ہے



ایس ایس پی بدین قمر رضا جسکانی کڈھن شہر میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سنتے ہوئے

حسن سردار احمد خان نیازی کے احکامات پر منشیات فروش ملزمان کے خلاف کارروائیوں کا تسلسل جاری

حسن سردار احمد خان نیازی کے احکامات پر تھانہ میروخان پولیس کی کامیاب کارروائیاں قتل و دیگر سنگین کیسز میں اشتہاری تین ملزمان گرفتار

شہدادکوٹ (رپورٹ: شبیر کمبوہ) ایس ایس پی قمبر شہدادکوٹ حسن سردار احمد خان نیازی کے احکامات پر تھانہ میروخان پولیس کی کامیاب کارروائیاں قتل و دیگر سنگین کیسز میں اشتہاری تین ملزمان گرفتار ایس ایچ او تھانہ میروخان انسپکٹر شفقت حسین کناسرو بمع اسٹاف نے خفیہ اطلاع پر کارروائیوں میں قتل و دیگر سنگین کیسز میں اشتہاری تین ملزمان کو گرفتار کیا ہے تھانہ میروخان کے قتل کیس میں اشتہاری ملزم سجاد راہوجو کو گرفتار کر لیا ہے تھانہ ڈکھن ضلع شکارپور کے اقدام قتل کیس میں اشتہاری ملزم ندیم چانڈیو کو گرفتار کر لیا ہے تھانہ تعلقہ ضلع لاڑکانہ کے چوری کیس میں اشتہاری ملزم محمد پناہ مغیری کو گرفتار کر لیا ہے گرفتار اشتہاری ملزمان سے مزید تفتیش کی جا رہی ہے ایس ایس پی قمبر شہدادکوٹ حسن سردار احمد خان نیازی کے احکامات پر منشیات فروش ملزمان کے خلاف کارروائیوں کا تسلسل جاری ہے دو منشیات فروش ملزمان گرفتار چرس اور بھنگ برآمد۔ مقدمات درج ایس ایچ او تھانہ بہرام انسپکٹر مختیار احمد مگسی بمع اسٹاف کی دوران گشت بہرام تو دوست علی روڈ سے کارروائی منشیات فروش ملزم وحید جونیجو کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضے سے (10) کلو گرام بھنگ برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے دوسری کارروائی میں ایس ایچ او تھانہ وارہ انسپکٹر انور علی ابڑو بمع اسٹاف کی خفیہ اطلاع پر وارہ تو نصیر آباد روڈ نزد فوڈ گودام سے کارروائی منشیات فروش ملزم ذوالفقار علی جونیجو کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضے سے (1100) گرام چرس برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے گرفتار منشیات فروش ملزمان سے مزید تفتیش کی جا رہی ہے ہیمبر شہدادکوٹ پولیس کی اہم کارروائی ایس ایس پی قمبر شہدادکوٹ حسن سردار احمد خان نیازی کے سخت احکامات پر تھانہ ماہی مکول پولیس کی کامیاب کارروائی ڈبل مرڈر کیس میں مطلوب دو ملزمان آلۂ قتل سمیت گرفتار ایس ایچ او تھانہ ماہی مکول سب انسپکٹر عطا اللہ میرانی بمع اسٹاف کی خفیہ اطلاع پر گوٹھ واہ سے کارروائی تھانہ ماہی مکول کے ڈبل مرڈر کیس میں مطلوب دو ملزمان سید عنایت علی شاہ اور سید ماجد علی شاہ کو گرفتار کر کے ان دونوں کے قبضے سے جرم میں استعمال شدہ ایک عدد ریپٹر کارتوس اور ایک عدد پسٹل بلیٹس برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے ہیں یاد رہے کہ گرفتار ملزمان نے مورخہ 2026-10-17 کو پلاٹ کے مسئلے پر گاؤں حاکم شاہ تھانہ بیو میں سید عبداللہ شاہ اور اس کے بیٹے رضوان علی شاہ کو قتل جب کہ سید ثنا اللہ شاہ کو زخمی کر کے فرار ہو گئے تھے جب کہ گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش کی جا رہی ہے۔

فیصل آباد، ایل پی جی گیس کی مبینہ طور پر من مانے نرخوں پر فروخت کا سلسلہ جاری

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد میں گیس (ایل پی جی) کی مبینہ طور پر من مانے نرخوں پر فروخت کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث شہری شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ شہریوں کے مطابق ایل پی جی کی سرکاری قیمت 280 روپے فی کلو مقرر ہونے کے باوجود مختلف مقامات پر ایل پی جی گیس 580 سے 600 روپے فی کلو، جبکہ بعض جگہوں پر اس سے بھی زائد قیمت پر فروخت کیے جانے کی شکایات سامنے آ رہی ہیں۔ سرکاری نرخ اور مارکیٹ میں وصول کی جانے والی مبینہ قیمتوں کے درمیان نمایاں فرق نے حکومتی نرخ ناموں پر عمل درآمد اور متعلقہ اداروں کی کارکردگی کے حوالے سے سوالات کھڑے کر دیے

لیاقت آباد میں گھر سے دو بچوں کی ماں کی لاش برآمد، تیز دھار آلے سے قتل کیے جانے کا شبہ

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے لیاقت آباد نمبر 10 کی کباڑ مارکیٹ میں چوڑی والی گلی کے ایک گھر سے دو بچوں کی ماں کی لاش برآمد ہوئی ہے، جسے مبینہ طور پر تیز دھار آلے کے وار کر کے قتل کیا گیا۔ مقتولہ کی شناخت سویرا کے نام سے ہوئی ہے، جبکہ پولیس نے واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

الیکشن کمیشن قمبر شہدادکوٹ کی جانب سے غیر رجسٹرڈ خواتین کی رجسٹریشن کے لیے مہم کا آغاز

پسماندہ علاقوں میں رہنے والی خواتین کو اس مہم میں شامل کیا جائے گا

شہدادکوٹ (رپورٹ: شبیر کمبوہ) الیکشن کمیشن قمبر شہدادکوٹ کی جانب سے غیر رجسٹرڈ خواتین کی رجسٹریشن کے لیے مہم کا آغاز اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ اجلاس، رجسٹریشن مہم نومبر 2026 سے فروری 2027 تک جاری رہے گی ڈپٹی کمشنر قمبر شہدادکوٹ کامران حسین مشتاق کی زیر صدارت ان کے دفتر کے دربار ہال میں الیکشن کمیشن آف پاکستان ضلع قمبر شہدادکوٹ کی جانب سے سندھ میں شمولیتی فنانس کے تحت شناختی کارڈ اور ووٹر رجسٹریشن (INVR-V) پائلٹ پروجیکٹ شروع کرنے کے سلسلے میں اسٹیک ہولڈرز کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس کا مقصد انتخابی فہرستوں میں صنفی فرق کو کم کرنا ہے جس کے لیے ایسی اہل خواتین کی نشاندہی انہیں متحرک کرنے اور رجسٹریشن میں سہولت فراہم کی جائے گی جو اب تک رجسٹرڈ نہیں ہیں، خصوصا پسماندہ علاقوں میں رہنے والی خواتین کو اس مہم میں شامل کیا جائے گا الیکشن کمیشن کے حکام نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع قمبر شہدادکوٹ کو پائلٹ پروجیکٹ کے لیے منتخب کیا گیا ہے تاکہ کمیونٹی کی بنیاد پر مشترکہ ماڈل تیار کر کے اسے دیگر اضلاع میں بھی نافذ کیا جا سکے۔ انتخابی فہرستوں کے مطابق ضلع قمبر شہدادکوٹ میں مجموعی طور پر 889,778 ووٹرز رجسٹرڈ ہیں جن میں 481,141 مرد اور 408,637 خواتین شامل ہیں۔ اس طرح مردوں اور خواتین کے ووٹرز کی رجسٹریشن میں فرق 72,504 ہے، جو 8.15 فیصد بنتا ہے اعداد و شمار کے مطابق صنفی فرق سب سے زیادہ تحصیل قمبر میں 24,928 ووٹرز، یعنی 9.49 فیصد ہے، جبکہ سب سے کم فرق تحصیل سجاول جونیجو میں 6.32 فیصد ریکارڈ کیا گیا ہے خواتین کی رجسٹریشن میں رکاوٹوں پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے بتایا گیا کہ ضروری دستاویزات کی عدم دستیابی نادرا رجسٹریشن مراکز تک محدود رسائی رجسٹریشن کے طریقہ کار سے متعلق آگاہی کی کمی خواتین کی نقل و حرکت پر پابندیاں سماجی و ثقافتی رکاوٹیں فاصلے اور ٹرانسپورٹ کے مسائل نیز ووٹ کی منتقلی سے متعلق ابہام اہم مسائل ہیں اس منصوبے کے تحت الیکشن کمیشن آف پاکستان (ECP)، نادرا، ضلعی انتظامیہ، پولیس، محکمہ تعلیم، محکمہ صحت، سماجی بہبود اور مقامی حکومت کے ادارے، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) اور غیر سرکاری تنظیمیں مشترکہ طور پر کام کریں گی نادرا کی جانب سے چائلڈ رجسٹریشن سرٹیفکیٹ (CRC) جاری کرنے اور 23,242 سے زائد غیر رجسٹرڈ خواتین کی نشاندہی کے لیے اقدامات کیے جائیں گے جبکہ 100 سے زائد رضاکار اور موبلائزر گھر گھر جا کر خواتین کو رجسٹریشن کے عمل میں مدد فراہم کریں گے۔

جنوبی خیبر پختونخوا میں امن کی بحالی اور منشیات کیخلاف فوری کارروائی کیلئے عوام کی اپیل

پشاور (این این آئی) گورنر راج کے بعد جنوبی خیبر پختونخوا میں امن کی بحالی اور منشیات کیخلاف فوری کارروائی کیلئے عوام نے اپیل کر دی ہے۔ شہریوں نے سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر سرعام منشیات کے استعمال پر اظہار تشویش کرتے ہوئے نوجوان نسل کو نشے کی لعنت سے بچانے کا مطالبہ کر دیا۔ جنوبی خیبر پختونخوا کے شہریوں نے مطالبہ کیا کہ منشیات فروشوں، اسمگلروں اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف بلا امتیاز سخت کارروائی کی جائے

کراچی، ایچ آئی وی سے متاثرہ 157 بچوں کی ماؤں کو ماہانہ 40 ہزار روپے امداد دینے کا آغاز

کراچی (این این آئی) محکمہ محنت سندھ نے ایچ آئی وی سے متاثرہ 157 بچوں کی ماؤں کو ماہانہ 40 ہزار روپے مالی امداد فراہم کرنے کا عمل شروع کر دیا ہے، جس کا مقصد متاثرہ بچوں کی غذائی ضروریات اور دیگر اخراجات پورے کرنے میں خاندانوں کی معاونت کرنا ہے۔ حکام کے مطابق اب تک 115 متاثرہ بچوں کی ماؤں کے بینک اکاؤنٹس کھول کر انہیں اے ٹی ایم کارڈز جاری کر دیے گئے ہیں،



سوراب۔ ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ خان کھلی کچہری کی صدارت کر رہے ہیں

پی سی بی ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام انٹر اسکول کرکٹ ٹورنامنٹ

گریس اکیڈمی، اینگلو پاک، ممتاز گورنمنٹ اسکول، ای اے بی اور ہیپی پیلس کی کامیابی۔

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) پاکستان کرکٹ بورڈ کے زیر اہتمام منعقد کردہ پی سی بی ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام انٹر اسکول کرکٹ ٹورنامنٹ کراچی ریجن میں گزشتہ روز مزید پانچ میچز کا فیصلہ ہو گیا۔ پہلے میچ میں گریس اکیڈمی آف لرننگ سیکنڈری اسکول نے انٹیلکٹ اسکول کو 8 وکٹوں سے ہرا دیا۔ انٹیلکٹ اسکول کی ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 115 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ عثمان اقبال نے 41 اور شفین شاکر نے 35 رنز بنائے۔ ایان علی نے 18 رنز دیکر 4، ابوبکر نے 29 رنز دیکر 3 جبکہ حارث خان نے 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں گریس اکیڈمی نے 2 وکٹوں کے نقصان پر مطلوبہ 119 رنز بنا لئے۔ مسعود علی نے شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے 13 چوکوں 2 چھکوں کی مدد سے ناقابل شکست 80 اور محمد حسان نے 24 رنز ناٹ آؤٹ بنائے۔ دوسرے میچ میں اینگلو پاک اسلامک اسکول نے ڈی ایس ایس انٹرنیشنل اسکول کو 92 رنز سے ہرا دیا۔ اینگلو پاک اسلامک اسکول نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 198 رنز بنائے۔ عبدل ہادی نے 45، محمد مظفر نے 27 اور محمد علی نے 24 رنز بنائے۔ عامل نے 42 رنز دیکر 3، محمد علی حبیب اور محمد ساہر نے 2-2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں ڈی ایس ایس انٹرنیشنل اسکول کی ٹیم 106 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ محمد خضر نے 34 اور محمد علی حبیب نے 26 رنز بنائے۔ تابش عباسی نے 17 رنز دیکر 4، توقیر احمد، احمد رضا اور دانیال افضل نے 2-2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔



حب۔ بھوتانی عوامی کارواں کے سینئر رہنما حاجی محمد کریم لانگو کے والد کے انتقال پر مختلف سیاسی و سماجی قبائلی عمائدین لانگو فارم ہاؤس بھوانی میں تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں



جامعہ سندھ لاڑ کیمپس بدین میں ڈیزائن ہیکاتھون، طلبہ گروپس کے درمیان مقابلہ، کامیاب طلبہ کو شیلڈز کی تقسیم۔

حسن سردار احمد خان نیازی کے احکامات پر تھانہ میروخان پولیس کی کامیاب کارروائیاں

قتل و دیگر سنگین کیسز میں اشتہاری پانچ ملزمان گرفتار

قمبر علی خان (رپورٹ حافظ نور الحق) ایس ایس پی قمبر شہدادکوٹ حسن سردار احمد خان نیازی کے احکامات پر تھانہ میروخان پولیس کی کامیاب کارروائیاں۔ قتل و دیگر سنگین کیسز میں اشتہاری پانچ ملزمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ میروخان انسپکٹر شفقت حسین کناسرو بمع اسٹاف نے خفیہ اطلاع پر کارروائیوں میں قتل و دیگر سنگین کیسز میں اشتہاری تین ملزمان کو گرفتار کیا ہے۔ تھانہ میروخان کے قتل کیس میں اشتہاری ملزم سجاد راہوجو کو گرفتار کر لیا ہے۔ جبکہ تھانہ ڈکھن ضلع شکارپور کے اقدام قتل کیس میں اشتہاری ملزم ندیم چانڈیو کو گرفتار کر لیا ہے۔ جبکہ تھانہ تعلقہ ضلع لاڑکانہ کے چوری کیس میں اشتہاری ملزم محمد پناہ مغیری کو گرفتار کر لیا ہے۔ جبکہ درگاہ حسین آباد کے سجادہ نشین سید عطا اللہ شاہ بخاری کے خلیفہ سید عبداللہ شاہ بخاری اور اس کے بیٹے سید رضوان شاہ کو قتل اور تیسرے بیٹے سید ثنا اللہ شاہ کو زخمی کرنے کے معاملے پر ایس پی ضلع قمبر شہدادکوٹ حسن سردار نیازی کی بہتر کارکردگی اور پولیس پولیسنگ کے تحت ایک مخبر کی اطلاع پر پولیس قیادت میں بذات خود ایک ڈیرے پر کامیاب چھاپہ مار کر اس واقعے میں ملوث دو ملزمان عنایت علی شاہ، اور ماجد علی شاہ، کو آلہ قتل سمیت گرفتار کر کے ان کے قبضے سے اسلحہ اور گولیاں بھی برآمد کی ہیں۔

اہلکاروں کے خلاف بلوچستان بی ای ڈی ایکٹ کے تحت کارروائی کی ہدایت

متعلقہ اہلکاروں کو تنبیہ کی گئی ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریاں پوری تندہی، سنجیدگی اور پابندیٔ وقت کے ساتھ انجام دیں

سوراب (نمائندہ بولان) 22 اکتوبر 2026 کو پی سی او پی آئی کی آن لائن میٹنگ میں ناقص کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ای پی آئی ویکسینیٹرز کے خلاف بلوچستان بی ای ڈی ایکٹ (Balochistan BEED Act) کے تحت سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ میٹنگ میں تمام ویکسینیٹرز کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنی 16 روزہ آؤٹ ریچ سرگرمیاں اور ویکسینیشن کوریج جلد از جلد مکمل کریں اور اپنے مقررہ پولی گونز (Polygons) کے مطابق سو فیصد کوریج یقینی بنائیں، تاکہ بچوں کو حفاظتی ٹیکوں کی فراہمی کے مقررہ اہداف حاصل کیے جا سکیں۔ متعلقہ اہلکاروں کو تنبیہ کی گئی ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریاں پوری تندہی، سنجیدگی اور پابندیٔ وقت کے ساتھ انجام دیں۔

افشین کا شوہر سمیت چار افراد پر تشدد، ہراسانی اور جان سے مارنے کی دھمکیوں کا الزام

طلاق کا دعویٰ ٹھٹھہ کی عدالت میں زیر سماعت ہے، جبکہ اسے مسلسل خوف اور عدم تحفظ کا سامنا ہے

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) کراچی کی رہائشی خاتون افشین کا شوہر سمیت چار افراد پر تشدد، ہراسانی اور جان سے مارنے کی دھمکیوں کا الزام، جان کو خطرہ، اعلیٰ حکام سے فوری تحفظ کی اپیل۔ کراچی کے علاقے کورنگی ناصر کالونی کی رہائشی خاتون افشین نے میڈیا کے سامنے اپنے ویڈیو بیان میں شوہر فیاض علی سمیت دیگر افراد پر جسمانی و ذہنی تشدد، ہراسانی اور تقریباً دو سال تک مبینہ غیر قانونی قید میں رکھنے کے سنگین الزامات عائد کیے ہیں۔ خاتون افشین کے مطابق اس کی طلاق کا دعویٰ ٹھٹھہ کی عدالت میں زیرِ سماعت ہے، جبکہ اسے مسلسل خوف اور عدم تحفظ کا سامنا ہے۔ افشین نے اپنے ویڈیو بیان میں واضح طور پر الزام عائد کیا ہے کہ اسے اعجاز، فیاض، شبیر اور نبیلہ نامی افراد سے اپنی جان کا خطرہ ہے۔ خاتون نے خدشہ ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ اگر مستقبل میں اس کے ساتھ کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش آتا ہے یا اسے کسی قسم کا جانی نقصان پہنچتا ہے تو اس کے بقول مذکورہ چار افراد کو اس کا ذمہ دار سمجھا جائے۔ افشین نے مزید الزام عائد کیا کہ اسے ماضی میں جسمانی و ذہنی اذیت کا سامنا کرنا پڑا

حیدرآباد تعلیمی بورڈ کے نتائج میں مبینہ بے ضابطگیاں، ڈپٹی کنٹرولر معطل

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے سوشل میڈیا پر سامنے آنے والی اطلاعات اور عوامی شکایات کے بعد حیدرآباد تعلیمی بورڈ کے انٹرمیڈیٹ پارٹ ٹو کے نتائج میں مبینہ بے ضابطگیوں کا نوٹس لیتے ہوئے ڈپٹی کنٹرولر ٹاپ سیکریٹ برانچ اعجاز علی کاکا کو معطل کر دیا ہے، جبکہ معاملے کی جامع تحقیقات کے لیے تین رکنی کمیٹی قائم کر دی گئی ہے۔ صوبائی وزیر جامعات محمد اسماعیل راہو کی منظوری کے بعد سیکریٹری جامعات عباس بلوچ نے معطلی اور تحقیقاتی کمیٹی کے قیام کا حکم نامہ جاری کر دیا

ووڈ ورڈ ٹرافی انڈر 17- انٹر زونل کرکٹ ٹورنامنٹ

فائنل زون ایک وائٹس اور زون چھ بلوز کے درمیان منگل 27 اکتوبر کو کے سی سی اے اسٹیڈیم پر کھیلا جائے گا

کراچی (نمائندہ بولان) خالد نفیس چیئرمین آر سی اے کراچی کی ٹورنامنٹ کمیٹی کے اعلان کے مطابق ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے زیر اہتمام میڈی کیم گروپ آف کمپنیز کے تعاون سے منعقد کردہ آر سی اے کے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے دوسرے مرحلے ووڈ ورڈ ٹرافی انڈر 17- انٹر زونل کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل میچ زون ایک وائٹس اور زون چھ بلوز کے درمیان بروز منگل 27 اکتوبر کو کے سی سی اے اسٹیڈیم پر کھیلا جائے گا۔ اس موقع پر جناب ظفر ریاض باری ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اینڈ ایکسٹرنل افیئرز میڈی کیم گروپ آف کمپنیز مہمان خصوصی ہونگے جو کہ میچ کے اختتام پر کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کرینگے جبکہ جناب علی حسین سیکرٹری ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی تقریب کی صدارت کے فرائض انجام دینگے۔ دونوں ٹیموں کا اعلان میچ شروع ہونے قبل مندرجہ ذیل کھلاڑیوں میں سے کیا جائے گا۔ زون ایک وائٹس: محمد اذان عباسی) کپتان (شاہ زین چانڈیو، مصطفیٰ علی، رعنا حمزہ علی، یعقوب سونیجا، ضرغم، مدثر، معیز خالد، فائق حیدر، عمر عرفان، سلام الدین، زوہیب خان، قاسم، ادریس اور عاصم فتح۔ کوچ فضل سبحان، منیجر زریاب خان۔ زون چھ بلوز: طلحہ آفریدی، طلال محمود، نافع، عریب نور، شایان خان، ارباز نوید، مصطفیٰ، نبیل، درانی خان، محد کھتری، عبدل سلام، مدثر، اکرام، سمیع اللہ۔ کوچ فراز پٹیل، منیجر نوید الا امین۔

کراچی میں فائرنگ کے واقعات، ایک شخص جاں بحق، تین خواتین زخمی

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں فائرنگ کے واقعات کے دوران ایک شخص جاں بحق جبکہ تین خواتین زخمی ہو گئیں۔ جاں بحق شخص اور زخمی خواتین کو اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق لیاقت آباد نمبر 9 میں نیو رضوی دواخانے کے قریب فائرنگ کے نتیجے میں تین خواتین زخمی ہو گئیں، جن کی شناخت عابدہ، حنا اور رفعہ کے نام سے ہوئی ہے۔ زخمی عابدہ کو جناح اسپتال جبکہ حنا اور رفعہ کو عباسی شہید اسپتال منتقل کر دیا گیا۔

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ

فون و فیکس 0853-310203 — Mobile: 0336-6113760 — قیمت 20 روپے

ہفتہ 24 اکتوبر 2026، بمطابق 12 جمادی الاول 1448ھ

ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے قومی اتحاد اور یکجہتی ضروری ہے — وزیر اعلیٰ سندھ

سندھ کے پانچ اضلاع میں چھوٹے کاروباروں کے لیے مالی معاونت، ضمانتی سہولت 20 کروڑ سے بڑھا کر 4 ارب 20 کروڑ روپے کرنے کا فیصلہ

مالی شمولیت کو صرف سہولیات تک رسائی تک محدود رکھنے کے بجائے ان کے معیار اور صارفین کی ضروریات سے مطابقت پر توجہ دینا ہوگی، وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، وفاقی وزیرخزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور دیگر کا خطاب

کراچی (این این آئی) پاکستان مائیکروفنانس نیٹ ورک کے زیراہتمام دسویں سالانہ مائیکروفنانس کانفرنس کراچی میں اختتام پذیر ہوگئی، جس میں مالی شمولیت کو محض قرضوں اور بینک کھاتوں تک رسائی کے بجائے معاشی خودمختاری، روزگار کے مواقع اور کاروباری ترقی میں تبدیل کرنے پر زور دیا گیا۔ کانفرنس میں وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب اور وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سمیت حکومتی نمائندوں، مالیاتی اداروں، ترقیاتی شراکت داروں اور ماہرین نے شرکت کی۔ دوروزہ کانفرنس کا انعقاد پاکستان مائیکروفنانس نیٹ ورک نے اقوام متحدہ کے صنعتی ترقی کے ادارے اور سندھ کے دیہی علاقوں میں غربت کے خاتمے اور جامع ترقی کے پروگرام کے اشتراک سے کیا۔ کانفرنس میں خواتین، کسانوں، چھوٹے کاروباروں اور پسماندہ دیہی آبادی کو مالی سہولیات کی فراہمی، مالیاتی اداروں کے استحکام، موسمیاتی خطرات اور قرضوں کے معاشی اثرات کا جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیرخزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے ورچوئل خطاب میں کہا کہ معاشی استحکام سے پائیدار ترقی کی جانب سفر میں مالی شمولیت بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ انہوں نے زراعت اور چھوٹے و درمیانے کاروباروں سمیت زیادہ سے زیادہ افراد کو رسمی مالیاتی نظام میں شامل کرنے کے لیے اثاثوں کو ضمانت کے طور پر رکھنے کی شرط کے بجائے آمدن کی بنیاد پر قرضوں، ڈیجیٹل قرضہ جاتی سہولیات اور متبادل معلومات کے استعمال کو فروغ دینے پر زور دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ کامیابی کا پیمانہ یہ نہیں کہ کتنے افراد کو کتنے قرضے دیے گئے بلکہ یہ دیکھنا ضروری ہے کہ ان قرضوں سے کیا نتائج حاصل ہوئے، قرض لینے والوں کی مالی حالت کتنی بہتر ہوئی، روزگار کے کتنے مواقع پیدا ہوئے اور خواتین کی معاشی سرگرمیوں میں شرکت میں کتنا اضافہ ہوا۔ کانفرنس کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان مائیکروفنانس نیٹ ورک کے چیئرمین اور ایچ بی ایل مائیکروفنانس بینک کے صدر و چیف ایگزیکٹو عامر خان نے کہا کہ مائیکروفنانس کو الگ نظام کے بجائے وسیع مالیاتی نظام کا حصہ بنانا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ دہائی میں اس شعبے کی کامیابی کا اندازہ اس بات سے لگایا جانا چاہیے کہ مالی سہولیات حاصل کرنے والے افراد اپنے کاروبار کو کس حد تک وسعت دیتے، اثاثے بناتے اور مالی طور پر خودمختار ہوتے ہیں۔ کانفرنس کے دوسرے روز پاکستان میں یورپی یونین کے تعاون کے سربراہ جیروئن ویلمز نے ورچوئل خطاب میں وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کا خیرمقدم کیا اور صوبے کی ترقی کے لیے مسلسل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ مالی شمولیت کو صرف سہولیات تک رسائی تک محدود رکھنے کے بجائے ان کے معیار اور صارفین کی ضروریات سے مطابقت پر توجہ دینا ہوگی۔ مالیاتی مصنوعات کو لوگوں کی آمدن، موسمی حالات اور درپیش خطرات کے مطابق تیار کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے غربت کے خاتمے اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے حکومت، قرض فراہم کرنے والے اداروں اور ترقیاتی شراکت داروں کے درمیان ابتدائی مرحلے سے تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیراعلیٰ نے پائیدار انوویشن لیبز کے آغاز کا خیرمقدم کیا، جن کے ذریعے مالیاتی اداروں اور دیہی کاروباری اداروں کو یکجا کر کے ایسے علاقوں کی ضروریات کے مطابق مالیاتی مصنوعات تیار اور آزمائی جائیں گی جہاں مالی سہولیات کی کمی ہے۔ اس اقدام کا مقصد دیہی کاروباروں کی ترقی، مالی خطرات میں شراکت داری اور وسائل تک رسائی کو بہتر بنانا ہے۔

ملک کی سب سے بڑی ہول سیل مارکیٹ ہفتے کو بند رہے گی، ایسوسی ایشن

کراچی ہول سیل گروسرز کا ود ہولڈنگ ٹیکس اور تاجر دوست اسکیم کیخلاف ہڑتال کا اعلان

کراچی (این این آئی) کراچی ہول سیل گروسرز ایسوسی ایشن نے ود ہولڈنگ ٹیکس اور تاجر دوست اسکیم کے خلاف ہڑتال کا اعلان کر دیا۔ ود ہولڈنگ ٹیکس اور تاجر دوست اسکیم کے خلاف ایک اور ہڑتال کا اعلان ہوگیا ہے اور کراچی ہول سیل گروسرز ایسوسی ایشن کی جانب سے ہڑتال کی کال دے دی گئی ہے۔ جوڑیا بازار میں دوکاندار، امپورٹر اور ایکسپورٹرز کا ہنگامی اجلاس ہوا جس میں کراچی ہول سیل گروسرز ایسوسی ایشن کی جانب سے ہڑتال کا فیصلہ کیا گیا



اسلام آباد: آزاد جموں وکشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان کو بحریہ یونیورسٹی اسلام آباد پہنچنے پر جامعہ کے منتظمین پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہے ہیں۔



معاشی خودمختاری کیلئے برآمدات میں اضافہ ناگزیر ہے — سردار مسعود

پائیدار معاشی ترقی کے لیے معاشی سفارت کاری، عالمی شراکت داری اور ملکی اداروں کے درمیان مؤثر روابط کلیدی اہمیت رکھتے ہیں

صنعتی ڈھانچے اور سازگار کاروباری ماحول کے بغیر تعلیمی ادارے باصلاحیت نوجوانوں کو ملک میں روکنے میں کامیاب نہیں ہو سکتے، بحریہ یونیورسٹی میں خطاب

اسلام آباد (بولان بیورو) امریکہ، چین اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر اور آزاد جموں وکشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ پاکستان میں جدت، سرمایہ کاری اور نوجوانوں کے لیے روزگار و کاروبار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے جامعات، صنعتی شعبے اور مالیاتی اداروں کے درمیان تعاون کو مضبوط بنانا ناگزیر ہے۔ بحریہ یونیورسٹی اسلام آباد میں منعقدہ لیس سمٹ، ایکسپو اینڈ ایوارڈز 2026 کے دوران اکیڈمیا، مالیات اور صنعت کے درمیان روابط اور پاکستان میں کاروباری ماحول کی تشکیل کے موضوع پر مباحثے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پائیدار معاشی ترقی کے لیے معاشی سفارت کاری، عالمی شراکت داری اور ملکی اداروں کے درمیان مؤثر روابط کلیدی اہمیت رکھتے ہیں۔ سردار مسعود خان نے بیجنگ اور واشنگٹن میں اپنی سفارتی خدمات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ جدید سفارت کاری میں معاشی پالیسی کو بنیادی اہمیت حاصل ہو چکی ہے۔ امریکہ میں پاکستان کے سفیر کی حیثیت سے تجارت، سرمایہ کاری، کاروبار میں آسانی، دانشورانہ ملکیت کے تحفظ اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافے کے لیے کوششیں ان کی ترجیحات میں شامل رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں کام کرنے والی امریکی کمپنیاں دونوں ممالک کے درمیان معاشی تعاون بڑھانے کے وسیع امکانات کی عکاسی کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی جامعات کو ملکی صنعتوں کے ساتھ منظم اور مستقل بنیادوں پر روابط استوار کرنے چاہییں۔ اگرچہ متعدد تعلیمی اداروں نے بین الاقوامی جامعات کے ساتھ مؤثر اشتراک قائم کیا ہے، تاہم جامعات اور صنعت کے درمیان تعاون ابھی تک زیادہ تر محدود اور غیر مستقل ہے۔ ان روابط کو مضبوط بنا کر تحقیقی کام، سائنسی علم اور تکنیکی مہارت کو تجارتی مصنوعات، نئے کاروبار اور اسٹارٹ اپس میں تبدیل کیا

چند لوگوں کے اے سی کیلئے سب پر کیپیسٹی چارجز لگتے ہیں، مصدق ملک

ایران پاکستان گیس پائپ لائن پر ان کیمرا اجلاس میں بریفنگ دی جائے گی، وفاقی وزیر پٹرولیم

اسلام آباد (انٹرنیوز) وزیر پٹرولیم مصدق ملک نے کہا ہے کہ کوشش ہے کہ ملک میں تیل وگیس کی تلاش کا کام تیز کیا جائے، انڈسٹری کیلئے لیول آف پلیئنگ فیلڈ کا ہونا ضروری ہے، اشرافیہ کی ڈیمانڈز کو اب کچھ کم کرنا پڑے گا، چند لوگوں کے اے سی کیلئے سب پر کیپسٹی چارجز لگتے ہیں، ایران پاکستان گیس پائپ لائن پر ان کیمرا اجلاس میں بریفنگ دی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے پیٹرولیم کا اجلاس سینیٹر عمر فاروق کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ ڈی جی گیس نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ حکومت کی 2005 کی پالیسی کے تحت ملک میں 1180 کیپٹو پاور پلانٹس لگائے گئے ہیں جنہیں 358 ایم ایم ایس ایف ڈی گیس فراہم کی جاتی ہے، 797 پاور پلانٹس سندھ میں ہیں، ان پلانٹس کا آڈٹ کرنے کی کوشش کی گئی پر کامیابی نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم ڈویژن کی تجویز آئی کہ کیپٹو پاور پلانٹس کو گرڈ پر منتقل کیا جائے، تاہم پیٹرولیم ڈویژن نے کبھی پلانٹس کو بند کرنے کی بات نہیں کی، پاور ڈویژن نے آئی ایم ایف کو تجویز دی کہ ان کیپٹو پاور پلانٹس کو بند کروایا جائے اس سے صنعتی شعبہ گرڈ سے بجلی لے گا اور بجلی گرڈ پر کیپسٹی چارجز ختم کرنے میں مدد ملے گی، اب کیپٹو پاور پلانٹس کو گیس فراہمی پر کوئی سبسڈی فراہم نہیں کی جا رہی ہے۔ وزیر پٹرولیم مصدق ملک نے بتایا کہ ملک میں گیس کی دستیابی کی کمی 1.7 فیصد سالانہ ہے

بلوچستان کی شورش میں بھارت کا بڑا ہاتھ ہے، اکبر ایس بابر

بلوچستان کے بڑے بڑے سیاستدان بلوچستان کے مسئلے کی بنیادی وجہ ہیں

اسلام آباد (این این آئی) بانی رہنما پی ٹی آئی اکبر ایس بابر نے کہا ہے کہ بلوچستان کی شورش میں بھارت کا بڑا ہاتھ ہے، بڑے پیمانے پر فنڈنگ بھی ہو رہی ہے، ملک میں قانون کی حکمرانی کی باتیں کرنے والے بلوچستان کے بڑے بڑے سیاست دان اپنے علاقوں میں لوگوں کا استحصال کرتے ہیں۔ ایک ویڈیو پیغام میں اکبر ایس بابر نے کہا کہ بلوچستان کے موجودہ واقعات پر افسوس ہے بدقسمتی سے ہمارے میڈیا میں ایسی باتیں کی جا رہی ہیں کہ بلوچستان ہاتھ سے نکل رہا ہے، یقیناً حالات تشویشناک ہیں لیکن تجزیوں میں بلوچستان سے متعلق تاریخی حقائق کو نظرانداز کیا جا رہا ہے، صوبے میں شورش کے پیچھے بین الاقوامی سازش اور اس کے مقاصد ہیں، تقسیم برصغیر سے پہلے بلوچستان کی چار ریاستیں تھیں جن میں مکران، لسبیلہ، خاران، قلات وغیرہ شامل ہیں، پاکستان کے حصہ بننے کے بعد ان ریاستوں کے معاملے کے بارے میں اس وقت کے وزیراعظم لیاقت علی خان نے کمیٹی بنائی تھی لیکن بدقسمتی سے لیاقت علی خان کے قتل کے بعد کمیٹی رپورٹ سرد خانے کی نذر ہوگئی، پھر 1955ء میں جب ون یونٹ قائم کیا گیا تو بلوچستان کی مذکورہ ریاستوں کو ویسٹ پاکستان میں شامل کیا گیا اور جب جنرل یحییٰ نے 1970ء میں جب ون یونٹ توڑا تو پرانی حیثیت بحال نہیں کیا گیا جس کی وجہ سے مسائل پیدا ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ خاص طور پر گوادر کی ترقی کا معاملہ چلنے کے بعد بلوچستان میں شورش بڑھ گئی اور اس میں بھارت کا بڑا ہاتھ ہے اور بڑے پیمانے پر فنڈنگ بھی ہو رہی ہے، اکبر ایس بابر نے کہا کہ یقیناً بلوچستان کی سکیورٹی صورتحال کا سکیورٹی اداروں کی ذمہ داری ہے لیکن اس کے ساتھ سماجی و اقتصادی ترقی کے لیے بھی اقدامات کئے جانے چاہئیں،

شوگر ملز ایسوسی ایشن نے کرشنگ سیزن شروع کرنے کیلئے حکومت کے سامنے شرائط رکھ دیں

لاہور (این این آئی) پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن (پنجاب زون) نے اگلا کرشنگ سیزن شروع کرنے کیلئے حکومت کے سامنے مختلف شرائط رکھتے ہوئے کہا ہے کہ اتنی سخت ریگولیشن میں کرشنگ سیزن شروع کرنا ناقابل عمل ہے، مکمل اتفاق رائے سے فیصلہ کیا گیا ہے کہ اگلا کرشنگ سیزن تب تک نہیں شروع ہوگا جب تک شوگر انڈسٹری صوبائی اور فیڈرل کی سطح پر مکمل طور پر ڈی ریگولیٹ نہیں کی جاتی اور اسے گندم، چاول اور مکئی کی فصلوں کی طرح فری مارکیٹ کی سہولت نہیں مل جاتی۔ ایسوسی ایشن ہنگامی اجلاس گزشتہ روز منعقد ہوا جس میں پنجاب کی شوگر ملوں کے تمام ممبران نے شرکت کی۔ ترجمان نے کہا کہ شوگر ملیں اس وقت تک بھی نہیں چلیں گی جب تک شوگر ملوں کے پاس موجود چینی کا اسٹاک ختم نہیں ہو جاتا۔ شوگر انڈسٹری پچھلے کافی مہینوں سے فاضل چینی کے 15 لاکھ ٹن اسٹاک برآمد کرنے کی اجازت مانگ رہی ہے

تھرکول فیلڈ اسلام کوٹ سے چھور اور بن قاسم سے پورٹ قاسم تک ریلوے لنک بچھائے گی، ویلتھ پاک

منصوبے کی لاگت 53,726 ملین روپے ہے اور اس کی تکمیل کی ٹائم لائن 18 ماہ ہے، ڈائریکٹر سندھ انرجی بورڈ شارق حسین

کراچی (جی این ایم) ملک کے شمال میں بجلی گھروں تک کوئلہ پہنچانے کے لیے تھر ریل کنیکٹیویٹی منصوبے کو عملی جامہ پہنانے کے لیے کام جاری ہے سندھ انرجی بورڈ کے ڈائریکٹر شارق حسین نے کہا کہ وزارت ریلوے سندھ حکومت کے ساتھ مل کر تھرکول فیلڈ اسلام کوٹ سے چھور 105 کلومیٹر اور بن قاسم سے پورٹ قاسم 09 کلومیٹر تک ریلوے لنک بچھائے گی ویلتھ پاک سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس منصوبے کی لاگت 53,726 ملین روپے ہے اور اس کی تکمیل کی ٹائم لائن 18 ماہ ہے وفاق سندھ حکومت کو 50 فیصد لاگت کے اشتراک کے فارمولے کے تحت 26,863 ملین روپے فراہم کرنے کا پابند ہے انہوں نے بتایا کہ اس پروجیکٹ کے لیے فنانسنگ کا طریقہ کار ایکویٹی شیئرنگ تھا، اور ایک ایس پی وی اسے انجام دے گا انہوں نے کہا کہ وزارت ریلوے نے مالی سال 25 کے لیے پی ایس ڈی پی میں 15,100 ملین روپے مختص کیے تھے اور کنسٹرکٹر، فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن کو موبلائزیشن ایڈوانس کے طور پر 4,600 ملین روپے جاری کیے شارق نے کہا کہ ریلوے نیٹ ورک میں 10 ایم ٹی پی اے کوئلے کی نقل وحمل کی صلاحیت ہوگی، جس سے پاکستان کو اپنی بجلی کی پیداوار درآمد شدہ سے گھریلو کوئلے کی طرف منتقل کرنے اور مہنگے ایندھن کی درآمد پر انحصار کم کرنے میں مدد ملے گی



لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن ایکسپو سینٹر میں بنو قابل تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ہمارے اکابرین کی جدوجہد کے نتیجے قادیانی لابی کو منہ کے بل شکست ملی، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

تحفظ ختم نبوت کے لیے جانوں کے نذرانے پیش کرنے سے گریز نہیں کیا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا قاری مہراللہ شیخ مولانا احمد جان مولانا محمد ہاشم خیشکی مولانا حکیم حبیب اللہ حافظ عبدالحق حقانی شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی مولانا محمد ایوب مفتی عبدالسلام ریئسانی مولانا محمد اشرف جان مفتی غلام نبی محمدی حافظ مسعود احمد سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد سیکرٹری مالیات میر سرفراز شاہوانی ایڈووکیٹ سالار حافظ سید سعداللہ آغا حافظ سراج الدین حافظ شبیر احمد مدنی حاجی ولی محمد بڑیچ حاجی ظفراللہ خان کاکڑ مولانا حافظ سردار محمد نورزئی میر فاروق لانگو حافظ خلیل احمد سارنگزئی مولانا جمال الدین حقانی مفتی نیک محمد فاروقی مولانا محمد طاہر توحیدی حاجی صالح محمد مولانا محمد عارف شمشیر مفتی محمد ابوبکر حافظ دوست محمد ملک نصیر احمد ایڈووکیٹ اور دیگر نے کہا ختم نبوت گولڈن جوبلی کانفرنس کی تیاریوں پر غور کرنے کے لیے آج ضلعی مجلس عاملہ کا اجلاس منعقد ہوگا۔ 7 ستمبر کی گولڈن جوبلی کانفرنس میں کوئٹہ سے عظیم الشان شرکت ہوگی۔ انہوں نے کہا ہمارے اکابرین کی جدوجہد کے نتیجے قادیانی لابی کو منہ کے بل شکست ملی، بدقسمتی سے سابقہ حکمرانوں نے مغرب کے ساتھ وعدہ کیا تھا کہ وہ ختم نبوت قوانین میں ترامیم کر کے ان کو مسلم قرار دے،

نجکاری ہو سکتی یا نہیں، صرف مشاورت پر 1 ارب 99 کروڑ روپے خرچ

نیشنل پاور پارک کمپنی کی نجکاری کیلئے 33 کروڑ روپے فنانشل ایڈوائزر کو دیے گئے، پاکستان اسٹیل ملز کو بھی نجکاری کی فہرست سے نکال دیا گیا

حکومت کا خیال تھا کہ ایک بڈر کے ساتھ جانا ٹھیک نہیں رہے گا، جناح کنونشن سینٹر کی نجکاری پر سی ڈی اے کے کچھ اعتراضات تھے

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ نجکاری کمیٹی میں اداروں کی نجکاری نہ ہونے کے باوجود فنانشل ایڈوائزر کو کروڑوں روپے ادائیگیوں کا انکشاف سامنے آیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سینیٹ کی نجکاری کمیٹی کا اجلاس جمعرات کو پارلیمنٹ میں سینیٹر محمد طلال چودھری کی زیر صدارت منعقد ہوا، اجلاس میں سینیٹر بلال احمد خان، سینیٹر خلیل طاہر، سینیٹر ندیم احمد بھٹو، سیکرٹری نجکاری اور متعلقہ محکمے کے سینئر حکام شریک ہوئے۔ اجلاس میں گزشتہ 5 سالوں میں نجکاری کے عمل پر آنے والے اخراجات اور آمدن پر بریفنگ دی گئی۔ سیکرٹری نجکاری نے بریفنگ میں بتایا کہ گزشتہ پانچ سال میں نجکاری ٹرانزیکشنز سے 4 ارب 38 کروڑ روپے آمدن حاصل ہوئی، جبکہ نجکاری پر اس دوران ایک ارب 40 کروڑ روپے خرچ کیے گئے، آپریشنل اخراجات ملا کر مجموعی رقم ایک ارب 99 کروڑ روپے خرچ ہوئی۔ سیکرٹری نجکاری نے بتایا کہ نیشنل پاور پارک کمپنی کو نجکاری لسٹ سے نکال دیا گیا، نیشنل پاور پارک کمپنی کی نجکاری کیلئے 33 کروڑ روپے فنانشل ایڈوائزر کو دیے گئے، پاکستان اسٹیل ملز کو بھی نجکاری کی فہرست سے نکال دیا گیا، اسٹیل ملز کیلئے تین سالوں میں فنانشل ایڈوائزر کو 12 کروڑ 70 لاکھ روپے ادائیگی ہوئی۔ جناح کنونشن سنٹر کو بھی نجکاری کی لسٹ سے نکال دیا گیا، جناح کنونشن سینٹر پر فنانشل ایڈوائزر کو 70 لاکھ روپے پیمنٹ ہوئی۔ رکن کمیٹی سینیٹر بلال احمد نے پوچھا کہ نجکاری کیلئے فنانشل ایڈوائزر ہائر کیوں کیا جاتا ہے؟ سیکرٹری نجکاری ڈویژن نے جواب دیا کہ فنانشل ایڈوائزر بتاتا ہے کہ ادارے کی نجکاری ہو سکتی یا نہیں۔ چیئرمین کمیٹی طلال چوہدری نے پوچھا کہ اتنا خرچہ کر کے پھر نجکاری کیوں روک دی گئی؟ سیکرٹری نجکاری نے جواب دیا کہ حکومت نے ہی بعد میں اس کمپنی کی نجکاری نہ کرنے کا فیصلہ کیا، گزشتہ سال کابینہ نے اسٹیل ملز کو ڈی لسٹ کر دیا تھا،

قومی اسمبلی کا اجلاس (آج) طلب، 19 نکاتی ایجنڈا جاری

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کا اجلاس (آج) جمعہ کو ہوگا جس کیلئے 19 نکاتی ایجنڈا جاری کر دیا گیا ہے، اجلاس میں 4 اہم قوانین کی منظوری متوقع ہے۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق غیر ملکی سرکاری دستاویزات کے قانون جواز کے خاتمے پر کنونشن کو موثر بنانے سے متعلق بل کی قومی اسمبلی سے منظوری لی جائے گی، ڈپٹی وزیراعظم اسحاق ڈار تحشیہ بل 2024 منظوری کیلئے پیش کریں گے۔ بھنگ کنٹرول اور انضباطی اتھارٹی بل 2024 وزیر دفاع خواجہ آصف کی جانب سے منظوری کیلئے پیش کیا جائے گا۔

پاکستان جاپان کیساتھ برادرانہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، یوسف رضا گیلانی

افغان مہاجرین کی وطن واپسی اہم مسئلہ، جاپان اپنا کردار ادا کرے، چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پاکستان جاپان کیساتھ برادرانہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور مختلف شعبوں بشمول توانائی، صحت، صنعت و پیداوار میں تعاون کو مزید فروغ دینے کا خواہاں ہے، پاکستان ہجرت کر کے آنے والے افغان مہاجرین کے وطن واپسی ایک اہم مسئلہ ہے، جاپان بھی اپنا کردار ادا کرے۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے پاکستان میں متسوہیرو واڈا نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان جاپان کے ساتھ اپنے برادرانہ تعلقات کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، جاپان مستحکم معاشی ملک ہے اور پاکستان جاپان کے ساتھ مختلف شعبوں بشمول توانائی، صحت، صنعت و پیداوار میں تعاون کو مزید فروغ دینے کا خواہاں ہے۔ انہوں نے 2022 کے سیلاب کے دوران جاپان کی حکومت کی جانب سے دی جانے والی امداد پر شکریہ بھی ادا کیا۔ پاکستان اور جاپان کے درمیان پارلیمانی وسفارتی تعلقات وقت کے ساتھ ساتھ مضبوط تر ہو رہے ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پارلیمانی وفود کے تبادلوں سے دونوں ملکوں کی عوام کو ایک دوسرے کے قریب اور تعلقات کو مزید بہتر بنایا جا سکتا ہے

ہمیں کرینوں پر لٹکا دیں، سزا دیں لیکن ملک بچا لیں — شیخ رشید

حکومت ناکام ہو گئی، ذمہ داران سے اپیل کرتا ہوں فوری حل تلاش کریں

ہمیں پاکستان کا سوچنا ہوگا، 30 ستمبر تک اونٹ کسی بھی کروٹ بیٹھ جائے گا، سربراہ عوامی مسلم لیگ کا بیان

راولپنڈی (جی این ایم) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ 30 ستمبر تک ملکی سیاست کا اونٹ کسی بھی کروٹ بیٹھ جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کل تاجروں نے تاریخی ہڑتال کر کے حکومت پر عدم اعتماد کر دیا کوئی ملک اور ادارہ موجودہ حکمرانوں کو پانچ ڈالر دینے کو تیار نہیں، آئی ایم ایف کے 4 ستمبر کے اجلاس میں ایجنڈا میں پاکستان کو شامل نہیں کیا گیا، آج ریاست، معیشت اور سیاست شدید بحران کا شکار ہیں، موجودہ کرائے کی حکومت ملک کو بحرانوں سے نکالنے میں مکمل ناکام ہو گئی، ذمہ داران سے اپیل کرتا ہوں وہ فوری حل تلاش کریں۔ انہوں نے کہا کہ میری دوستی ایک ہی آدمی سے تھی ہے اور رہے گی، عوام کے ساتھ جو بیت رہی ہے وہ اس سے قبل کبھی نہیں ہوا، غریب کے لیے کچھ کیا جائے، تعلیمی ادارے تباہ ہو رہے ہیں، عوام پر جو بھاری ٹیکس لگائے وہ ادا نہیں کر سکتے کیوں کہ قوت خرید ختم ہو چکی ہے، اسی طرح بلوچستان کے حالات بھی شدید پریشان کن اور حساس ہیں، ہمیں پاکستان کا سوچنا ہوگا پاکستان ہے تو ہم ہیں، پاکستان ہی جینا مرنا ہے۔ سابق وزیر داخلہ یہ بھی کہہ چکے ہیں کہ نواز شریف کسی کو ایکسٹینشن نہیں دے گا لیکن شہباز شریف لیٹ چکا ہے، اس کے باوجود ٹیکنوکریٹ حکومت کیلئے انٹرویو شروع ہو چکے ہیں، 31 اگست سے میں بھی سیاست میں دوبارہ مکمل فعال ہو رہا ہوں، میرا 40 کلو وزن کم ہوا، کبھی نہیں سوچا تھا کہ گیٹ نمبر 4 والے مجھے اٹھا کر لے جائیں گے لیکن ہم نے بشریٰ بی بی اور بانی پی ٹی آئی عمران خان کے خلاف کوئی بیان نہیں دیا۔ سربراہ عوامی مسلم لیگ نے کہا کہ انہوں نے پہلے بھی پی ٹی آئی سے بلے کا نشان چھینا تھا اور بانی پی ٹی آئی پر پابندی لگادی تھی اور الیکشن سے پہلے عمران کو سزائیں بھی سنائی گئیں

سعودی حکومت نے بیمار افراد کے حج کرنے پر پابندی عائد کر دی

سعودی وزارت حج وعمرہ کی جانب سے پاکستان کی وزارت مذہبی امور کو حج 2025ء سے متعلق ہیلتھ ایڈوائزری موصول ہو گئی

موسم کی شدت کے پیش نظر صرف تندرست و توانا عازمین کو سفر حج کی اجازت دی جائے گی

کراچی (این این آئی) سعودی حکومت نے بیمار افراد کے حج کرنے پر پابندی عائد کر دی اور کہا ہے کہ صرف تندرست اور توانا افراد ہی حج پر آسکیں گے، سعودی وزارت حج وعمرہ کی جانب سے پاکستان کی وزارت مذہبی امور کو حج 2025ء سے متعلق ہیلتھ ایڈوائزری موصول ہو گئی جس میں پاکستان کو آگاہ کیا گیا ہے کہ پیچیدہ امراض میں مبتلا افراد سفر حج پر روانہ نہیں ہو سکیں گے۔ ترجمان مذہبی امور کے مطابق سعودی حکومت نے مراسلے میں کہا ہے کہ موسم کی شدت کے پیش نظر صرف تندرست و توانا عازمین کو سفر حج کی اجازت دی جائے گی، گردہ، دل، پھیپھڑے، جگر اور کینسر کے پیچیدہ مریضوں کو سفر حج کی اجازت نہیں ہوگی۔ ترجمان نے کہا ہے کہ ڈی منشیا اور متعدی امراض مثلاً ٹی بی، تپ دق، کالی کھانسی کے حامل افراد کو سفر حج کی اجازت نہیں ہوگی، 12 سال سے کم عمر بچوں اور حاملہ خواتین کو سفر حج کی اجازت نہیں ہوگی۔ ترجمان کے مطابق عازمین حج کے لیے گردن توڑ بخار، کورونا، موسمی انفلوئنزا، پولیو ویکسین لگوانا لازم ہوگا۔

مسلسل غیر حاضر سٹاف کی 28 دن کی تنخواہ کاٹی جائے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد انور کاکڑ

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا

کوئٹہ (این این آئی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایم ایس مفتی محمود ہسپتال، ایم ایس بے نظیر ہسپتال، ڈی ایچ او کوئٹہ، ڈپٹی ڈی ایچ او، ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی، ڈسٹرکٹ خزانہ آفیسر، محکمہ پاپولیشن کے آفیسر اور چیف ڈرگ انسپکٹر نے خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں مفتی محمود ہسپتال سے متعلق تمام مسائل جس میں ڈاکٹرز اور سٹاف کی غیر حاضری، سیکورٹی اور صفائی ستھرائی کے مسائل کی تفصیل پیش کی گئی۔ اجلاس میں مختلف بنیادی مراکز صحت جس میں بی ایچ یو ہنہ وڑک اور بی ایچ یو کوتوال میں غیر حاضر ایم ٹی، ڈسپنسرز، چپڑاسی، نرسنگ، اردلی اور مسلسل غیر حاضر رہنے والے ملازمین کی بھی رپورٹ پیش کی گئی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ نے اجلاس میں مسلسل غیر حاضر سٹاف کے بارے میں رپورٹ پر برہمی کا اظہار کیا

رواں سال آف گرڈ 5 لاکھ گھروں کو مفت سولر سسٹم دیا جائے گا، سعدیہ جاوید

کراچی (این این آئی) گھروں کے لیے مفت سولر سسٹم کی فراہمی کے حوالے سے عوام کے لئے بڑی خبر آ گئی، آئندہ چند ہفتے میں سہولت مفت ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق ترجمان سندھ حکومت سعدیہ جاوید کی جانب سے بیان میں کہا گیا

صوبہ کی ترقی میں وفاق کا کردار لائق تحسین ہے، گورنر سندھ

گورنر پنجاب سے ملاقات میں بین الصوبائی ہم آہنگی کے فروغ سمیت دیگر امور پر گفتگو

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری سے گورنر پنجاب سلیم حیدر خان نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبوں کی ترقی میں وفاق کے کردار، بین الصوبائی ہم آہنگی کے فروغ، وفود کے تبادلہ سمیت دیگر امور پر گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر گورنر سندھ نے کہا کہ صوبہ کی ترقی وخوشحالی میں وفاق کا وژن لائق تحسین ہے بالخصوص صنعتی علاقوں کی ترقی میں وفاق کی خدمات قابل ستائش ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب سے وفود کے تبادلہ سے دوطرفہ تجربات اور اقدامات سے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے

جاپانی قونصل جنرل کا بلوچستان میں دہشت گردوں کے حملے پر تشویش کا اظہار

دہشت گرد سرگرمیوں کو روکنے کے لیے کوششیں قابل تعریف ہیں، مزید اقدامات کی ضرورت ہے، ہٹوری مسارو

کراچی (این این آئی) جاپان کے قونصل جنرل ہٹوری مسارو نے بلوچستان میں دہشت گردوں کے حالیہ حملوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے پاس بالخصوص شمالی علاقوں میں سیاحت کے بہت زیادہ مواقع موجود ہیں تاہم سکیورٹی کا مسئلہ تشویشناک ہے کیونکہ بلوچستان جیسے دہشت گرد حملے جاپانی معاشرے اور اس کے سیاحوں کے ذہنوں پر بہت منفی اثرات مرتب کرتے ہیں۔ پاکستان کی حکومت دہشت گردی کو روکنے کے لیے اپنی پوری کوشش کر رہی ہے اور وہ پُرامید ہیں کہ دہشت گردوں کی سرگرمیوں کو روکنے کے لیے پاکستانی حکومت اپنی تمام تر کوششیں جاری رکھے گی تاکہ جاپان سے سیاحوں کی زیادہ سے زیادہ تعداد کو یقینی بنانے کے لیے ماحول سازگار بنایا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے دورے کے موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں صدر کے سی سی آئی افتخار احمد شیخ، سینئر نائب صدر الطاف اے غفار، نائب صدر تنویر احمد باری، چیئرمین ڈپلومیٹک مشنز اینڈ ایمبیسیز لائزن سب کمیٹی فاروق افضل، سابق صدر مجید عزیز اور کے سی سی آئی کی منیجنگ کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔

کے الیکٹرک نے واجبات کی عدم ادائیگی پر محکمہ ریلوے کے تمام شعبہ جات کی بجلی کاٹ دی

کراچی (این این آئی) کراچی الیکٹرک (کے الیکٹرک) نے واجبات کی عدم ادائیگی پر محکمہ ریلوے کے تمام شعبہ جات کی بجلی کاٹ دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی الیکٹرک (کے الیکٹرک) نے واجبات کی عدم ادائیگی پر محکمہ ریلوے کے تمام شعبوں کی بجلی کاٹ دی ہے، جس سے لوکوشیڈ میں کام بند ہو گیا ہے اور ٹرین آپریشن متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ اس حوالے سے ذرائع نے بتایا کہ کے الیکٹرک نے دو کروڑ روپے سے زائد واجبات کی عدم ادائیگی پر کراچی کینٹ اور سٹی اسٹیشنز کے علاوہ ریلوے کالونیوں کی بجلی بھی کاٹ دی ہے۔ بجلی کی عدم فراہمی کے باعث ریلوے بکنگ آفس، انجن لوکوشیڈ اور واشنگ لائن کا کام متاثر ہوا ہے



پشاور، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے بینک آف خیبر کے ایم ڈی حسن رضا ملاقات کر رہے ہیں

بھارت، مسلمان نوجوان گائے کا گوشت لے جانے کے شبہ میں قتل

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کی ریاست اتراکھنڈ میں مسلمان نوجوان کو پولیس نے گائے کا گوشت لے جانے کے شبہ میں قتل کر دیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق مسلمان نوجوان کو پولیس اہلکاروں نے شدید زدوکوب کا نشانہ بنانے کے بعد تالاب میں پھینک دیا

سندھ آفیسرز اینڈ سپرنٹنڈنٹ ایسوسی ایشن کی قلم چھوڑ ہڑتال

وزیر تعلیم سندھ جبری تبادلوں کے احکامات کو فوری واپس لیں، اجلاس میں مطالبہ

کراچی (این این آئی) آل سندھ آفیسرز اینڈ سپرنٹنڈنٹ ایسوسی ایشن نے محکمہ تعلیم میں ہونے والے جبری تبادلوں کیخلاف سندھ بھر میں ہنگامی اجلاس کیے اور غیر منصفانہ تبادلوں کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے اور ان تبادلوں کے خلاف قلم چھوڑ ہڑتال اور دفاتر کی تالہ بندی شروع کر دی، ایسوسی ایشن کے اجلاس کراچی، حیدرآباد، میرپورخاص، لاڑکانہ، شہید بینظیر آباد، سکھر اور لاڑکانہ ڈویژن میں ہوئے۔ اجلاس کے بعد جاری اعلامیے میں کہا گیا کہ وزیر تعلیم محکمے میں ہونے والے واقعات سے لاعلم ہیں

خسارے والے اداروں کی نجکاری اہم ترین، تیزی سے امور نمٹانے ہوں گے، عبدالعلیم خان

قومی معیشت پر پرائیویٹائزیشن کے مثبت اثرات، موڈیز کی ریٹنگ اس کا واضح ثبوت ہے، وفاقی وزیر نجکاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے نجکاری، سرمایہ کاری بورڈ اور مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ خسارے والے قومی اداروں کی نجکاری اہم ترین معاملہ ہے، جس کو قوانین وضوابط کے مطابق تیزی سے نمٹانا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملکی معیشت پر نجکاری کے عمل کے مثبت اثرات مرتب ہو رہے ہیں اور موڈیز کی ریٹنگ اس امر کا واضح ثبوت ہے۔ وفاقی وزیر برائے نجکاری عبدالعلیم خان پرائیویٹائزیشن کمیشن بورڈ کے 223 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں پی آئی اے روز ویلٹ ہوٹل سمیت نجکاری کے مختلف امور اور پہلوؤں پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کا کہنا تھا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ پرائیویٹائزیشن سے ملکی خزانے پر بوجھ کم ہوگا اسی لیے مزید ادارے بھی نجکاری کی فہرست میں شامل ہو رہے ہیں۔ انہوں نے بورڈ افسران کو ہدایت کی کہ پرائیویٹائزیشن کے عمل میں کہیں کوئی کوتاہی نہیں ہونی چاہیے،

بچے نے اسرائیلی میوزیم میں ساڑھے 3 ہزار سال قدیم نایاب جار توڑ دیا

تل ابیب (این این آئی) 4 سالہ بچے نے اسرائیلی میوزیم کا نقصان کر دیا، ساڑھے 3 ہزار سال قدیم نوادرات کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیے۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق اسرائیلی شہر حیفہ میں 4 سالہ بچہ اپنے والدین کے ہمراہ میوزیم کے دورے پر آیا تھا۔

کراچی تا خیبر تاریخی پرامن ہڑتال کرنے پر تاجر و صنعتکاروں کو مبارکباد، جوہر قندھاری

تجارتی مراکز مکمل طور پر بند، صنعتی پیداوار بھی 30 فیصد کم رہا، مطالبات منظور کئے جائیں، صدر کاٹی

کراچی (این این آئی) کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کے صدر جوہر قندھاری نے ملک بھر کی تاجر تنظیموں، صنعتی زونز اور چیمبر آف کامرس اور فیڈریشن کی جانب سے تاریخ میں پہلی مرتبہ کراچی تا خیبر پرامن مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس سے قبل پہلے اتنی پرامن اور کامیاب ہڑتال نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے تاجر و صنعتکاروں نے حکومت کو واضح پیغام دیا ہے کہ بزنس کمیونٹی متحد اور اپنے جائز مؤقف پر ڈٹی ہوئی ہے۔ ہڑتال سے ملک بھر کے تجارتی مراکز مکمل طور پر بند رہے،

جے یو آئی نے چھ کینالز منصوبے کے خلاف سندھو بچاؤ اور سندھ بچاؤ تحریک کا آغاز کر دیا

اگر اس منصوبے کو نہ روکا گیا تو احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا، مولانا نورالحق، قاضی فخرالحسن اور دیگر کی پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) جمعیت علما اسلام کے رہنماؤں مولانا نورالحق، قاضی فخرالحسن، مفتی محمد خالد اور دیگر نے پیر کو کراچی پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ چھ کینالز منصوبے کے خلاف جے یو آئی نے سندھو بچاؤ اور سندھ بچاؤ تحریک کا آغاز کر دیا ہے، اگر اس منصوبے کو نہ روکا گیا تو احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا۔ ان رہنماؤں نے کہا کہ جے یو آئی دریائے سندھ پر کینالوں کی تعمیر سندھ بھر میں بے امنی، کراچی میں بڑھتے ہوئے اسٹریٹ کرائمز، پانی کی عدم دستیابی ابلتے گٹر، گیس کی بندش اور بجلی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے مسائل کی شدید مذمت کرتی ہے۔ جمعیت علمائے اسلام سندھ کی جانب سے دریائے سندھ پر کینالوں کی تعمیر اور سندھ بھر میں بدامنی کے خلاف سندھو بچا سندھ بچا کے عنوان سے تحریک چلائی جا رہی ہے۔



خاران، صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



لاہور، صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق ایمرجنسی سروسز اکیڈمی میں ٹراما کیئر کورس کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ بولان حب

موبائل حب: 0336-6113760
فون حب: 0853-310202
فیکس حب: 0853-310202
موبائل کوئٹہ: 0300-8380280
موبائل اسلام آباد: 0309-7900035

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کمبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آر سی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

میرا ملک میری عزت

اس آدھے گھنٹے کی بارش نے تو دل ہی دہلا کر رکھ دیا تھا۔ خوف آ رہا تھا، حالاں کہ یہ تو اوپر والے کی رحمت ہے، لیکن کیا کریں کہ ہمارے شہر میں زیادہ دیر بارش ہم افورڈ ہی نہیں کر سکتے۔

یہاں کسی کو کیا پڑی ہے، سب کراچی کو لوٹ کر کھا رہے ہیں۔

بلکہ پورے ملک کو کھایا جا رہا ہے۔ ارے ہم کو ہی چن لیتے، کم از کم ہم پورے شہر کے حالات سے تو واقف ہیں) قہقہہ (میں تو سڑکیں پہلے بنواتی، ارے بہت فنڈز ہیں۔ پیسے کم نہیں ہیں۔

پہلے ہی بجلی، گیس سے پریشان ہیں ہم۔ مہنگائی نے کمر توڑ رکھی ہے۔

دو نوکری سے لوٹنے والی خواتین کی عام سی گفتگو، لیکن بڑی گہری اور شاید کسی حد تک سچی بھی، ہم ایک طویل عرصے سے سنتے آئے ہیں کہ پاکستان کی مالی حالت کمزور ہے لیکن اس کمزوری کے راستوں سے ہم گزرتے ہی رہے ہیں اور ہر بار ایک نیا راستہ دکھ، اذیت اور آنسوں کے پتھروں سے اٹا نظر آتا ہے۔

آج سے کچھ دن پہلے سوات میں بچوں، بڑوں اور جوانوں کی ایک ساتھ موت دیکھ کر پاکستان میں خوف و غم کی لہر اٹھی تھی۔ سب ہی چیخ اٹھے تھے، کنارے کے اس پار کھڑے ویڈیوز بناتے لوگوں پر بھی خوب تنقید ہوئی، ایک کے بعد ایک بیان تکلیف دہ اور قہر کا ساتھ۔ سوال اٹھتا ہے کہ کیا کبھی یہ اذیت کم ہو سکے گی؟

ہم بڑے بڑے عہد کرنے والوں کو دیکھ چکے ہیں، ایک کے بعد ایک ناموں کی تختیاں بدلتی جاتی ہیں لیکن سب کچھ ویسا ہی رہتا ہے۔ ایک کے بعد دوسرا اور دوسرے کے بعد تیسرے کندھے تک ذمے داریوں اور الجھنوں کے پوٹ کو دھکیلتے دھکیلتے ہم اس پوٹ کو چٹکی سے پکڑ کر دریا برد ہی تو کر دیتے ہیں کہ ہم اسی قابل ہیں۔ برف جیسے جذبات رکھنے والے۔

ہمارے ملک میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں ہے، جوش بھی ہے، عقل بھی ہے لیکن عہدہ ملتے ہی سب دھندلا پڑ جاتا ہے۔ ابھی چند برسوں پہلے کی بات ہے، بارش نے جو شور بپا کیا تھا، نالوں میں طغیانی اور سڑکیں دریا بن گئی تھیں۔ تب بھی محلوں سے گزرنے والے نالوں نے بھی کئی جانوں کو نگلا تھا۔ ایک عرصے تک سفید اور پیلی حفاظتی پٹیوں نے ایک حفاظتی جنگلوں کے ساتھ کچھ سڑکوں کا محاصرہ کر رکھا تھا اور پھر سب کچھ بیٹھتا گیا۔ گرد بیٹھ گئی اور وقت گزر گیا۔ نالوں میں کچرا بھرتا گیا، ان کو بھرنے کا کام اگر عوام اور سرکاری اداروں کے عہدیداران کرتے ہیں تو ان کی طرف سے غفلت برتنے کا کام بھی عوام اور سرکاری ادارے ہی کرتے ہیں یہاں تک کہ نشئی اور مخصوص مافیا والے ناموں اور اس کے ارد گرد کی حفاظتی منڈیروں سے لوہا، سریا تک کھینچ لیتے ہیں اور کون ہے ان نشے میں ڈوبے لوگوں کو روکنے والا۔ اگر انڈیا ہمارا دشمن ہے تو یہ نشئی اور خاص مافیا کیا ہمارے دوست ہیں؟

بات پھر کسی اور جانب چل نکلی ہے۔ غفلت برتنے میں ہم سب آگے آگے رہتے ہیں کہ یہ میرا شہر ہی نہیں ہے، میں تو یہاں کھانے کمانے آیا ہوں، مجھے اس سے کیا، میرا شہر تو دور کہیں ہے۔ وہ دور سندھ، پنجاب، بلوچستان اور خیبر پختونخوا ہوتا ہے، بس کہانی چلتی رہتی ہے۔

پچھلے چند برسوں میں بھی سنا تھا کہ خزانہ بھر کر فنڈز ملے تھے پھر سب کہاں گئے؟ اب اس سال بھی سنا تو ہے کہ پیسہ بہت ہے، ملک بھر کا حال یہی ہے۔ ایک سیاح خاندان سیر و تفریح کے لیے نکلتا ہے، اپنا پیسہ خرچ کرتا ہے لیکن جب دریا کے بیچ پھنس جاتا ہے تو بس دہائیاں دیتا ہی رہ جاتا ہے۔ ریسکیو والا آیا بھی تو غریب کے پاس ایک رسی بھی نہ تھی بچانے کے واسطے۔ خود ملاحظہ کر لیں، پچھلے دنوں کی ویڈیو۔ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ پندرہ منٹ نہیں تو ایک آدھ گھنٹے میں ہی ریسکیو کے لیے ہیلی کاپٹر آتا تھا، ایک دو نہیں اٹھارہ انیس انسانوں کی جان کا معاملہ تھا۔ پر جناب! کہاں، ہم ایک دوسرے کو اپنی غربت کی کہانیاں سنا رہے ہیں۔ کیا متعلقہ ڈسٹرکٹ میں واقعی فوری طور پر ایسا کچھ بھی نہ تھا، یا صوبے میں؟ کیا واقعی عوام کی جان فوری طور پر بچانے کے لیے ہمارے خالی خزانے منہ چڑا رہے ہیں؟

ابھی چند دنوں پہلے ہی کی خبر ہے، جب خیبر پختونخوا میں گزشتہ اور حالیہ سال کے دوران اربوں روپے کی بے ضابطگیوں اور کرپشن کا سنگین انکشاف سامنے آیا ہے۔ 147 ارب اٹھارہ کروڑ روپوں کی بے ضابطگی۔ خدا کا خوف۔۔۔ صرف یہی نہیں، دوسرے چھوٹے صوبے کے متعلق بھی ایسی ہی کرپشن کی رپورٹ نظر سے گزری۔ ٹن بلین ٹری سونامی پروگرام بلوچستان کے حوالے سے 16 ارب 80 کروڑ روپوں کی بے قاعدگیاں۔ ہمارے چھوٹے صوبے کرپشن کے حوالوں سے کچھ پیچھے نہیں، اب بڑوں کو کیا کہیں۔ کسی نے کہا جناب! چھوٹوں کی بات نہ کریں، یہاں فنڈز تو بہت ہوتے ہیں پر کام زیرو فی صد بھی نہیں ہوتے۔ یہ ساری خبریں، سارے دعوے بے بنیاد، سب رپورٹیں جھوٹی ہیں اور حقیقت جو چیخ چیخ کر بتا رہی ہے

ایچ ای سی کی ناقص کارکردگی

اعلیٰ تعلیم کا شعبہ بھی زبوں حالی کا شکار ہے۔ وفاقی کابینہ کے دانشور رکن پروفیسر احسن اقبال نے یہ سوال اٹھایا ہے کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) کو ہر سال ایک خطیر رقم یونیورسٹیوں کی ترقی کے لیے دی جاتی ہے۔

موجودہ مالیاتی سال میں ایچ ای سی کو 450 بلین روپے ترقیاتی منصوبوں کے لیے دیے گئے مگر ایچ ای سی کی کارکردگی مایوس کن ہے۔ پروفیسر احسن اقبال نے وزیر اعظم کے نام ایک خط میں جو ذرائع ابلاغ کو بھی مہیا کیا گیا ہے میں ایک تجویز پیش کی ہے کہ اس صورتحال میں ایچ ای سی کی پوری لیڈر شپ کو رخصت کیا جائے اور ایسی ٹیم تلاش کی جائے جو دنیا کے وژن کے مطابق یونیورسٹیوں کو آنے والے چیلنجز سے نبرد آزما کرنے کے لیے رہنمائی کا فریضہ انجام دے سکے۔

ذرائع ابلاغ پر شائع ہونے والی خبروں سے ظاہر ہوتا ہے کہ ایچ ای سی کے موجودہ چیئرمین ڈاکٹر مختار کا معاہدہ دو ماہ قبل ختم ہوا تھا۔ پروفیسر احسن اقبال کی سفارش پر وزیر اعظم نے ڈاکٹر مختار احمد کی ملازمت میں مزید ایک سال کی توسیع پر اتفاق کیا۔ احسن اقبال نے اپنے خط میں انتہائی اہم سوالات اٹھائے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں کہ اگر فوری طور پر ایچ ای سی کی قیادت کو رخصت نہ کیا گیا تو 44 بلین روپے سے تیار ہونے والے 66 پروجیکٹ سے مطلوبہ نتائج حاصل نہیں ہو سکتے۔ احسن اقبال نے اپنے خط میں ایک انتہائی اہم نکتہ اٹھایا ہے کہ ملک کی دو تہائی آبادی کی عمریں 30 سال سے کم ہیں، ان نوجوانوں کو معیاری تعلیم کی ضرورت ہے تاکہ انھیں روزگار میسر آ سکے۔

انھوں نے معزز وزیر اعظم کو یاد دلایا ہے کہ نوجوان نسل کو معیاری تعلیم نہ ملی تو بے روزگاری کا تناسب بڑھ جائے گا اور ملک ایک اور بحران کا شکار ہو سکتا ہے۔ موصوف نے اپنے خط میں پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈیولپمنٹ اکنامکس کی رپورٹ کے حوالے دیتے ہوئے لکھا ہے کہ ملک کی یونیورسٹیوں سے فارغ التحصیل ہونے والے 31 فیصد کے قریب نوجوان بے روزگار ہیں۔ احسن اقبال گریجویٹ نوجوانوں میں بے روزگاری کی وجوہات بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ یونیورسٹیوں میں تدریس کے لیے استعمال ہونے والا نصاب انتہائی فرسودہ ہے۔ یہ ڈگری یافتہ نوجوان جن میں امتیازی نمبر حاصل کرنے والے بھی شامل ہوتے ہیں، صنعتوں کے لیے کسی کام کے نہیں ہوتے۔ ملک کی یونیورسٹیوں میں ناقص تعلیم دی جاتی ہے۔

ریسرچ کا معیار انتہائی پسماندہ ہے۔ ملک بھر کی سرکاری یونیورسٹیوں میں انتظامی نظم و نسق کا فقدان ہے اور یونیورسٹیوں کو ملنے والی گرانٹ اور یونیورسٹی کی کارکردگی کا باہمی تعلق خاصا کمزور ہے۔ احسن اقبال نے اپنے خط میں مزید لکھا ہے کہ مسلم لیگ ن کی حکومت نے برسر اقتدار آنے کے بعد ایچ ای سی کی فنڈنگ میں خاطر خواہ اضافہ کیا تھا جس کے نتیجے میں ڈیولپمنٹ بجٹ 446 بلین تک پہنچ گیا۔ یہ بجٹ اس سے قبل 314 بلین کے قریب تھا۔ ایچ ای سی کے بجٹ میں یہ ایک خاطر خواہ اضافہ تھا۔ انھوں نے یونیورسٹیوں کے ریسرچ کلچر کی خامیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اساتذہ اور ریسرچ Curriculum Vitae (C.V) میں نئے

تحریر: مولانا نثار المصطفیٰ

کارناموں کا اضافہ کرنے کے لیے پی ایچ ڈی کی ڈگری لیتے ہیں اور ریسرچ پیپر لکھتے ہیں تاکہ ترقی کی شرائط کو پورا کیا جا سکے۔

انھوں نے اپنے اس خط میں ایک اور اہم نکتہ یہ بھی اٹھایا ہے کہ 28 ہزار کے قریب پاکستانی طلبہ چین کی یونیورسٹیوں میں زیرِ تعلیم ہیں مگر ایچ ای سی کے ماہرین سی پیک کے مختلف منصوبوں کی ضروریات سے ناواقف ہیں۔ اسی طرح امریکا، پاکستان نالج کاریڈور U.S Pakistan Knowledge Corridor کے بارے میں حکمت عملی تیار کرنے پر کوئی توجہ نہیں دی جا رہی۔ احسن اقبال نے اپنے خط میں یہ الزام لگایا ہے کہ ایچ ای سی کے سینئر افسروں کے تقرر میں اقربا پروری کا عنصر واضح طور پر نظر آتا ہے۔ انھوں نے لکھا ہے کہ فیڈرل پبلک سروس کمیشن (F.P.S.C) اپنی رپورٹوں میں یونیورسٹیوں سے فارغ التحصیل نوجوانوں کی معلومات پر عدم اعتماد کا اظہار کرتا رہا ہے اور کمیشن کے مقابلے کے امتحان میں صرف 1.94 فیصد طلبہ پاس ہو سکے۔

گزشتہ سال کے امتحانات میں 20 ہزار امیدوار شریک تھے اور صرف 393 امیدوار مطلوبہ قابلیت کے معیار پر پورے اترے۔ پاکستان میں شعبہ تعلیم کو ابتدا سے ہی نظر انداز کیا گیا۔ پہلے سرکاری یونیورسٹیاں وفاقی وزارت تعلیم سے کنٹرول ہوتی تھیں۔ پہلے منتخب وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کی تعلیمی پالیسی کے تحت یونیورسٹی گرانٹ کمیشن قائم ہوا اور یونیورسٹیوں کے ڈھانچے میں بنیادی تبدیلیاں کی گئیں مگر تعلیمی بجٹ جی ڈی پی کے 2 فیصد کے قریب بھی نہیں پہنچ سکا۔ پہلے کولمبو پلان کے تحت یونیورسٹیوں کو گرانٹ ملی تھی پھر امریکا اور یورپی ممالک کے کنورشیم سے گرانٹ ملنے لگی۔ یہی وجہ ہے کہ بہت محدود یونیورسٹیاں قائم ہوئیں۔ جدید تقاضوں کے مطابق یونیورسٹیوں کی تنظیم نو ہوئی۔

جنرل پرویز مشرف کے دور میں ہائر ایجوکیشن کمیشن قائم ہوا۔ عالمی بینک نے دنیا بھر میں اعلیٰ تعلیم کے لیے گرانٹ دینے کا سلسلہ شروع کیا، یوں ایچ ای سی کے پہلے چیئرمین ڈاکٹر عطا الرحمٰن کے دور میں نئی یونیورسٹیاں قائم ہوئیں اور یونیورسٹیوں کے انفرا اسٹرکچر میں تبدیلیاں آئیں۔ ایچ ای سی نے یونیورسٹیوں کے نصاب میں تبدیلیاں کیں اور بہت سے نئے مضامین رائج ہوئے۔ اسی دوران بی ایس، ایم ایس اور پی ایچ ڈی کے بہت سے کورس شروع ہوئے مگر انتہا پسندی اور رجعت پسندی کا سایہ یونیورسٹیوں پر برقرار رہا۔ سوشل سائنس، مذہبی تعلیمات کے نصاب کا تو ذکر کیا انجینئرنگ، میڈیکل، زراعت، فزیکل سائنس اور میڈیکل سائنس کے نصاب میں دنیا کی دیگر یونیورسٹیوں کے مطابق ترتیب نہیں دیے گئے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ اس انتہا پسندی اور رجعت پسندی کو تقویت دینے میں سیاسی جماعتوں کی قیادت کا بھی بڑا حصہ تھا۔

سائنٹیفک ذہن رکھنے والے پروفیسر اور وائس چانسلر مقرر نہیں کیے گئے، یوں حقیقی طور پر ریسرچ کلچر کا ارتقا نہ ہوا۔ فنڈز کی کمی کی بنا پر محققین کو تحقیق کرنے میں مسلسل مشکلات کا سامنا رہا۔ کراچی یونیورسٹیوں کے سائنس فیکلٹی کے اساتذہ کا کہنا ہے کہ لیب میں ریسرچ پیپر پر کام کرنے والے طلبہ ذاتی پیسوں سے کیمیکل خریدنے پر مجبور ہیں۔ ریسرچ جرنل کا شدید بحران آیا۔ طالب علموں کے لیے پیسے دے کر ریسرچ پیپر شایع کرانے کے علاوہ کوئی اور راستہ نہ رہا۔ تعلیم کے معیار کو بہتر کرنے کے لیے بھارت سے بہت کچھ سیکھا جا سکتا ہے۔ بھارت کی یونیورسٹیاں عالمی معیار کے مطابق ہیں۔ سوشل سائنسز میں تحقیق کے لیے تو بھارت کی یونیورسٹیوں میں اساتذہ اور محققین زیادہ فائدہ مند ہو سکتے ہیں مگر ایچ ای سی نے حکومت کے دباؤ پر بھارت سے روابط منقطع کر دیے۔ ریسرچ کے ماحول میں ترویج کے لیے یونیورسٹی میں صرف گرانٹ بڑھانے سے مسئلہ حل نہیں ہوگا بلکہ سائنٹیفک کلچر کا ارتقا بھی ضروری ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر عبدالجبار خان محقق و ممتاز صحافی نے ایچ ای سی کی تباہی کا ذکر کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ اعلیٰ تعلیمی شعبہ میں بنیادی تبدیلیاں لائی جائیں۔ انھوں نے کہا کہ وفاقی وزیر احسن اقبال کو بہت پہلے سے ذمے داران کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے بعد فوراً اصلاحات متعارف کرانا ضروری تھا مگر ایسا نہیں کیا گیا، بہت زیادہ نقصان پہنچایا گیا ہے، تاہم ابھی بھی اسٹرکچرل اصلاحات کے حوالے سے اقدامات کیے جائیں، جس کے لیے نئی ٹیم کو لانا بنیادی قدم ہوگا۔

برسر اقتدار حکومتوں نے یونیورسٹیوں کی تباہ حالی میں بھی اہم کردار ادا کیا ہے۔ پورے ملک کی یونیورسٹیاں انتظامی اور تعلیمی بحران میں مبتلا رہتی ہیں، جب کوئی وائس چانسلر رخصت ہو جاتا ہے تو برسوں نئے وائس چانسلر کا تقرر نہیں ہوتا۔ یہ صورتحال چاروں صوبوں میں ہے۔ بلوچستان کی یونیورسٹیوں کے اساتذہ تنخواہوں کی ادائیگی کے لیے احتجاج کر رہے ہیں جب کہ وفاق کی اردو یونیورسٹی کے ریٹائرڈ اساتذہ پنشن و دیگر واجبات سے محروم ہیں۔

گزشتہ 77 برسوں کے دوران کبھی کسی سیاست دان خاص طور پر کسی وزیر نے اعلیٰ تعلیم کے معاملے میں اتنی دلچسپی نہیں لی، جتنی احسن اقبال صاحب نے لی ہے، وہ مبارکباد کے مستحق ہیں مگر اب ضروری ہے کہ اس رپورٹ کو یونیورسٹیوں کی اکیڈمک کونسل میں پیش کیا جائے اور اساتذہ اس خط کا تنقیدی جائزہ لیں۔ طلبہ سے بھی رائے حاصل کرنے کے لیے طریقہ کار وضع کیا جائے اور ملک بھر کے سینئر اساتذہ اور وائس چانسلروں کی کانفرنس کا انعقاد کیا جائے۔ یہ رپورٹ پارلیمنٹ میں بھی پیش کی جائے تاکہ تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے ایک جامع پالیسی تیار کی جائے۔

☆☆☆☆☆☆

ختم نبوت کی چوکیداری مبارک

دورِ نبوی سے لے کر آج تک ہر دور میں مسلمان اللہ کی وحدانیت اور حضور ﷺ کی ختم نبوت کے عقیدے پر جذباتی اور مر مٹنے کے لیے ہمہ وقت تیار رہے ہیں اور عالم کفر کی کوشش رہی کہ کسی طرح مسلمانوں کا اللہ پر یقین کمزور اور عقیدہ ختم نبوت پر زد آ جائے۔ حضور کی ذات با برکات اور عقیدہ ختم نبوت مسلمانوں کا وہ بنیادی سرمایہ حیات ہے جس کے بغیر مسلمان، مسلمان نہیں رہتا۔ سلسلہ نبوت جو حضرت آدم علیہ السلام سے شروع ہوا تھا، وہ آنحضرت پر ختم کر دیا گیا۔ آپ اللہ کے آخری نبی ہیں، آپ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔ آپ کی امت آخری امت ہے اس کے بعد کوئی امت نہیں ہوگی، آپ پر جو کتاب) قرآن کریم (نازل ہوئی وہ آخری کتاب ہے۔

یہ عقیدہ ختم نبوت کہلاتا ہے۔ عقیدہ ختم نبوت اسلام کے بنیادی عقیدہ، بنیاد اور اساس ہے، اس پر ایمان لانا اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور نبی اکرم کی رسالت پر ایمان لانے جیسا ضروری ہے۔ حضور اکرم کی ختم نبوت پر ایمان لائے بغیر کوئی شخص مسلمان ہو ہی نہیں سکتا۔ یہ عقیدہ قرآن کریم کی سو سے زائد آیات اور دو سو احادیث سے ثابت ہے، امت کا سب سے پہلا اجماع بھی اسی پر ہوا، ختم نبوت کا مسئلہ اسلامی تاریخ کے کسی دور میں مشکوک اور مشتبہ نہیں رہا اور نہ ہی کبھی اس پر بحث کی ضرورت سمجھی گئی، بلکہ ہر دور میں متفقہ طور پر اس پر نہ صرف ایمان لانا ضروری بلکہ اس عقیدے کا تحفظ بھی ایمانی غیرت کا تقاضا سمجھا گیا۔

نبی رحمت کی پیش گوئی کے مطابق مختلف ادوار میں جھوٹے مدعیان نبوت کھڑے ہوئے اور ذلت و رسوائی سمیٹ کر صفحہ ہستی سے مٹ گئے اور آقا کریم کی ختم نبوت کا چمکتا تاج ہر دور میں بلند اور تا قیامت بلند رہے گا۔ ہمارے ہاں بھی اسوہ نبوی اور صحابہ کرام کے نقش قدم پر چلتے ہوئے علمائے حق جھوٹے دعویٰ نبوت کے خلاف میدان عمل میں آئے اور مسلمانوں نے ان علما حق اور مشائخ عظام کی قیادت میں عقیدہ ختم نبوت کے لیے لازوال قربانیاں دیں، جانوں کے نذرانے دیے، ماریں کھائیں، قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں مگر آقا کریم کی ختم نبوت پر ڈاکا برداشت نہیں کیا۔

اس کے لیے 1953 میں تحریک چلی، جس میں یہی بنیادی مطالبہ تھا کہ آقا کریم کی ختم نبوت پر ایمان نہ رکھنے والوں کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں، انھیں غیر مسلم اقلیت قرار دیا جائے۔ 1973 میں ایک بار پھر بھرپور ملک گیر تحریک چلی اور تمام مکاتب فکر کے مسلمانوں کا یک آواز ایک ہی مطالبہ تھا کہ منکرین ختم نبوت کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا جائے۔ نصرت الٰہی سے اس مطالبے نے زور پکڑا، تاریخی اور بے مثال تحریک چلی، پوری قوم اس مسئلے پر متفق تھی، چنانچہ یہ تحریک 7 ستمبر کے تاریخ ساز آئینی فیصلے پر منتج ہوئی۔ 7 ستمبر 1974 کو قومی اسمبلی کا اجلاس ہوا جس میں وہ تاریخی بل منظور کیا گیا۔

قومی اسمبلی نے متفقہ طور پر قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دے دیا۔ یہ ایک تاریخ ساز فیصلہ تھا۔ جس کا سہرا حضرت مفتی محمود، مولانا غلام غوث ہزاروی، مولانا عبدالحق، مولانا شاہ احمد نورانی اور قومی اسمبلی میں موجود دیگر اکابرین کے سر جاتا ہے۔ اس کا کریڈٹ اس وقت کے وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو اور تمام اراکین پارلیمنٹ کو بھی جاتا ہے کہ انھوں نے اس گروہ کو متفقہ اور دستوری طور پر غیر مسلم اقلیت قرار دے دیا۔ اس فیصلے کو 50 سال گزر چکے ہیں، الحمدللہ 7 ستمبر 1974 سے 22 اگست 2024 تک مسلمانان پاکستان نے پارلیمنٹ کے اس تاریخ ساز فیصلے پر پہرہ دیا اور سچے عاشقان مصطفیٰ ہونے کا عملی ثبوت دیا۔ 22 اگست 2024 کو سپریم کورٹ آف پاکستان نے مبارک ثانی کیس کے اپنے ہی فیصلے سے رجوع کیا اور متنازع فیصلے کو قرآن و سنت اور آئین پاکستان کی روشنی میں درست کیا۔

اس پر آگے تفصیل سے بات کرتے ہیں، سر دست آپ کو یہ بتاتے چلیں کہ امسال مسلمانان پاکستان 7 ستمبر 1974 کے تاریخ ساز فیصلے کی گولڈن جوبلی منا رہے ہیں۔ ملک گیر سطح پر ختم نبوت کے عنوان پر سیمینارز اور کانفرنسیں شروع ہیں، اس سلسلے میں سب سے بڑا اجتماع جمعیت علمائے اسلام پاکستان اور عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام مینار پاکستان پر تاریخ ساز ختم نبوت کانفرنس ہونے جا رہی ہے، جس میں مولانا مفتی محمود کے فرزند اور عقیدہ ختم نبوت کے چوکیدار اعلیٰ مولانا فضل الرحمٰن، مجلس کے عالمی امیر مولانا پیر ناصر الدین خاکوانی، مولانا اللہ وسایا اور تمام مکاتب فکر کی نمائندہ جماعتوں کے جید اکابرین خطاب کریں گے۔

پورے ملک میں اس کانفرنس کی تیاریاں جاری ہیں، چاروں صوبوں سے لاکھوں عاشقان ختم المرسلین جوق در جوق شریک ہوں گے۔ 22 اگست کے فیصلے کے بعد اس کانفرنس کی اہمیت اور عوام میں جوش مزید بڑھ گیا ہے۔ اس اجتماع کے ذریعے جہاں 7 ستمبر 1974 کے تاریخ ساز فیصلے کی گولڈن جوبلی منائی جائے گی، وہاں 22 اگست 2024 کے تاریخ ساز فیصلے پر یوم الفتح منایا جائے گا۔

قارئین اس بات سے واقف ہیں کہ مبارک ثانی کیس میں سپریم کورٹ نے پہلے 6 فروری کو اور بعد ازاں 24 جولائی کو فیصلے سنائے، ملک بھر کی دینی و سیاسی جماعتوں نے ان فیصلوں کے بعض نکات پر اعتراض کیا اور انھیں قرآن و سنت اور آئین و قانون سے متصادم قرار دیا۔ اس ایشو پر ملک گیر احتجاجی مظاہروں نے زور پکڑ لیا تھا، بات شہروں اور شاہراہوں تک محدود نہیں رہی تھی، پاکستان کی پارلیمان کے اندر بھی شدید بے چینی پائی گئی، جہاں حکومت سمیت تمام دینی و سیاسی جماعتوں کے اراکین نے بھی احتجاج کیا تھا، پارلیمنٹ میں قرارداد بھی پاس ہوئی۔ وفاق ہی نہیں پنجاب حکومت بھی حرکت میں آئی اور اس فیصلے پر نظر ثانی کی درخواست کی گئی۔ متفرق درخواستوں میں بعض جید علمائے کرام کا نام لے کر عدالت سے استدعا کی گئی تھی کہ اس مقدمہ کی تشریح کرتے وقت ان کی آرا کو مدنظر رکھا جائے، عدالت نے اس درخواست کو سماعت کے لیے منظور کرتے ہوئے ان علمائے کرام کو نوٹسز جاری کیے۔

24 جولائی کو سپریم کورٹ میں سماعت شروع ہوئی، عدالت کی معاونت کے لیے مولانا فضل الرحمٰن، مفتی شیر محمد خان، مولانا محمد طیب قریشی، صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر اور مولانا ڈاکٹر عطاء الرحمٰن ذاتی طور پر پیش ہوئے جب کہ مفتی تقی عثمانی ترکیہ سے وڈیو لنک کے ذریعے پیش ہوئے اور عدالت کی معاونت کرتے ہوئے عقیدہ ختم نبوت کی چوکیداری کا حق ادا کر دیا۔ شیخ الاسلام مولانا تقی عثمانی نے عدالت کی توجہ فیصلے کے متنازع نکات کی طرف دلائی، متنازع پیراگرافس حذف کرنے کا مطالبہ کیا۔ مولانا فضل الرحمٰن نے مفتی تقی عثمانی کے تمام نکات کی تائید کی۔ مولانا نے کہا کہ آج میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ختم نبوت کے لیے یہاں کھڑا ہوں۔

78 سال میں پہلی بار ختم نبوت کے مسئلے پر عدالت میں کھڑا ہونا میرے لیے بہت بڑا اعزاز ہے۔ صاحبزادہ ابوالخیر زبیر نے کہا کہ چیف جسٹس صاحب اپنے فیصلے کا پیراگراف نمبر 42 حذف کر دیں۔ تمام اکابرین نے قرآن و سنت اور آئین و قانون کی روشنی میں ٹھوس دلائل دیے۔

نیویارک میں ہڈ حرامی

برٹرینڈ رسل ہماری نسل کا استاد تھا ہم لوگوں نے بچپن میں اس کا ایک آرٹیکل پڑھا تھا کنکویسٹ آف ہیپی نیس اس میں رسل نے بتایا تھا انسان کو صرف ایک ہی چیز سے خوشی ملتی ہے اور وہ ہے کام آپ جتنا کام کرتے جائیں گے آپ کا دل خوشی سے اتنا ہی لبریز ہوتا جائے گا اس کا کہنا تھا وقت کے زیاں اور سستی سے اداسی جنم لیتی ہے اور یہ انسان کو تباہ کر دیتی ہے میں نے یہ بات پلے باندھ لی اور اندھا دھند کام شروع کر دیا کام کی اس زیادتی نے میرا ڈی این اے بدل دیا اور میں اب کام کے بغیر نہیں رہ سکتا آپ یہ جان کر حیران ہوں گے میں بیمار بھی صرف چھٹی کے دن ہوتا ہوں کام کے دنوں میں صرف اور صرف کام ہوتا ہے۔

اس کا فائدہ بھی ہوا اللہ تعالیٰ نے محتاجی اور تنگی سے بچا لیا خواہشات کی تکمیل کے لیے وسائل فراہم کر دیے اور دوسروں کی مدد کی اہلیت بھی بخشی لیکن اس کا ایک نقصان بھی ہوا اور وہ یہ ہے کہ میں کچھ زیادہ ہی پریکٹیکل ہو گیا ہوں مجھ سے اب فضول گفتگو برداشت نہیں ہوتی جہاں بھی بات کی مکھی بات پر بٹھانے کی کوشش دیکھتا ہوں وہاں سے غائب ہو جاتا ہوں یا پھر چپ چاپ سنتا رہتا ہوں اور اس سے ظاہر ہے دوسروں کے ساتھ تعلقات خراب ہو جاتے ہیں تاہم نیویارک میں میرے پاس کوئی کام نہیں تھا

میں زندگی میں پہلی بار کسی ایک جگہ ٹک کر نو دن رہا ایک ہی ہوٹل ایک ہی کمرے میں نو دن گزارے صبح اٹھتا تھا ناشتہ کرتا تھا اور نہا دھو کر اسٹریٹ 14 چلا جاتا تھا وہاں کسی فوڈ کارٹ یا ریسٹوران سے لنچ کرتا تھا 10 ایونیو سے ون ایونیو تک جاتا تھا کسی نہ کسی سایہ دار جگہ پر بیٹھ کر کافی پیتا تھا اور شام کو ہوٹل واپس آ جاتا تھا کھانا تلاش کرتا تھا دریائے ہڈسن کے کنارے واک کرتا تھا دریا کی دوسری جانب مین ہیٹن کی عمارتوں کی روشنیاں دیکھتا تھا اور واپس آ کر سو جاتا تھا میں اس وسیع ہڈ حرامی سے اس نتیجے پر پہنچا ہوں کام کرنے کا بھی مزا ہے لیکن جو مزا حرام خوری میں ہے اس کا کوئی جواب نہیں بس آپ کی جیب میں پیسے ہونے چاہییں آپ بزنس کلاس اچھا ہوٹل اور اچھے ریستوران افورڈ کر سکتے ہوں اور آپ نیویارک جیسے شہر میں کسی بھی جانب نکل سکتے ہوں اور تھیٹرز اور میوزیمز انجوائے کر سکتے ہوں آپ کو اللہ سے اور کیا چاہیے؟ چناں

تحریر: جاوید چوہدری

چہ آپ یقین کریں میں نے جی بھر کر حرام خوری انجوائے کی اس دوران دو تین مرتبہ شکور عالم صاحب نے بھی مجھے جوائن کیا۔

شکور عالم نیویارک سے دو گھنٹے کی ڈرائیو پر نیوجرسی کے ایک پرسکون ٹاؤن میں رہتے ہیں ان کے ارد گرد آلو بخارے خوبانی سیب اور آڑو کے ایکڑوں پر پھیلے باغات ہیں شکور صاحب اپنی بیگم کے ساتھ ان باغوں میں رہتے ہیں بچے شادی شدہ ہیں اپنے اپنے کام کرتے ہیں اور اپنے اپنے گھروں میں رہتے ہیں ایک بیٹا ان کے ساتھ رہتا ہے لیکن وہ بھی اکثر دورے پر ہوتا ہے چناں چہ شکور صاحب اپنی بیگم کے ہاتھوں کے پکے کھانے کھاتے ہیں اور ان کی تعریف کر کے دن گزار دیتے ہیں یہ 86 سال کی عمر میں مجھے کمپنی دینے کے لیے نیویارک آ جاتے تھے اور میں ان کے ساتھ یونین اسکوائر میں بیٹھ کر ان کی زندگی کے سبق سنتا رہتا تھا اس دوران دو اور پاکستانی خاندانوں سے بھی ملاقات ہوئی سید وسیم مہدی گجرات کے رہنے والے ہیں ریڈیو پاکستان میں انجینئر تھے 1990 کی دہائی میں امریکا آئے اور بڑی محنت سے اپنا مقام بنایا یہ نیوجرسی کے ٹاؤن اوشن میں رہتے ہیں ان کا گھر بہت خوب صورت مقام پر ہے پورے علاقے میں ہرن پھرتے رہتے ہیں۔

ان کے بچے بھی اپنے اپنے کام کر رہے ہیں اور واشنگٹن میں رہتے ہیں یہ دونوں میاں بیوی بھی اکیلے ہیں مہدی صاحب ہمارے ساتھ سفر کرتے رہتے ہیں یہ میرے پاس تشریف لائے اور مجھے زبردستی اپنے گھر لے گئے مجھے ایک رات ان کے ساتھ رہنے کا موقع ملا دونوں میاں بیوی نے جی جان سے خدمت کی مہدی صاحب قدرتی بزنس مین ہیں دنیا کے دھکے بھی کھا چکے ہیں چناں چہ میں نے ان کی کمپنی بہت انجوائے کی انھوں نے مجھے پورا علاقہ دکھایا ہم نیوجرسی کے ایڈونچر پارک بھی گئے امریکا میں چھ بڑے ایڈونچر پارکس ہیں یہ 6 فلیگز (Flags) کہلاتے ہیں ان میں سے ایک نیوجرسی میں ہے اس کے تین حصے ہیں واٹر پارک سفاری اور رائیڈز واٹر پارک کے لیے ہمارے پاس کپڑے نہیں تھے دوسرا ہم دونوں فطرتاً پانی کے جانور نہیں ہیں لہٰذا ہم وہاں نہیں گئے میں زندگی میں بے شمار رائیڈز بھی بھگتا چکا ہوں پیچھے رہ گیا سفاری پارک ہم نے اسے خوب انجوائے کیا پارک کی انتظامیہ سفاری کے لیے لوگوں کو ٹرکوں میں بٹھا کر جنگل میں لے جاتی ہے جہاں مختلف قسم کے جانور کھلے پھر رہے ہوتے ہیں۔

وہاں ہر قسم کی بھینسیں بھی موجود تھیں انھیں دیکھ کر جی خوش ہو گیا واقعی بھینس اور گجروں کا آپس میں کوئی نہ کوئی کنکشن موجود ہے میرے تیسرے ملاقاتی ایک کرسچین پاکستانی فیملی تھی نوید سنی مجھے اکثر میسج کرتے رہتے تھے یہ بھی اپنی بیگم کے ساتھ نیوجرسی میں رہتے ہیں میں نے انھیں بھی اسٹریٹ 14 بلا لیا یہ اپنی بیگم مونا کے ساتھ تشریف لائے دونوں بہت شان دار ہیں نوید صاحب لاہور سے تعلق رکھتے ہیں بڑی مشکل سے یورپ پہنچے اسپین میں کام کرتے رہے اور وہاں سے امریکا آ گئے یہ خاندان کے واحد کفیل تھے یہ اپنے بہن بھائیوں کو امریکا لے کر آئے ان کی شادیاں کیں اور انھیں اپنے اپنے گھروں میں آباد کیا ان کی بیگم نے بھی اپنے خاندان کے لیے بے تحاشا قربانیاں دیں یہ لوگ ذمے داریوں کی وجہ سے بچے کی نعمت سے بھی محروم رہے لیکن یہ اب بڑی جدوجہد کے بعد اپنی فیملی اسٹارٹ کر رہے ہیں نوید صاحب انشورنس میں کام کرتے ہیں جب کہ ان کی بیگم بیوٹیشن ہیں دونوں میاں بیوی بہت اچھے ہیں مجھے ان کے ساتھ ڈنر کا موقع بھی ملا اور ان کی زندگی کے اتار چڑھاؤ سننے کا بھی یہ مجھے جیکسن ہائیٹس کے علاقے میں بھی لے کر گئے۔

یہ نیویارک کا راجہ بازار ہے پورے علاقے میں دیسی آباد ہیں ہر طرف بنگالی انڈین پاکستانی اور سری لنکن دکھائی دیتے ہیں چناں چہ وہاں دیسی قسم کی ہڑبونگ افراتفری اور بدنظمی تھی وہاں قلفی بھی بک رہی تھی

شاعری سے سیاست میں آنیوالا بھارتی

آج کل سوشل میڈیا پر بھارت کے مشہور نوجوان شاعر عمران پرتاب گڑھی کی سیاست کا بڑا چرچہ ہے جو اس کم عمری میں ہی بھارتی پارلیمنٹ راجیہ سبھا کے کانگریس کے منتخب رکن ہیں اور دنیا بھر میں اپنی منفرد شاعری منوانے کے بعد بھارتی سیاست میں تیزی سے ابھرے ہیں اور بھارت میں پارلیمنٹ میں کی گئی اپنی تقاریر کے باعث مشہور ہو رہے ہیں اور بی جے پی کے سینے پر مونگ دل رہے ہیں اور متعدد بھارتی ٹی وی چینلز پر دلیری سے اپنے نظریات کا پرچار کر رہے ہیں اور ان کی شاعری اور سیاست کا محور صرف محبت ہے اور وہ نفرت کے بجائے محبت کو فروغ دینے کے لیے کوشاں ہیں اور بھارت ہی میں نہیں بلکہ دنیا میں ہر اس جگہ جہاں شاعروں کو بڑے انہماک سے سنا جاتا ہے وہ اپنی شاعری کے ذریعے نفرت کی حوصلہ شکنی اور محبت کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں۔

36 سالہ اور غیر شادی شدہ عمران پرتاب پوری الہ آباد کمشنری کے شہر پرتاب گڑھ کے قریب واقع ایک گاں میں ایک درمیانے درجے کے خاندان میں پیدا ہوئے اور اپنے دس بہن بھائیوں میں ایک بہن کے بعد سب سے بڑے اور تعلیم یافتہ ہیں جو حصول تعلیم کے لیے اپنے گاں سے پرتاب گڑھ ریلوے اسٹیشن سے الہ آباد جایا کرتے تھے۔

2012 میں شاعری کے باعث ہندوستان کے ادبی حلقوں میں اس وقت مشہور ہوئے جب بھارت میں متعدد مسلمان شاعروں کا طوطی بولتا تھا اور دو مشہور مسلمان شاعروں منور رانا، ڈاکٹر راحت اندوری و دیگر کی موجودگی میں خود کو منوانا انتہائی مشکل تھا مگر نئی نسل کے شاعروں میں عمران پرتاب گڑھی جیسی شہرت کسی کو نصیب نہ ہوئی۔

عمران پرتاب گڑھی کا اصل نام محمد عمران خان ہے مگر وہ عمران پرتاب گڑھی کہلاتے ہیں جہاں سے انھوں نے ابتدائی تعلیم حاصل کی اور اپنے والد کے محدود وسائل میں انھی کی وجہ سے الہ آباد پڑھنے گئے تھے۔ نئی نسل اور پڑی کی رقابت کے باعث انھیں اپنے سینئر مسلمان شاعروں کا بھی سامنا رہا مگر اپنی جاندار شاعری اور پڑھنے کے خاص منفرد انداز اور ترنم کے باعث وہ بھارت ہی نہیں دنیا بھر میں مقبول ہوتے گئے۔

جب عمران پرتاب گڑھی پہلی بار سعودی عرب گئے تو ان کی شاعری سننے کے لیے جو مشاعرہ منعقد ہوا تھا اس میں

تحریر: اکبر ملک

ڈھائی ہزار بھارتی شریک ہوئے تھے جنھوں نے اس ابھرتے ہوئے نوجوان شاعر کو سراہا تھا اور دل کھول کر اپنے ہم وطن شاعر کو داد دی تھی۔ عمران پرتاب گڑھی یو اے ای اور دیگر خلیجی ممالک میں منعقدہ مشاعروں میں اپنی شاعری منوا چکے ہیں جہاں بھارت کی طرح ہزاروں مقامی و غیر مقامی افراد شریک ہو کر شاعروں کو دلچسپی سے سنتے ہیں اور شاعروں کی ہمت افزائی کرنے میں مشہور ہیں اور بھارت ہی نہیں پاکستان کے ممتاز شعرا کو سننے کے لیے بھی بڑی تعداد میں آتے ہیں اور کھل کر بلا امتیاز داد دیتے ہیں۔

عمران پرتاب گڑھی نے ایک ٹی وی انٹرویو میں اپنے ماضی کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ انھیں تعلیم کے حصول کے لیے اپنے والد کی طرف سے محدود مالی معاونت ملتی تھی جس میں انھیں گزارا کرنا پڑتا تھا۔ عمران اپنے ماضی میں گزاری ہوئی مالی تنگی کا وقت نہیں بھولے۔

ایک بار رمضان المبارک میں روزہ رکھ کر جب وہ الہ آباد سے واپس گھر جا رہے تھے تو ان کی جیب میں صرف بیس روپے تھے اور ٹرین کا 13 روپے کرایہ دے کر ان کے پاس صرف سات روپے بچے تھے وہ پرتاب گڑھ پہنچ کر گاں جانے کے لیے اپنے کسی دوست سے کچھ قرضہ لینا چاہتے تھے اور آٹو رکشہ کر کے وہ ایک کے بعد دوسرے دوست کے گھر گئے مگر دونوں کے نہ ملنے پر انھیں سخت مالی پریشانی ہوئی کیونکہ بس اڈے تک جانے پر ان پر 30 روپے کرایہ چڑھ گیا تھا اور ان کے پاس جو سات روپے تھے اس سے سموسے خرید کر روزہ افطار کر چکے تھے۔

عمران بتاتے ہیں کہ مجبوری میں وہ بس میں چڑھ کر گاں پہنچ گئے اور آٹو والے کا 30 روپے وہ کرایہ نہ دے سکے تھے جس کا انھیں اب تک دکھ ہے۔ بعد میں انھوں نے پرتاب گڑھ جا کر اس بوڑھے آٹو والے کو بہت تلاش کیا لیکن وہ نہ مل سکا۔ مالی حالات میں بہتری کے بعد وہ اس 30 روپے کی تلافی اس طرح کر رہے ہیں کہ آٹو میں سفر کرتے ہوئے طلب کیے جانے والے 50 روپے کی جگہ ہر آٹو والے کو وہ پانچ سو روپے دے کر حیران کر دیتے ہیں۔ عمران کو سیاست کا کوئی شوق نہیں تھا، نہ انھوں نے اپنی مقبولیت کا سیاسی فائدہ اٹھایا جس طرح کرکٹ کے کپتان نے 1992 میں پاکستان میں اٹھایا تھا۔

عمران کی مقبولیت کا سن کر کانگریس کے رہنما راہول گاندھی نے انھیں 2017 میں اپنے پاس بلایا اور 20 منٹ کی طے شدہ یہ ملاقات ایک گھنٹہ 39 منٹ میں ختم ہوئی جس میں راہول جی نے انھیں کانگریس میں شمولیت پر آمادہ کیا اور ایک سال بعد ہی انھیں راجیہ سبھا کا الیکشن لڑنے کا اچانک ٹکٹ دیا گیا جس کے لیے وہ تیار نہ تھے بہرحال انھوں نے پرانے سیاستدانوں کے مقابلے میں الیکشن لڑا۔ سیاسی ناتجربہ کاری کے باعث ہار گئے مگر 2022 میں انھیں دوبارہ الیکشن لڑوایا گیا جس میں وہ ساٹھ ہزار ووٹوں سے جیت گئے اور اب پارلیمنٹ میں اپنی دھواں دھار تقاریر سے مودی جی اور بی جے پی پر معیاری تنقید کرتے ہیں مگر وہ کبھی پاکستان کی طرح اپنے سیاسی مخالفین کو چور، ڈاکو قرار دیتے ہیں نہ کسی کی عزت اچھالتے ہیں۔

عمران پرتاب گڑھی پارلیمنٹ میں بھی اپنے شاعری والے نام سے ہی پکارے جاتے ہیں مگر شاعری کو سیاست پر ترجیح دیتے ہیں اور سیاست کو نفرت کے خاتمے اور محبت بڑھانے پر مکمل یقین رکھتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ چائے فروخت کرنے والے مودی جی نے جس طرح اقتدار میں آ کر دس سال میں بھارت کا بیڑا غرق کیا، بے روزگاری اور مہنگائی بڑھائی، کوئی بھی وعدہ پورا نہیں کیا جس پر وہ مودی جی کے سخت ناقد ہیں اور کہتے ہیں کہ اگر کوئی بچہ چائے فروخت کرتا مودی جی کی طرح نظر آئے تو اسے اسکول میں داخل کرا کر تعلیم حاصل کرنے کا موقع دیا جائے تاکہ مستقبل میں چائے بیچنے والا کوئی بھارتی بچہ بڑا ہو کر نفرت کی سیاست نہ کر سکے جس طرح وزیر اعظم بن کر نریندر مودی نے نفرت بڑھائی اور بھارت کو نقصان پہنچایا ہے۔

بے خبری کیوں؟

پہلے ملکوں کی سرحدوں پر لہو بہتا تھا۔ اب صوبوں کی سرحدوں پر بھی بہنے لگا۔ ہم کتنے بد قسمت ہیں کہ 77 سال میں امن۔ ہم آہنگی پیدا نہیں کر سکے۔ کتنی مائیں بین کر رہی ہیں۔ کتنی بہنیں بال کھولے گریہ وزاری میں لگی ہیں۔ کتنے بھائیوں کے آنسو رکتے ہی نہیں۔ کتنے باپوں کو ان کے جنازے اٹھانے پڑ رہے ہیں۔ جن کے کندھوں پر انہوں نے سفر آخرت کرنا تھا۔ سہاگنیں اپنی چوڑیاں ریزہ ریزہ کر رہی ہیں۔ محلوں میں کہرام مچا ہے۔

ہمیں مرنے والوں کا تو پتہ ہے کون تھے۔ کس کے بڑھاپے کا سہارا تھے۔ کس کی زندگی کی حفاظت کے لیے وہ انجانے راستوں پر سفر کر رہے تھے۔ وہ ایک ایسی مملکت کے شہری تھے۔ جس کی سلامتی کا ہر روز دعویٰ کیا جاتا ہے۔ جس میں امن و امان کے قیام کے لیے انسانی حقوق سلب کیے جاتے ہیں۔ انہیں یقین تھا کہ ہماری حفاظت کے لیے قانون نافذ کرنے والے ادارے راتوں میں جاگتے ہیں تاکہ ہم آرام سے سو سکیں۔ انہیں اطمینان تھا کہ اب حکمران ہر صوبے میں منتخب حکومتیں قائم کر چکے ہیں۔ فتنہ پردازوں کو جیلوں میں ڈالا ہوا ہے۔ اب ایک صوبے سے دوسرے صوبے سے گزرنا خطرناک نہیں ہے۔ وزیر اعظم وزرائے اعلیٰ اور مقتدر ادارے ایک صفحے پر ہیں۔

ہمیں اپنے سیاسی مخالفین کے عزائم کا تو ہفتوں پہلے علم ہو جاتا ہے ان کے فون ہم سنتے ہیں۔ خفیہ کیمرے نصب ہیں کہ ملک کی سلامتی کو سب سے زیادہ خطرہ ان سے ہی لاحق ہے۔ کچے کے ڈاکو۔ دہشت گرد۔ انتہا پسند جو منصوبہ بندی کرتے ہیں ٹیلی فونوں پر۔ سوشل میڈیا پر یا میٹنگیں کر کے پھر اپنی اپنی کمین گاہوں سے نکلتے ہیں۔ وہ ہمارے ہر پل مستعد اداروں کو پتہ نہیں چلتا ہے۔

کون ہیں یہ پتھر دل۔ یہ سفاک۔ جو اپنے ہی ہم وطنوں کو کسی ذاتی نظریاتی مذہبی کاروباری دشمنی کے بغیر ہی ہلاک کرنے پر مامور ہیں۔ یہ کیا خود ایسا کرتے ہیں یا انہیں اس کیلئے ورغلایا جاتا ہے۔ اس کے بدلے انہیں کیا ملتا ہے۔ ان کے باپ تو جانتے ہوں گے کہ بیٹا کس محاذ پر جا رہا ہے۔ مائیں تو بلائیں لیتی ہوں گی۔ پوچھتی ہوں گی کہ کس قتل کا بدلہ لینے جا رہا ہے۔ بہنیں تو ڈرتی ہوں گی کہ بھائی کی آنکھوں میں خون کیوں اترا ہوا ہے۔ کہیں تو یہ منصوبے بنتے ہوں گے۔ وہ ڈیرے۔ وہ گھر کسی پولیس اسٹیشن کی حدود میں تو ہوں گے۔ کسی محلے میں تو یہ خونی ملتے ہوں گے۔ ان کو ہتھیار کہیں سے ملتے ہوں گے۔ ان کو یہ ڈالے کہیں سے میسر آتے ہوں گے۔ کسی پیٹرول پمپ سے یہ ڈیزل پیٹرول بھرواتے ہوں گے۔

اپنے حقوق مانگنے والے تو دوسروں کی جانیں نہیں لیتے ہیں۔ وہ تو ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ اور دوسری بہنوں کی قیادت میں گوادر۔ تربت۔ پنجگور اور دوسرے شہروں میں ہزاروں لوگوں کے ساتھ بہت پر امن طریقے سے اپنے مسائل کے لیے آواز بلند کر رہے ہیں۔ پنجاب۔ سندھ۔ کے پی کے۔ بلوچستان۔ آزاد جموں و کشمیر۔ گلگت بلتستان کے غریب جانتے ہیں کہ ان سب کے حالات ایک دوسرے کی طرح نا گفتہ بہ ہیں۔ ان چاروں صوبوں اور دو وحدتوں میں غربت کی لکیر سے نیچے لاکھوں موجود ہیں۔ یہ سب اچھی طرح سمجھ گئے ہیں کہ سب صوبوں میں اکثریت کا استحصال ہو رہا ہے۔ آئین جو حقوق دیتا ہے وہ نہیں مل رہے ہیں۔ ہر جگہ دو دو پاکستان ہیں۔ ایک استحصال کرنے والوں کا جو طاقت ور ہیں۔ مگر اقلیت میں ہیں۔ دوسرا پاکستان اکثریت کا ہے۔ جس میں طالب علم ہیں کسان، ہاری، مزدور، اسکول، ٹیچر، ملازمین، بس ڈرائیور، بس کنڈکٹر، الیکٹریشن، پلمبر، گھریلو خواتین، میڈیا ورکرز۔

یہ جو بسوں میں سفر کر رہے تھے۔ جن کے شناختی کارڈ دیکھے گئے۔ یہ تو خود استحصال کا شکار تھے۔ کتنی مجبوریاں ہوں گی کہ وہ ان خارزار راستوں پر نکلنے پر مجبور ہوئے۔ چاہئے تو یہ تھا کہ ان علاقوں کے مزدور۔ مجبوران کا خیر مقدم کرتے ان کو پانی پلاتے۔ کھانا کھلاتے۔ جو صدیوں سے بلوچستان، سندھ، پنجاب، کے پی کے کی روایات ہیں۔ قتل و ہلاکت تو ان کی ہوتی تھی جو لشکر لے کر حملہ آور ہوتے تھے۔

حقوق غصب کرنے والے بسوں میں سفر نہیں کرتے۔ ان کے تو ذاتی جہاز ہیں۔ پراڈو، لینڈ کروزر یا فضائی کمپنیوں کی فرسٹ کلاس۔ یہ تو بے چارے تلاش معاش میں نکلے تھے۔

بلوچستان کی سرزمین تو پناہ دینے کے لیے نیک نام ہے۔ بلوچی کہانیاں تو یہی کہتی ہیں۔ پرانی بلوچی شاعری بھی انہی اقدار سے معمور ہے۔ آسمان دیکھ رہا ہے کہ مرنے والے بھی استحصال زدہ۔ مارنے والے بھی استحصال زدہ۔ انہیں کیا کہہ کر بھیجا گیا۔ اس سے غریبوں محنت کشوں میں ایک دوسرے کے خلاف نفرت پیدا ہوگی۔ یہی 77 سال سے ہو رہا ہے۔ حقوق غصب کرنے والے وسائل پر قبضہ کرنے والے تو صرف مذمتی بیانات میں مقابلہ کر رہے ہیں۔ 1948 میں جو بیان تھا۔ وہی الفاظ آج کے بیانات میں ہیں۔ بیسویں صدی کی چوتھی پانچویں دہائی۔ اکیسویں صدی کی تیسری دہائی میں کوئی فرق نہیں ہے۔ ہتھیار جدید تر ہو گئے ہیں۔ محسوسات قدیم ہیں۔

اب سوچنا تو یہ ہے کہ پاکستان کو کون چلا رہا ہے۔ 77 سال میں سے گزشتہ 40 سال سے کون برسر اقتدار ہیں۔ وسائل اور اختیارات کس کے پاس ہیں۔ مسلم لیگ) ن (پی پی پی اور ادارے۔ بلوچستان میں کس کے پاس اختیار ہے۔

کیا تاجروں کی ہڑتال جائز ہے؟

جماعت اسلامی نے ملک میں مہنگائی اور بجلی کے بلوں کے خلاف ہڑتال کی کال دی ہے۔ اس سے پہلے جماعت اسلامی نے اس حوالے سے راولپنڈی میں ایک دھرنا بھی دیا تھا۔ جہاں حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان ایک معاہدہ بھی طے ہوا۔ جہاں تک میری اطلاعات ہیں اس معاہدہ پر عملدر آمد کی یقین دہانی بھی موجود ہے۔ اور جماعت اسلامی کے معاہدہ کی مدت بھی ابھی موجود ہے۔ لیکن جماعت اسلامی کے نو منتخب امیر حافظ نعیم الرحمٰن جماعت اسلامی کے نیم مردہ گھوڑے میں جان ڈالنے کے لیے مسلسل سیاسی سرگرمیاں کر رہے ہیں۔ ان کا عوام کی نبض پر ہاتھ ہے۔ لہٰذا وہ عوامی مسائل پر احتجاج کر رہے ہیں۔ وہ حکومت گرانے کے لیے نہیں لیکن بجلی اور مہنگائی پر احتجاج کر رہے ہیں۔ اس لیے ان کے احتجاج کو منفی نظر سے نہیں دیکھا جا رہا ہے۔ ان کی سیاست کو مثبت سیاست کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔

جماعت اسلامی نے ہڑتال کی کال دی ہے اور تاجروں نے جماعت اسلامی کی ہڑتال کی اس کال کی حمایت کی ہے۔ مجھے تاجروں کی جانب سے جماعت اسلامی کی کال کی حمایت پر بھی کوئی اعتراض نہیں۔ یقیناً مہنگی بجلی اور مہنگائی تاجروں کا بھی مسئلہ ہے۔ وہ بھی پاکستان میں رہتے ہیں مہنگے بل ان کو بھی پریشان کر رہے

تحریر: خزیمہ انصاری

ہیں۔ مہنگائی نے ان کا جینا بھی دو بھر کر دیا ہے۔ اس لیے اگر تاجر مہنگائی اور مہنگی بجلی کے خلاف احتجاج کرتے ہیں تو یہ کوئی بری بات نہیں۔ جیسے جماعت اسلامی کے احتجاج کو مثبت نظر سے دیکھا جاتا ہے ایسے ہی تاجروں کے اس احتجاج کو بھی مثبت نظر سے دیکھا جانا چاہیے۔

لیکن صورتحال ایسی نہیں ہے۔ حکومت تاجروں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کی کوشش کر رہی ہے۔ اس حوالے سے ایف بی آر نے ایک تاجر دوست اسکیم بھی شروع کی ہوئی ہے۔ یہ اسکیم بھی ویسے کامیاب نہیں ہے جیسے توقع کی جا رہی تھی۔ اس کی کامیابی کے لیے ایک تجار رہنما کو اس کا انچارج بھی بنایا گیا ہے۔ لیکن پھر بھی یہ اس طرح کامیاب نہیں ہے۔ لیکن یہ کوئی نئی بات نہیں ہے قیام پاکستان سے اب تک تاجروں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لیے متعدد کوششیں کی گئی ہیں۔

سب ناکام ہوئی ہیں۔ تاجروں سے پیار سے ٹیکس لینے کی کوشش کی گئی ہے لیکن وہ بھی ناکام ہوئی ہے اور سختی کے جواب میں تاجر ہڑتال کر دیتے ہیں اور حکومتیں ہڑتال سے ڈر کر بھاگ جاتی ہیں۔ کیا آپ سب کو یاد ہے کہ جب جنرل مشرف طاقت کا محور تھے۔ انھوں نے بھی تاجروں سے ٹیکس لینے کی کوشش کی لیکن تاجروں نے ہڑتالیں شروع کر دیں۔ جس کے جواب میں وہ ٹیکس لینے سے پیچھے ہٹ گئے۔ اس وقت ان کے دوستوں نے ان کو بتایا گیا تھا کہ یہ سارے تاجر مسلم لیگ ن سے تعلق رکھتے ہیں اس لیے ہڑتال کر رہے ہیں۔ حالانکہ میں سمجھتا ہوں تب بھی تاجر ن لیگ کی محبت میں نہیں بلکہ ٹیکس سے بچنے کے لیے ہڑتال کر رہے تھے۔

پاکستان کی تمام حکومتیں بشمول بانی تحریک انصاف کی حکومت تاجروں سے ٹیکس لینے میں ناکام ہوئی ہے۔

لاشیں اور بیانیہ

نوروز خان زرکزئی کو بلوچستان والے بابو نوریز کے نام سے یاد کرتے ہیں، یہ صاحب کچھ شورش پسند واقع ہوئے تھے، پہلے قلات کے حقوق کے لیے انگریز سے لڑتے رہے، انگریز گئے تو نئے حاکموں سے بھڑ گئے۔ جب 1955 میں ون یونٹ بنا تو بلوچستان کو اپنے حقوق و نمائندگی میں مزید کمی کی شکایت ہوئی، نوروز خان پھر لگ بھگ ایک ہزار ساتھیوں سمیت پہاڑوں پر چڑھ گئے اور مزید شدت سے پاکستانی حکام سے برسرِ پیکار ہو گئے۔ یہ تو ہو گیا پس منظر، اب سنیے اصل قصہ۔

قبائلی زعما اور حکومتِ پاکستان کے مذاکرات کے بعد 1960 میں جنگ بندی کا راستہ نکال لیا گیا۔ حکومت نے وعدہ کیا کہ ون یونٹ ختم کر دیا جائے گا اور نوروز خان اور ان کے تمام ساتھیوں کو عام معافی دے دی جائے گی۔ مگر نوروز خان نے ان وعدوں پر اعتبار نہ کیا اور ہتھیار ڈالنے سے انکار کر دیا۔ اب آخری کوشش کے طور پر حکومت پاکستان نے ایک جرگہ نوروز خان کے پاس بھیجا، جرگے نے قرآن مجید کو ضامن بنایا اور حکومت پاکستان کا عام معافی کا وعدہ شد و مد سے دہرایا، آخرِ کار نوروز خان نے اعتبار کر لیا اور اپنے ساتھیوں سمیت قرآن کی چھاؤں میں پہاڑ سے اتر آیا۔ وائے، نوروز خان کے ساتھ بدعہدی کی گئی، حکومت پاکستان نے قرآن کو گواہ بنا کر جھوٹ بولا۔ نوروز خان اور اس کے 160 ساتھیوں پر فوجی عدالت میں مقدمہ چلایا گیا۔ نوروز خان کے بیٹے سمیت سات افراد کو پھانسی دے دی گئی۔ مورخ ڈاکٹر شاہ محمد مری روایت کرتے ہیں کہ جب آخری دیدار کے لیے بیٹے کی لاش نوروز خان کے سامنے لائی گئی تو اس نے بیٹے کی مونچھوں کو تاؤ دیا، اور اپنے قبیلے کو پیغام بھجوایا کہ میرے بیٹے کی موت کا سوگ نہ منایا جائے بلکہ جشن منایا جائے جیسے شادی بیاہ کی خوشی منائی جاتی ہے، کیوں کہ میرے بیٹے نے ایک بڑے مقصد کے لیے جان دی ہے۔ بعد ازاں، 95 سال کی عمر میں، نوروز خان کا جیل میں ہی انتقال ہو گیا۔ نوروز بابو آج

تحریر: اسد خان

بلوچستان میں ایک دیومالائی کردار سمجھے جاتے ہیں۔ اکبر بگٹی کو 26 اگست 2006 کو قتل کیا گیا، ان کے قتل سے کچھ دن پہلے پرویز مشرف نے بلوچ قوم پسندوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا تھا کہ یہ ستر کی دہائی نہیں ہے، آپ کو پتا بھی نہیں چلے گا کہ آپ کو کس طرح قتل کیا گیا ہے، اور پھر ایسا ہی ہوا، ایک آپریشن کے دوران اکبر بگٹی جس غار میں پناہ لیے ہوئے تھے اس کی چھت گر گئی جس سے وہ اور ان کے ساتھی ہلاک ہو گئے۔ آج اکبر بگٹی کا نام بھی بلوچی لوک گیتوں میں شامل ہو چکا ہے۔ اپریل 2009 میں بی این ایم کے صدر غلام محمد بلوچ اور دو قوم پرست رہنما لالہ منیر اور شیر محمد اغوا ہوئے، کچھ دن بعد ان کی تشدد زدہ لاشیں ملیں۔ ایسی درجنوں کہانیاں ہیں، اور بیسیوں لاشیں۔

ایک مسئلہ ہے لاپتا افراد کا، لوگ غائب ہو جاتے ہیں، باپ، بیٹے، خاوند، بھائی، ان کی تعداد ہزاروں میں بتائی جاتی ہے، ان کا ذکر کبھی کبھی عدالتوں میں سنتے ہیں، کبھی کبھار پارلیمان میں، خصوصی کمیشن بھی بنتے ہیں، نتیجہ کچھ نہیں نکلتا، نتیجہ تو خیر کیا نکلنا ہے مسئلہ اور الجھا دیا جاتا ہے، سال ہا سال گزر گئے، پاکستانی شہری اغوا ہوتے چلے گئے، کچھ دو چار سال بعد کٹے پھٹے گھروں کو لوٹ آئے جب کہ ہزاروں کو زمین کھا گئی یا آسمان نگل گیا۔ لاپتا افراد بیانیے کا مسئلہ نہیں ہے، یہ انسانی مسئلہ ہے، یہ گمشدہ بھائیوں، لاپتا خاوندوں، جبری اغوا شدہ بیٹوں کی بات ہو رہی ہے۔ ان لاپتا افراد کے لواحقین کی ذہنی ساخت کیا ہوتی ہے؟ ان کی زندگی کا واحد نصب العین کیا ہوتا ہے؟ سنتے ہیں کہ ماہ رنگ بلوچ کا باپ بھی اغوا ہو گیا تھا، اور پھر اس کی تشدد زدہ لاش ملی تھی۔ پچھلے 77 سالوں میں بلوچستان میں پانچ علانیہ آپریشن ہو چکے ہیں، ان میں سے دو آپریشنز میں فضائی طاقت بھی استعمال کی گئی تھی، اور یہ تو ہم جانتے ہیں کہ فضائی کارروائی میں کولیٹرل ڈیمیج بہت زیادہ ہوا کرتا ہے، ایک آدمی کو مارنا ہو تو کبھی پورا گاؤں بھی ملیامیٹ کرنا پڑ جاتا ہے۔

یہ جو ایک گھناؤنی واردات میں معصوم پنجابیوں کو قتل کر دیا گیا ہے، یہ بلوچی پنجابی جھگڑا نہیں ہے، یہ دہشت گردی ہے۔ لیکن جب گھر کے صحن میں آپ کے پیاروں کی لاشیں پڑی ہوں تو جذبات میں تلاطم ہوتا ہے، موقع سے فائدہ اٹھانے والے متحرک ہو جاتے ہیں، اس وقت بھی کچھ ایسا ہی معاملہ ہے، سوشل میڈیا پر کھلم کھلا پنجابی شاونزم کو ہوا دی جا رہی ہے، افسوس کہ کچھ دوست اس قضیے کو اسی طرح دیکھنے لگے ہیں جیسا کہ دشمن دکھانا چاہتا ہے۔ مشرقی پاکستان میں جب آپریشن سرچ لائٹ آغاز کیا گیا تو مغربی پاکستان، بالخصوص پنجاب نے اس کی بھرپور حمایت کی تھی، بنگالی عوام اور ان کے لیڈر غدار قرار پا چکے تھے، پاکستان کی اکثریت انڈیا کی ایجنٹ قرار پا چکی تھی، ایک گمراہ کن بیانیہ جیت چکا تھا۔ پروفیسر وارث میر، ملک غلام جیلانی، نواب زادہ نصراللہ خان، حبیب جالب جیسے بہت کم تھے جو با آوازِ بلند کہہ رہے تھے یہ پنجابی اور بنگالی کی لڑائی نہیں ہے، یہ طاقتور اور کمزور کی لڑائی ہے، یہ وسائل کی منصفانہ تقسیم کا جھگڑا ہے، یہ آئین اور لاقانونیت کی جنگ ہے۔ مگر نفرت کا بیانیہ جیت گیا۔

بلوچستان کا بھی ہو بہ ہو یہی مسئلہ ہے، اس مسئلے کو ایک نفرت انگیز بیانیے کی سموک اسکرین کے پیچھے چھپانے کی مذموم کوشش کی جا رہی ہے، دھوکا نہ کھائیے۔۔۔ غور فرمائیے!

جمہوریت پنپ نا سکی

سیاسی محاذ پر ہمارے سیاست دان ہر وقت دھا چوکڑی مچائے رکھتے ہیں۔ یہی وہ بنیادی وجہ ہے کہ 77 سال کے بعد بھی پاکستان میں جمہوریت پنپ نہیں سکی اور کوئی بھی جمہوری وزیر اعظم اپنے عہدے کی معیاد مکمل نہیں کر سکا۔ اس میں قصور کس کا ہے، اس سوال کا سادہ سا جواب ہمارے سیاست دانوں کے غیر جمہوری رویئے ہیں جو اپنے ہی ساتھی سیاستدانوں کو کامیاب ہوتے نہیں دیکھنا چاہتے اور اپنی باری کے لیے انتخابات کا انتظار کرنے کے بجائے غیر جمہوری قوتوں کے آلہ کار بن جاتے ہیں۔

اگر کوئی سیاستدان اس بات کا گلہ کرتا ہے کہ پاکستان میں جمہوری ادوار کا دورانیہ فوجی حکومتوں سے کہیں کم رہا ہے تو یہ شکوہ انھیں اپنے آپ سے کرنا چاہیے جو کسی بھی سیاسی اور جمہوری حکومت کی جڑیں کھوکھلی کرنے میں اپنا وزن ڈال دیتے ہیں۔ پاکستان کے ماضی اور حال کے سیاسی منظر نامے پر بغور نظر ڈالی جائے تو اس میں حیران کن حد تک مماثلت نظر آئے گی جو سیاسی منظر نامہ آج سے کئی دہائیاں پہلے تھا وہی ہم آج بھی دیکھ رہے ہیں، سیاسی حمام میں سب ننگ دھڑنگ ہیں اور صرف اپنے مفاد کی سیاست کرنے کو ترجیح دیتے ہیں۔

عوام کے لیے ان کے پاس کھوکھلے نعروں کے سوا کچھ نہیں ہے اور اس کا مشاہدہ عوام بخوبی کر چکے ہیں۔

تحریر: دانش شیخ

عوام کو بے وقوف بنانے کی داغ بیل روٹی کپڑا اور مکان کے دل فریب نعرے سے ڈالی گئی، پھر کہیں ملک سنوارو قرض اتارو کا نعرہ لگا تو کہیں نئے پاکستان کا نعرہ مستانہ بلند کیا گیا۔ سب نے اپنا اپنا حصہ بقدر جثہ ضرور ڈالا، لیکن اب صورتحال ان دلفریب نعروں سے آگے نکل گئی ہے اور عوام کو حقیقی زندگی میں روزی روٹی کے لالے پڑے ہوئے ہیں۔

حکومت کے ایوانوں میں معاشی بحران نے ہل چل مچا رکھی ہے اور وہ معیشت کی بحالی کا کوئی ٹھوس منصوبہ ابھی سامنے نہیں لا سکے، اس پر مستزاد یہ کہ ملک میں امن و امان کی صورتحال روز بروز ابتری کی جانب بڑھ رہی ہے۔

ایک عام تاثر یہ ہے کہ شاید ہماری حکومتیں اپنے فرائض سے پہلوتی کر رہی ہیں اور اس عدم توجہی اور سیاسی بے یقینی کی وجہ سے ملک دشمن عناصر کو اپنی مذموم کارروائیوں کا موقع میسر آ گیا ہے۔

معلوم نہیں وہ وقت کب آئے گا جب اس نازک صورتحال کا خاتمہ ہوگا اور ہماری سمت میں کوئی نازک موڑ نہیں آئے گا۔ ملک کو ان نازک موڑوں سے بچانے کی ذمے داری سیاست دانوں پر عائد ہوتی ہے لیکن ہماری بد قسمتی ہے کہ یہ آپس میں ہی دست و گریباں رہتے ہیں۔

ایک زیرک سیاستدان کبھی بھی جمہود کی سیاست نہیں کرتا اس کے موقف میں حالات کے مطابق تبدیلی وقت کی ضرورت بن جاتی ہے اور ایک اچھا سیاست دان وہی کہلاتا ہے جس میں لچک ہو اور وہ حالات کے مطابق ملک و قوم کے مفاد میں اپنا حصہ ڈال سکے۔

وہ اس بات کا ادراک رکھتا ہو کہ سب سے بگاڑ کر وہ اپنی سیاست کو آگے نہیں بڑھا سکتا۔ ہمارے ملک کی جمہوری تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ متعدد مواقع پر جمہوری رہنماؤں نے اپنی مفاد پرست سیاست کی وجہ سے ملک کو فائدہ ہونے کے بجائے نقصان زیادہ ہوا ہے۔ آج کی سیاست میں مفاہمت کے بادشاہ گر جناب آصف علی زرداری ایک بار پھر میدان میں ہیں انھوں نے سب سے پہلے ایوان صدر سے نکل کر مولانا فضل الرحمٰن سے ملاقات کی ہے اور انھیں تسبیح اور ٹوپی کا نہیں بلکہ بندوق کا تحفہ دیا ہے۔

مولانا فضل الرحمٰن حکومت سے ناراض ہیں اور انھوں نے اپنی سیاسی بندوقوں کا رخ حکومت کی جانب کر رکھا ہے لیکن اسی حکومت کے منصب جلیلہ پر فائز جناب زرداری نے انھیں بندوق کا تحفہ دیا ہے، اس میں کیا حکمت ہے

پاکستان کو درپیش مسائل

وطن عزیز پاکستان کی حالت روز بروز بد سے بدتر ہو رہی ہے اور یہ اندیشہ برقرار ہے کہ خدانخواستہ وہ منحوس گھڑی آ جائے کہ ملک دیوالیہ ہو جائے۔ اس صورتحال کی ذمے دار کوئی ایک حکومت نہیں بلکہ ماضی سے لے کر آج تک کی تمام حکومتیں ہیں۔

ایک بحران ٹلتا ہے تو دوسرا بحران ملک و قوم کو آ کر دبوچ لیتا ہے۔ حکمران ملک کی باگ ڈور سنبھالتے ہی قوم کو سبز باغ دکھاتے ہیں اور اس کے بعد سب کچھ بھول جاتے ہیں۔ قوم کو جھوٹی تسلیاں دے کر عیش و عشرت میں پڑ کر حکمرانی میں مصروف ہو جاتے ہیں۔ عوام سے جو بھی وعدے کیے جاتے ہیں، وہ نقش بر آب کے سوا اور کچھ بھی نہیں ہوتے۔ قیادت خواہ کسی بھی نام کی ہو وطیرہ اور مقصد اس کا ایک ہی ہوتا ہے کہ قوم کو الو بنا کر اپنا الو سیدھا کیا جائے۔ عوام برسوں سے اس مسیحا کا انتظار کر رہے ہیں جو آ کر ان کے دکھوں کا مداوا کرے۔ حالت یہ ہے کہ بقول غالب۔

یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصال یار ہوتا
اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا

ملک کے بدقسمت عوام نے تبدیلی سرکار کا مزہ بھی چکھ لیا اور آج تک جس کی تلخی نہیں گئی۔ اس وقت سب سے بڑا بحران بجلی کا ہے۔ بجلی ناپید ہے اور بجلی کا بل جب آتا ہے تو صارف بلبلا اٹھتا ہے۔ کرنٹ کا ایسا جھٹکا لگتا ہے کہ انسان کی چیخیں نکل جاتی ہیں۔ یہ تک ہوا ہے کہ صارف اس بل

تحریر: کامران پنواڑی

کے جھٹکے کی تاب نہ لا کر روز روز کی تکلیف برداشت کرنے کے نتیجے میں ملک عدم سدھار گیا۔

پنجاب کی حکومت نے حال ہی میں عوام کی تسلی کی خاطر بجلی کے بلوں میں دو ماہ کے لیے رعایت دینے کا اعلان کر کے پنجاب کے صارفین کو رعایت دینے کی کوشش کی ہے لیکن سوال یہ ہے کہ بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی۔ سندھ سمیت کسی اور صوبائی حکومت کو تو ابھی بھی توفیق نہیں ہوئی۔ بجلی کا سنگین مسئلہ عارضی مسئلہ نہیں ہے اور اس کا مستقل حل تلاش کرنا قطعی لازم ہے۔ مرے پر سو درے کے مترادف بجلی کی قیمتیں سال بھر میں 14 مرتبہ بڑھائی جا چکی ہیں اور ان کا اختتام نظر نہیں آ رہا۔ عوام بے بس ہیں اور ان کی حالت چکی کے دو پاٹوں کے بیچ و بیچ پس جانے والے دانوں جیسی ہے۔ ایک پاٹ مہنگائی کا ہے اور دوسرا پاٹ بجلی کے نرخوں میں بے لگام اور مسلسل اضافے کا ہے۔

اب تو گھبرا کہ یہ کہتے ہیں کہ مر جائیں گے
مر کے بھی چین نہ پایا تو کدھر جائیں گے

بجلی کا نظام انتہائی ناقص ہے، جس کا اندازہ اس بات سے کیا جا سکتا ہے کہ ہر سال 500 ارب مالیت کی بجلی چوری ہو جاتی ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا یہ چوری جنات کرتے ہیں یا کوئی اور۔ اس سوال کا جواب متعلقہ محکمہ کے کرتا دھرتا ہی دے سکتے ہیں۔ یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے کہ کنڈا سسٹم عام ہے۔ چوری کی جانے والی بجلی کا بھگتان بجلی کے بل باقاعدگی سے ادا کرنے والے صارفین کو ہی بھگتنا پڑتا ہے۔ بجلی چوروں اور بجلی کے محکمہ کے کارندوں کے درمیان ساز باز کوئی نئی بات نہیں ہے۔

بجلی کے بحران کا ایک اور سبب یہ ہے کہ بجلی کی تاریں فرسودہ ہو چکی ہیں اور انھیں تبدیل کرنے کی کسی کو بھی فکر نہیں ہے۔ بلومبرگ کی ایک رپورٹ کے مطابق 2021 سے لے کر بجلی کے نرخوں میں اب تک 155 فیصد اضافہ کیا جا چکا ہے اور معلوم نہیں کہ یہ ظلم و ستم کب ختم ہوگا۔ مہنگی بجلی نے معیشت کا کچومر نکال دیا ہے اور افراط زر دوسرے ایشیائی ممالک کے مقابلے میں اپنی انتہا کو چھو رہی ہے۔ آئی ایم ایف سے قرضوں پر قرضے مانگ مانگ کر حکمرانوں نے عوام پر پہاڑ جیسا بوجھ لاد دیا ہے۔

یہ انکشاف ملک و قوم کے لیے ایک ہلاکت خیز اطلاع ہے کہ انٹرنیشنل پاور سپلائی کمپنیوں) آئی پی پیز (کو 15 ارب مالیت کی مفت بجلی عنایت کی جا رہی ہے جو کہ مہنگائی سے پریشان صارفین کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے۔

بشارت انثوال حقوق سے محروم مسیحیوں کی آواز ہیں، بشپ فریڈرک جون

بشپ فریڈرک جون کی ایم سی ملازمین کے مسائل حل کروانے پر ایڈووکیٹ سلیم مائیکل اور بشارت انثوال کو مبارکباد

مفتی منیر شاکر پر حملے میں صرف 600 گرام دھماکہ خیز مواد استعمال ہوا

مفتی منیر شاکر کے حجرے کے مرکزی دروازے کے قریب دیسی ساختہ بارودی مواد کا دھماکہ ہوا، پولیس

کینیڈا کے وزیراعظم کا پارلیمنٹ تحلیل کر کے نئے الیکشن کرانے کا اعلان



لاہور: صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ بخاری کی زیر صدارت اجلاس ہو رہا ہے

لاہور: تھانہ کاہنہ کی چوکی انڈسٹریل ایریا میں پولیس اور وکلاء کی جھڑپ

مزاحمت کرنے والے 7 جاں بحق گرفتار، ترجمان ڈی آئی جی آپریشن

حکومت کی سوائے ہوائی اعلانات کوئی پراگرس نہیں عوام تنگ آچکے ہیں، چوہدری جاوید قادر

اسلام آباد، کچہری میں نامعلوم ملزمان کی فائرنگ سے 1 شخص جاں بحق، 2 افراد زخمی

نامعلوم موٹر سائیکل پر سوار 3 لوگوں نے پیشی پر آئے لوگوں پر اچانک فائرنگ کردی، ملزمان فائرنگ کر کے موقع سے فرار ہوگئے

ہمارا خطہ اور مخصوص پشتون بلوچ صوبہ بدامنی اور جنگ کی لپیٹ میں ہے، زمان خان کاکڑ

مسئلہ کشمیر کا حل جنوبی ایشیاء کے امن کیلئے ازحد ضروری ہے، صدر آزاد کشمیر

امن مسئلہ کشمیر کے حل، مقبوضہ کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی پامالی بند کرانے کیلئے بھارت پر دباؤ ڈالے

باباکوٹ، پولیس کی کارروائی، مفرور ملزم گرفتار، مسروقہ مال برآمد

عوام کی فلاح و بہبود کے لئے کام کرنا ہمارا عزم ہے۔ گورنر سندھ

22 ویں اتحاد رمضان افطار ڈنر میں مختلف ممالک کے قونصل جنرل سمیت سول ایوارڈ حاصل کرنے والی شخصیات بھی شریک تھیں



لاہور: صوبائی وزیر شافع حسین سے دارو غہ والا اور سکیاں ایریا کے مسیحی کارکنوں کا وفد ملاقات کر رہا ہے

روم، پاکستانی سفارت خانے میں یوم پاکستان کی پرچم کشائی کی تقریب



کوئٹہ: نوجوان ریڑھی پر سبزی و فروٹ فروخت کر رہا ہے

پاکستان میں سالانہ ہر ایک لاکھ میں سے 277 افراد ٹی بی کا شکار ہوتے ہیں، ماہرین

کراچی، سالانہ 6 لاکھ 86 ہزار افراد ٹی بی سے متاثر ہوتے ہیں، ڈاکٹر افتخار، سید علی حسن کا خطاب

اسلام کا اقتصادی نظام ایک علیحدہ شان رکھتا ہے، مولانا عبدالماجد

ملکی بقا کیلئے نظریہ پاکستان پر من و عن عملدرآمد کیا جائے، صوبائی صدر امن کونسل

عید کے بعد پورے پاسبان وطن ایک منظم اور مربوط رابطہ مہم کا آغاز کرے گی، طاہر کھوکھر

لوگ برادری ازم، خاندانی موروثی سیاست، اور سرمایہ داروں کے تسلط سے بیزار ہو چکے ہیں

آئی جی خیبرپختونخوا کا وزیراعلیٰ کو مراسلہ، تنخواہوں میں اضافے کا مطالبہ

کے پی کو ہارڈ ایریا قرار دے کر تنخواہیں بلوچستان پولیس کے برابر کی جائیں، مراسلہ



رکن صوبائی اسمبلی و چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اصغر علی ترین سیلابی نالے پر جاری کام کا معائنہ کر رہے ہیں



اسلام آباد، وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین گندم کے حوالے سے کمیٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

TENDER NOTICE

The Executive Engineer Buildings CW, PP&H Department District Tump invites sealed percentage tender based on Composite schedule of rates 2026, Government of Balochistan (G.O.B) amended up to-date from interested Government Contractors/Firm who renewal for the year 2027, for the work listed below: - **The Tender Fee Rs: 1000/- Deposited in shape of Green Chall in Head of account (02726),** Earnest Money 2% and Time limit 12 Months

S.No	Name of Work	E/Cost
1.	CONSTRUCTION OF BASIC HEALTH UNIT (BHU) AT UC TALAMB MAND DISTRICT TUMP **TSE-2627101213913**	33727458

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014 amended up to date. **Eligibility of Bidders:** Assignments of One Similar Nature and Complexity Turnover of at least 500,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Taxpayer List The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan Submission of the required Bidding document Fee Balochistan Revenue Authority Registration is required Registration with Pakistan Engineering Council C-6 **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,000 PKR** **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **9th November,2026** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted at the latest by **9th November,** till **12:00 PM. Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at **01:00 PM Address:** Office of Executive Engineer-Building CWPP&H Department Tump Phone no: 3337813126
Email:hammalg2005@gmail.com

Executive Engineer-Buildings CWPP&H Department District Tump

DPRQ/PRQ No.2016/23-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

فیصل آباد، مخالفین کی فائرنگ سے 3 نوجوان اور دیور نے بھابی کو موت کے گھاٹ اتار دیا

پولیس نے نعش قبضہ میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کرتے ہوئے قاتلوں کی تلاش شروع کردی

کینیا میں دہشت گردوں کا پولیس پر حملہ، 6 اہلکار ہلاک، 4 زخمی

26 نومبر احتجاج کیس، پی ٹی آئی رہنماؤں کی ضمانتوں میں توسیع


خریف سیزن، پانی کے تخمینے، دستیابی بارے ارسا کی ٹیکنیکل، ایڈوائزری کمیٹی کا اجلاس شیڈول

ٹیکنیکل کمیٹی خریف سیزن کیلئے دستیاب پانی کا تخمینہ، ایڈوائزری کمیٹی پانی کی تقسیم کی منظوری دے گی

پچھلے 78 سالوں سے ہم نے ایسے ماضی سے کوئی سبق حاصل نہیں کیا، محمد اعجاز چوہدری

بیگم نصرت بھٹو کی عوامی جمہوری خدمات پیپلز پارٹی کی قیادت اور جیالوں کے لئے مشعل راہ ہے، رہنما پیپلز پارٹی

چوہدری عبدالمجید آزاد کشمیر کی تعمیر و ترقی کے ہیرو ہیں، چوہدری بشیر شہزاد



اسسٹنٹ کمشنر کچلاک نعمت اللہ ترین بلیلی اور کچلاک بازار میں منی پیٹرول پمپوں کیخلاف کارروائی کر کے سیل کر رہے ہیں

کشمیری برادری کو مسلم لیگ ن کے جھنڈے تلے جمع کریں گے، خواجہ ساجد محمود

EXPRESSION OF INTEREST (EOI)

The Commissioner Makuran Division/Project Director, City Development Project Turbat, invites Expressions of Interest (EOIs) from reputable builders, developers, firms and investors for the **self-financed development of commercial facilities at Atta Shad Degree College, Turbat**, including shops, cafés, bookstores and other compatible commercial facilities appropriate for an educational institution.

The initiative aims to establish a **sustainable and self-reliant revenue stream** to meet the recurring operational and maintenance expenses of the College, including its public library and walking track, and to support educational and recreational activities.

The selected party shall **finance, construct and develop and maintain** the proposed commercial facilities entirely at its own cost, with no financial liability upon the Government/Project, under an appropriate revenue-sharing or other commercially viable model.

Selection shall be made through a transparent competitive process, and the project shall be awarded to the **technically qualified proposal offering the highest viable and sustainable revenue return to the College**, while ensuring compatibility with its educational character, campus security and academic activities.

The detailed Terms of Reference (TORs) and other relevant documents may be obtained during office hours from the Office of the Commissioner Makuran Division / Project Director, City Development Project, Turbat.

Interested parties shall submit their technical and financial proposals to the Commissioner Makuran Division/Project Director, City Development Project Turbat, by **10th November 2026**.

Commissioner Makuran P/D, City Development Project Turbat

DAB/AB No.459/23-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

REQUEST FOR PROPOSAL

Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required.

Request for Proposal for selection of Consultancy service invited on Electronic Public Procurement System (EPPS) from well reputed national/International firms (JV) / service provider meeting with eligibility criteria, viz having registration with FBR for Income Tax and BRA and who are on Active Taxpayers List (ATL) having registration with PEC as a Consulting Engineering Firm, and are not black listed in any procuring agency or authority for prepration of Hiring of "Consultancy Services from Consulting Firms" Titled as Consultancy services for Google Mapping, Satellite G.I.S Town Dera Murad Jamali (5050-Acre Land). The detail of consultancy services is as under:-

S. NO	NAME OF WORK	ESTIMATED COST	Date of Submission	Date of Opening
1.	Consultancy services for Google Mapping, Satellite G.I.S Town Dera Murad Jamali (5050-Acre Land) TSE-2627101214114	15,000,000/-	09 November, 2026	09 November, 2026

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014, **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan PEC/PCAD Registration Other Mandatory conditions/ eligibility criteria and Detail Marking of Evaluation Criteria mentioned in the Bidding Documents/ EPS system. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The FINANCIAL PROPOSALS shall be opened of those consultants whose technical proposal is considered and approved. The Selection of Consultants shall be made as per Evaluation Criteria method as mentioned in the 'Date Sheet' of this "Request for Proposal" document. The incomplete request for proposal or received after due date mentioned above will not be considered. The RFP Documents can be downloaded from BPPRA Website (www.bppra.gob.pk). **Last Date of bid submission**: The Tenders must be submitted latest by 9th November, 2026 till 9:00 AM **Tender opening**: All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 10:00 AM.

DEPUTY COMMISSIONER /CHAIRMAN ALLOTMENT COMMITTEE DERA MURAD JAMALI

DPRQ/PRQ No.2014/23-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

The Department Advertisement vide PRQ No. 1752/6-10-2026 published in daily news papers on 07-10-2026. The Work at serial no. 1 namely Construction of BT Road Killi Umerabad Badri Wadh PSDP No. 1346 Z2026.1450 TSE No.2627101202123 Due to Certain errors in the BOQ amount the tender opening date has been extended from 23-10-2026 to 30-10-2026. The BOQ amount has been corrected on official website.
All other terms and conditions shall remain unchanged.

EXECUTIVE ENGINEER (Roads), CW,PP&H Department District Khuzdar

PRQ No.2019/23-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily BOLAN Hub Balochistan
SPECIAL EDITION
سپیشل ایڈیشن
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کہوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 03361413769
26 فروری

مومبتی سے کریں روشن گھر



مومبتی چاہے ایک ہو یا ایک اسٹینڈ پر بہت ساری رکھی جائے، اس جگہ کی شان میں اضافہ کرتی ہے جب کہ نظر فریب اور پرکشش اسٹینڈ میں بھی موم بتیاں شاندار منظر پیش کرتی ہیں۔ گھر میں موجود دکھانے کی میز اور مرکزی کمرے کا نمایاں کونہ اس کی سجاوٹ کے لیے بہترین جگہیں ہیں۔ موم بتی کو گھر کی ترجیحی آرائش میں استعمال کریں تو جگہ گھر کے جس کونے میں بھی چاہیں سجا لیں۔


موم بتی جلانے کے لیے بھی کمرے کا انتخاب کیا جاسکتا ہے، یہ چاہے جلتی ہو یا بجھتی ہو دونوں صورتوں میں جچتی ہے۔ ایک وقت تھا موم بتی چار آنے، آٹھ آنے میں آجایا کرتی تھی، آج پانچ روپے کی موم بتی بھی نظر میں نہیں بھرتی۔ اس کے باوجود ہم نہیں کہیں گے کہ موم بتی کی روشنی اور سجاوٹ کمرے کی خوبصورتی کے ساتھ ساتھ مزاج اور جذبات پر بھی اثر انداز ہوتی ہے۔ آپ موم بتی کے اسٹینڈ خود بھی تیار کرسکتی ہیں، اس کے لیے شیشے کے گلاس، فلاسک یا بوتلوں کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔ زیادہ قدیم کی طرز کے لیے تو ہانے، لکڑی کے پینے مضبوط اسٹینڈ ہوں یا جدید دور کے نازک و نفیس شیشے کے اسٹینڈ، دونوں صورتوں میں خوبصورت لگتے ہیں۔

دور جدید میں موم بتیوں کی اقسام کو شمار میں لانا بھی مشکل ہے۔ اب ہر رنگ اور ہر سائز کی موم بتیاں بازار میں باآسانی دستیاب ہیں۔ موٹی یا پتلی ہو، چھوٹی ہو یا لمبی، اس کے ساتھ ساتھ مختلف اشکال میں دلکش موم بتیاں بھی بہت پسند کی جاتی ہیں۔ اشنان گھی، مصنوعی خوشبو والی موم بتی جلنے پر کمرہ خوشبوؤں سے مہک اٹھتا ہے۔

رنگ اور سائز سے بالا تر موم بتیاں ہر موقعے کی مناسبت سے بھی دستیاب ہیں۔ شادی بیاہ کا موقع ہو یا کسی دوست کی سالگرہ کی تقریب، میز کھانے کے لوازمات سے لدی ہو یا بچے کے سامان سے یا خاندان کے افراد کی جنگ تمام صورتوں کی مناسبت سے موم بتیاں آپ کے بجٹ کے مطابق مہیا کرسکتی ہیں۔ یہ اب آپ پر منحصر ہے کہ ایک موم بتی سے گھر جگمگا دیں یا درجن بھر لے آئیں، ان کی مدد سے آپ اپنی مرضی کا ماحول تخلیق کرسکتی ہیں۔

☆☆☆

جلد کی تروتازگی کی خاص ٹپس



ہم اپنے دفتر میں ہمیشہ سے خوبصورتی کے مصنوعی نیز طریقوں کے بارے میں سنتے آئے ہیں، جنہیں بعض لوگ پسند کرتے ہیں اور بعض پسند نہیں کرتے ہم خوبصورتی کے درج ذیل طریقے جو قدرتی طور پر حقیقی خوبصورتی کا باعث بنتے ہیں، یا عموم پسند کیے جاتے ہیں اور ان سے خوبصورتی کے حوالے سے بہت سے مسائل و معاملات پر قابو بھی پایا جاسکتا ہے، یہ ہیں جو ہر لڑکی طریقے بتاتے ہیں:

1۔ غیر اخلاقی یا حادثاتی توہین کے طریقے اور مکارا کے نکتات بنانے سے گریز کرنے کے لیے مسکرا لگاتے وقت پلاسٹک کا ایک سچ استعمال کریں اور اپنی ہونٹوں پر اس سچ کے ذریعے اسے گولائی میں گھماتے ہوئے مسکارے کے فاضل اجزا کو اس کے ذریعے سمیٹ لیں تاکہ فاضل مسکارا سچ میں چلا جائے اور پلکیں بن نہ رہے۔

2۔ پھولی یا سوجی ہوئی آنکھوں کو ظاہر کرنے کے لیے پہلے ہوئے آلو کو دو ٹکڑے کرکے دس منٹ تک اپنی آنکھوں پر رکھیں۔ آلو کے اثر سے آپ کی آنکھیں ٹھنڈی ہوجائیں گی اور سوجن کم ہوجائے گی۔

3۔ اگر آپ محسوس کرتی ہوں کہ آپ پر چربی کا بھاؤ شروع ہوچکا ہے اور اس کی وجہ سے جلد سکڑنے لگی ہے تو کافی گراؤنڈ سے اپنے جسم کو رگڑ رگڑ کر صاف کریں۔ یقین آپ کی جسانی خلیوں کو متحرک کردے گی اور کافی گراؤنڈ کی رگڑائی سے مردہ جلد پھر سے تازہ ہوجائے گی۔

4۔ کیا آپ محسوس کرتی ہیں کہ آپ کو ڈیپ کنڈیشننگ ٹریٹمنٹ کی ضرورت ہے؟ اگر اب ایسا محسوس کرتی ہو تو اپنے فریج میں سے مایونیز نکال کر اپنے ہاتھوں کے ذریعے ان کو اپنے بالوں میں میں منٹ تک مساج کریں۔ مزید فائدے کے لیے اپنے بلو ڈرائر کو بھی استعمال کیجیے تاکہ حرارت سے مایونیز اپنا کام زیادہ بہتر انداز میں انجام دے سکیں۔

5۔ اگر آپ کی نیل پالش آپ کو خشک محسوس ہونے لگی ہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس پالش کو چھٹے درجہ حرارت پر رکھنا تھا اس سے زیادہ درجہ حرارت میں یہ اسٹور کی گئی تھی، اس لیے ایسی نیل پالش فوراً فریج میں رکھ لیں۔

6۔ کام سے واپسی کے بعد بعض خواتین اور مردوں کو کافی مشقت کی وجہ سے سرخ چہرے کا عارضہ ہوجایا کرتا ہے۔ اس سے نجات پانے کا ایک آسان طریقہ یہ ہے کہ Antihiotamine لیں جس کے نتیجے میں چہرے کی سرخی بڑی حد تک کم ہوجائے گی۔

7۔ خواتین کے بیوں میں ہمیشہ پھلے پڑجاتے ہوں یا نئے جوتے آپ کے پیروں میں پھالے ڈال دیتے ہیں تو پھالوں کے مقام پر تھوڑی سی ویزلین کا ساج کریں، جس کی وجہ سے پھالے تدریج کم ہوجائیں گے۔ ویزلین کے استعمال سے رات کے اوقات میں آپ کے پیروں میں چبھن بھی نہیں ہوگی۔

8۔ بھنڑ کیلے کیلئے نیل پالش کو ہٹانا نہایت ناخوشگوار ہوتا ہے لیکن اگر یہ ضروری ہو تو آپ روئی کے پھوے کو نیل پالش ریموور میں ڈبو کر اپنے ناخن پر رکھیں اور پانچ منٹ تک روئی کے پھوے کو ناخن پر رکھ کر تھوڑا سا رگڑیں تو اس کی چمک فوری طور پر ماند پڑ جائے گی اور نیل پالش اتر جائے گی۔

9۔ گھر کے کام کاج میں بعض دفعہ انگلیاں تھک جاتی ہیں، ان کو تازہ دم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ آپ اپنی انگلیوں کو تین منٹ تک ٹھنڈے پانی میں ڈبوئے رکھیں۔ تین منٹ بعد آپ کے ناخن اور انگلیاں خشک اور تازہ دم ہوجائیں گے۔

☆☆☆

دسترخوان کی شان

چٹ پٹے پکوان

قیمہ کا مولڈ سلاد

ضروری اشیا:
قیمہ (باجھ کا ٹا): 250 گرام
مایونیز: 1/2 کپ
لہسن ادرک پیسٹ: 1/2 چائے کا چمچ
سرکہ: 1 کھانے کا چمچ
کرم: 1/2 کپ
چیاں پاؤڈر: 3 چائے کے چمچے
نمکی: 1/2 کپ
ٹیکروئی (ابال لیں): 1 کپ
کشمش: 1/2 کپ

ترکیب: قیمہ میں سرکہ، نمک، سفید مرچ پاؤڈر اور لہسن، ادرک پیسٹ ڈال کر اچھی طرح پانی کے ڈالے بغیر اچھی آنچ پر پکا لیں اور بھون کر خشک کرلیں چیاں کو گرم پانی میں ڈال کر پھلا لیں۔ ایک پیالے میں مایونیز کرم، چیاں، بیکروئی، کشمش، سفید مرچ پاؤڈر، نمک اور سفید مرچ پاؤڈر اچھی طرح مکس کرلیں۔ ایک مولڈ پین کو تیل لگا کر چکنا کرلیں۔ اس میں سلاد کا آمیزہ ڈال کر اوپر فوائل پیپر سے کور کردیں اور فریج میں 5-6 گھنٹے تک رکھیں سیٹ ہوجائے تو اسے الٹ کر نکال لیں۔ گارنش کرکے سرو کریں۔

کوفتہ کباب

ضروری اشیا:
قیمہ: 500 گرام
زیرہ پاؤڈر: 1 چائے کا چمچ
لال مرچ پاؤڈر: 1 چائے کا چمچ
پیاز (باریک چوپ کرلیں): 1/2 کپ
نمک: حسب ذائقہ
ہارٹیل پاؤڈر: 1 کھانے کا چمچ
ہیسن: 2 کھانے کے چمچے
ادرک (کش کرلیں): 1/2 چائے کا چمچ
اسٹیک: 500 گرام (کیوبز میں کٹی ہوئی)
کری پاؤڈر: 2 کھانے کے چمچے
شملہ مرچ: 1 عدد (کیوبز میں کٹی ہوئی)
پودینہ (چوپ کرلیں): 1/2 کپ
ہرا دھنیا: 1/2 کپ (چوپ کرلیں)
ہری مرچیں: 1 کھانے کا چمچ (چوپ کرلیں)
انڈے: 2 عدد
ہری پیاز (چوپ کرلیں): 1/2 کپ
ٹماٹر (چوپ کرلیں): 1 عدد
لیموں کا آٹا: 3-4 کھانے کے چمچے
تیل: 1/2 کپ
لہسن ادرک پیسٹ: 1 کھانے کا چمچ
پیاز (پکوکٹ کاٹ لیں): 1 کپ
ٹماٹر: 3 عدد (سلائس کاٹ لیں)
ہری مرچیں: 4 عدد (چوپ کرلیں)
نمک: حسب ضرورت

ترکیب:
قیمے کے درمیانے سائز کے ٹکڑے کاٹ کر اچھی طرح دھولیں۔ پیاز کو لمبے دراکاٹ لیں۔ دیگی پینسٹ لیں۔ ایک دیگی میں پیاز کے لمبے اور گول کرتلے پر رکھ دیں۔ پیاز باداسی ہوجائے تو اس میں لال مرچ پاؤڈر، ہلدی پاؤڈر، سیاہ مرچیں، لونگ، ادرک لہسن پیسٹ اور 1 کپ پانی ڈال کر مصالحہ بھون لیں۔ اب گیلی ڈال دیں۔ جب گیلی کا بساندا پانی خشک ہوجائے تو تلے کیے حسب اندازہ پانی ڈال دیں۔

گیلی بھی جائے تو دہی ڈال دیں 2-4 منٹ بعد ستھی بھی شامل کردیں۔ دہی کا پانی بھون جائے اور گیلی بھی چھوڑنے تو گرم مصالحہ پاؤڈر ڈال کر آنچ سے اتار لیں۔

ڈش میں نکال کر نان کے ساتھ سرو کریں۔

کلیجی قورمہ







کڑاہی چلی کباب

ضروری اشیا:
قیمہ دوکھا: 500 گرام (باریک پسا ہوا)
ادرک پیسٹ: 1 کھانے کا چمچ
لہسن (چوپ کرلیں): 1 کھانے کا چمچ
نمک: حسب ذائقہ
کٹی لال مرچیں: 1 چائے کا چمچ
انار دانہ: 1 چائے کا چمچ
گرم مصالحہ پاؤڈر: 1/2 چائے کا چمچ
زیرہ (کٹا ہوا): 1 چائے کا چمچ
دھنیا (کٹا ہوا): 1 چائے کا چمچ
سفید مرچ پاؤڈر: 1/2 کپ
لہسن، ادرک پیسٹ: 1/2 چائے کا چمچ
مسٹرڈ پیسٹ: 1/2 چائے کا چمچ
انڈا (چوپ کیے ہوئے): 1/2 کپ
نمک: حسب ذائقہ

ترکیب: قیمے میں سرکہ، نمک، سفید مرچ پاؤڈر اور لہسن، ادرک پیسٹ ڈال کر انگلیوں سے ڈالے بغیر پانی کی آنچ پر پکا لیں اور بھون کر خشک کرلیں چیاں کو گرم پانی میں ڈال کر نچوڑ لیں۔ ایک پیالے میں مایونیز کرم، چیاں، بیکروئی، کشمش، سفید مرچ پاؤڈر، نمک اور سفید مرچ پاؤڈر اچھی طرح مکس کرلیں۔ ایک مولڈ پین کو تیل لگا کر چکنا کرلیں۔ اس میں سلاد کا آمیزہ ڈال کر اوپر فوائل پیپر سے کور کردیں اور فریج میں

تیل: تلنے کیلئے

ترکیب:
قیمہ میں زیرہ پاؤڈر، لال مرچ پاؤڈر، پیاز، نمک، ہارٹیل پاؤڈر، ہیسن ملا کر چوپر میں پیس لیں اور گوندھ کر کم تیل میں فرائی کرلیں۔ پلیٹ میں نکال کر ہاتھ دھی کی چٹنی کے ساتھ پیش کریں۔

مائلڈ مٹن کری

ضروری اشیا:
تیل: 1/2 کپ
پیاز (چوپ کی ہوئی): 2 عدد
لہسن کا جوا (کٹا ہوا): 1 عدد
مٹنی (گوشت کی): 200 ملی لیٹر
ٹماٹو پیوری: 2 کھانے کے چمچے
ڈبل کریم: 200 ملی لیٹر
بادام (کٹے ہوئے): 1 کھانے کا چمچ
نمک، سیاہ مرچ پاؤڈر: حسب ذائقہ
ٹماٹر: 3 عدد (چوپ کیے ہوئے)

ترکیب: تیل گرم کرکے اس میں پیاز، ادرک لہسن ڈال کر نرم ہونے تک پکا لیں۔ اس میں گوشت اور کری پاؤڈر ڈال کر پکا لیں۔ اب شملہ مرچ ڈال کر 1 منٹ پکا لیں مٹنی، ٹماٹو پیوری، ڈبل کریم، بادام، نمک اور سیاہ مرچ شامل کریں۔ ایک ابال آنے پر ہلکی آنچ کرکے ڈھک کر 45 منٹ تک پکا لیں۔ ٹماٹر ڈال کر 5-10 منٹ پکا لیں۔ تیار ہونے پر سرو کریں۔

ضروری اشیا:
گیلی: 1/2 کلو
لال مرچ پاؤڈر: 1/2 چائے کا چمچ
ہلدی پاؤڈر: 1/2 چائے کا چمچ
گرم مصالحہ پاؤڈر: 1/2 چائے کا چمچ
سیاہ مرچیں: 5 عدد
لونگ: 4 عدد
سوکھی مٹھی: 1/2 چائے کا چمچ
پیاز (درمیانے سائز کی): 3 عدد
ادرک لہسن پیسٹ: 1 چائے کا چمچ
دہی: 1 کپ
گھی: 1/4 کپ
ہرا دھنیا (چوپ کیا ہوا): 1/2 کپ

ترکیب:
قیمے کو چوپر میں پیس لیں قیمے میں ادرک پیسٹ، لہسن، نمک، کٹی لال مرچیں، انار دانہ، گرم مصالحہ پاؤڈر، زیرہ، ثابت دھنیا پودینہ، ہرا دھنیا، ہری مرچیں، ہری پیاز، گھی کا آٹا، ٹماٹر انار دانہ اور ایک انڈا اچھا کرکس کریں۔ کچا انڈا ڈال کر تمام چیزوں کو اچھی طرح مکس کریں اور اوول شیپ میں ہاتھ گرم تیل میں فرائی کرکے پلیٹ میں نکال لیں۔

اب ایک کڑاہی میں تیل میں لہسن ادرک پیسٹ فرائی کریں پیاز ڈال کر براؤن کرکے فرائی کباب ہرا دھنیا ہری مرچیں ڈال کر دھکن لگا کر 10 منٹ دم پر رکھیں۔ نان یا چپاتی سلاد رائتہ کے ساتھ پیش کریں۔

☆☆☆

بقیہ نمبر 1

انسانیت دشمن، بزدلانہ اور انتہائی قابلِ نفرت کارروائی قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بے گناہ اور معصوم شہریوں کی جانوں سے کھیلنے والے عناصر کسی بھی صورت میں رعایت یا ہمدردی کے مستحق نہیں ہو سکتے دہشتگردوں کو جلد جہنم واصل کر دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایسے درندہ صفت اور دہشت گرد عناصر نہ صرف انسانیت کے دشمن ہیں بلکہ پوری مہذب دنیا کے لیے ایک ناسور ہیں، جن کا کوئی مذہب، کوئی اخلاق اور کوئی اصول نہیں ہوتا۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ کوئٹہ میں ہونے والا یہ دھماکہ ایک بار پھر اس بات کا ثبوت ہے کہ دشمن عناصر ملک میں بدامنی، خوف اور انتشار پھیلانے کے درپے ہیں۔ تاہم وہ یہ بات اچھی طرح جان لیں کہ پاکستانی قوم کسی بھی قسم کی دہشت گردی یا بزدلانہ کارروائی سے مرعوب نہیں ہو سکتی۔ ہر ایسے حملے کے بعد قوم کا حوصلہ مزید بلند ہوتا ہے اور دہشت گردی کے خلاف قومی عزم پہلے سے زیادہ مضبوط اور غیر متزلزل ہو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے یہ واقعات نہ صرف قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کا سبب ہیں بلکہ معاشرتی امن، بھائی چارے اور استحکام کو نقصان پہنچانے کی ناکام کوشش بھی ہیں۔ لیکن پاکستانی قوم نے ہمیشہ ثابت کیا ہے کہ وہ مشکل حالات میں مزید متحد ہو جاتی ہے اور دشمن کے تمام ناپاک عزائم کو ناکام بناتی ہے۔ انہوں نے دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے درجات کی بلندی، مغفرت اور لواحقین کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اس دکھ اور کرب کی گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے بھی خصوصی دعا اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ ریاست اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو چاہیے کہ وہ اس افسوسناک واقعے کی فوری، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کو یقینی بنائیں اور اس گھناؤنے جرم میں ملوث عناصر کو بے نقاب کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ ایسے واقعات میں کسی قسم کی غفلت یا کمزوری کسی صورت قابل قبول نہیں، کیونکہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے ناپاک عزائم کو ہر صورت ناکام بنایا جائے گا۔ ماضی کی طرح مستقبل میں بھی پاک فوج اور سیکیورٹی ادارے ان بزدل عناصر کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے ہیں اور ہر سازش کو ناکام بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی اور پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی بہادر افواج اور سیکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ ملک دشمن عناصر کو ہر محاذ پر شکست دی جائے گی اور پاکستان کو امن، ترقی اور استحکام کی راہ پر گامزن رکھنے کا سفر جاری رہے گا۔ آخر میں انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ قوم کا ہر فرد اس جنگ میں اپنا کردار ادا کرے گا اور انشاء اللہ وہ دن دور نہیں جب پاکستان سے دہشت گردی کا مکمل خاتمہ ہو گا اور دشمنوں کے چند ٹکوں پر پلنے والے مفاد پرست اور ملک دشمن عناصر اپنے انجام کو پہنچیں گے

بقیہ نمبر 2

ٹرسٹ اور ریسکیو 1122 کی ایمبولینسز فوری طور پر جائے حادثہ پر پہنچ گئیں اور امدادی کارروائی شروع کر دی۔ تمام لاشوں اور زخمیوں کو فوری طور پر ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال اوتھل منتقل کیا گیا۔ خوفناک حادثے کی اطلاع ملتے ہی ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ، ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فرید اللہ شاہ ہاشمی، ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال اوتھل ڈاکٹر اویس واجد، ایدھی بلوچستان کے انچارج ڈاکٹر عبدالحکیم لاسی، لسبیلہ ویلفیئر ٹرسٹ کے انچارج محمد رمضان جاموٹ اور ایس ایچ او اوتھل عبدالوحید مگسی فوری طور پر ڈی ایچ کیو ہسپتال اوتھل پہنچ گئے۔ ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ نے ہسپتال میں فوری ایمرجنسی نافذ کر دی اور ڈاکٹروں و پیرامیڈیکل اسٹاف کو ہائی الرٹ رہنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ زخمیوں کو علاج معالجے کی ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے اور شدید زخمیوں کو فوری طور پر کراچی منتقل کرنے کے انتظامات مکمل کیے جائیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق مسافر کوچ تربت سے کراچی جبکہ منی وین حب سے بیلہ کی جانب جا رہی تھی کہ وٹہ پل کے مقام پر تیز رفتاری کے باعث دونوں میں آمنے سامنے تصادم ہو گیا۔ اوتھل پولیس نے دونوں گاڑیوں کو اپنی تحویل میں لے کر مزید تفتیش شروع کر دی ہے، جبکہ ضروری قانونی کارروائی کے بعد جاں بحق افراد کی لاشیں ورثا کے حوالے کر دی گئی ہیں۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق متعدد زخمیوں کی حالت تشویشناک ہے جس کے باعث جاں بحق افراد کی تعداد میں اضافے کا خدشہ ہے

بقیہ نمبر 3

ور ملک میں پیٹرولیم مصنوعات پر عائد لیوی کے تناظر میں مشیرِ وزارتِ خزانہ خرم شہزاد کا ایک عجیب و غریب بیان سامنے ایا ہے، انہوں نے پیٹرول کی قیمتوں کا بوجھ برداشت کرنے کے حوالے سے طبقاتی فرق کی وضاحت کے دوران انوکھی منطق پیش کر دی۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر خزانہ کے مشیر اور ممتاز ماہرِ معیشت خرم شہزاد نے پیٹرول کی قیمتوں پر ہونے والی تنقید کا جواب دیتے ...

غازیوں سمیت پاکستانی عوام کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے اس بات کا اعادہ کیا کہ عوام کی حمایت سے پاکستان دہشت گردوں اور ان کے بگڑے ہوئے نظریات کو ضرور شکست دے گا۔ قبل ازیں پشاور آمد پر کور کمانڈر پشاور نے آرمی چیف کا استقبال کیا

بقیہ نمبر 7

شہباز شریف نے ملکی زرعی شعبے کے فروغ، کسانوں کے معاشی مفادات کے تحفظ اور آئندہ سال گندم کی پیداوار میں اضافے کیلئے بڑا اقدام اٹھاتے ہوئے 2027 کی گندم کی مجوزہ قیمت 4500 روپے فی من مقرر کرنے کا فیصلہ کیا ہے، گزشتہ سال گندم کی قیمت 3500 روپے فی من مقرر تھی جس کے مقابلے میں نئی قیمت میں 1,000 روپے فی من اضافہ کیا گیا ہے۔ وزیراعظم نے اس فیصلے کیلئے مشاورتی عمل میں تعاون اور قابلِ قدر تجاویز پیش کرنے پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا خصوصی شکریہ اور ان کے اس مشاورتی عمل میں کردار کی تعریف کی۔ وزیراعظم نے وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کے تعاون پر بھی اظہار تشکر کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت کی جانب سے گندم کی مجوزہ قیمت میں اضافے کا مقصد کسانوں کو بڑھتی ہوئی پیداواری لاگت، پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے اور مہنگائی کے دباؤ سے ریلیف فراہم کرنا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ کسانوں کو گندم کی کاشت کے لیے مؤثر ترغیب دینا فیصلے کے اولین مقاصد میں شامل ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ توقع ہے کہ نئی مجوزہ قیمت سے کسانوں کو اپنی پیداواری لاگت پوری کرنے اور مناسب منافع حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ گزشتہ برسوں کے دوران کسانوں کو مہنگائی اور زرعی اخراجات میں اضافے کے باعث مالی مشکلات کا سامنا رہا، جبکہ پاکستان کو گزشتہ دو برسوں میں گندم کی درآمد بھی کرنا پڑی۔ شہباز شریف نے کہا کہ گندم کی مجوزہ قیمت میں اضافہ کا کلیدی فیصلہ ملکی غذائی تحفظ کو مضبوط بنانے، مقامی پیداوار کی حوصلہ افزائی اور زرعی شعبے میں استحکام کے لیے اہم پیش رفت ثابت ہو گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت کو توقع ہے کہ مجوزہ قیمت کے تعین سے کاشت کار گندم کی کاشت میں زیادہ دلچسپی لیں گے، جس کے نتیجے میں آئندہ سیزن میں گندم کی بھرپور بوائی اور ملکی پیداوار میں اضافے کے امکانات روشن ہوں گے۔ وزیراعظم نے یہ اقدام کسانوں کی معاشی بہتری، زرعی معیشت کے استحکام اور ملک کو غذائی ضروریات کے ضمن میں زیادہ خود کفیل بنانے کی کوششوں میں اہم سنگِ میل ثابت ہو گا۔ توقع ہے کہ سال 2027 پاکستان کے زرعی شعبے اور کسانوں کی خوشحالی کے لیے مثبت نتائج کا حامل ہو گا

بقیہ نمبر 8

ہے ہیں۔ انہوں نے افغانستان سے دہشتگردی اور منشیات کی اسمگلنگ کے خدشات پر شدید تشویش ظاہر کی اور کہا کہ شنگھائی تعاون تنظیم کی رکن ریاستوں کیلئے افغانستان اب بھی بڑی تشویش کا باعث ہے

بقیہ نمبر 9

کے دوران سیکیورٹی فورسز کا کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے کہا گیا کہ گوادر میں آپریشنز مکمل کر کے امن و امان اور ریاستی عملداری بحال کر دی گئی ہے، خاتون کو حملے میں زبردستی استعمال کرنا بلوچ خواتین کی حرمت کے منافی ہے، دہشت گرد بلوچ خواتین کو پروپیگنڈے اور عوامی جذبات بھڑکانے کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ دہشت گردوں کا مقصد بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کی راہ میں رکاوٹ ڈالنا تھا، عزمِ استحکام کے تحت انسدادِ دہشت گردی کی مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی، ملک سے بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔ اپنے بیان میں صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے گوادر میں فتنۂ الہندوستان کے دہشت گردوں کے حملے کو ناکام بنانے اور دس دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے امن و استحکام کے خلاف سازشیں صوبے کے عوام کی ترقی اور خوشحالی کے عزم کو متزلزل نہیں کر سکتیں۔ صدر زرداری نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کے حقوق اور مفادات کے تحفظ کے لیے امن کا قیام ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچ خواتین کے وقار کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرنا قابلِ مذمت ہے۔ اپنے بیان میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے گوادر میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کے افسران و جوانوں کی پزیرائی کی۔ وزیر اعظم نے گوادر میں دہشتگردی کی کارروائیوں کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 10 دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کے افسران و جوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی۔ وزیرِ اعظم نے دہشتگردوں کے حملے کے دوران ایک شہری کی شہادت پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم نے شہید کی بلندی درجات اور اہل خانہ کیلئے صبر کی دعا کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کے فرض شناس و بہادر افسران اور جوانوں نے گوادر شہر اور گبد بارڈر کراسنگ کے اطراف دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنا دیے۔ شہباز شریف نے کہا کہ دہشتگرد، بلوچستان کے عوام کی ترقی و خوشحالی کے دشمن ہیں، فتنہ الہندوستان کے دہشتگرد اپنے ...

فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی کے زیر اہتمام سرمایہ کار کانفرنس

تقریب کے آغاز میں ڈائریکٹر ایڈمن تنویر حیدر کھوکھر نے تمام شرکا کو خوش آمدید کہا

اتھارٹی اور سرمایہ کاروں کے درمیان باہمی اعتماد، شفافیت اور تعاون ہی مستقبل کے کامیاب منصوبوں کی بنیاد ہے

اسلام آباد (بولان بیورو) کامیاب سرمایہ کاروں میں ایکسپٹنس لیٹرز (Acceptance Letters) اور ایوارڈز تقسیم، سرمایہ کاروں کو خصوصی سہولیات اور فوری مسائل کے حل کی یقین دہانی آج مورخہ 22 اکتوبر 2026 بروز جمعرات فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاسنگ اتھارٹی (FGEHA) کے زیر اہتمام کامیاب سرمایہ کاروں کے اعزاز میں ایک خصوصی انویسٹر کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، جس میں حالیہ آکشن میں کامیاب ہونے والے سرمایہ کاروں میں Acceptance Letters اور Awards تقسیم کیے گئے۔ تقریب میں فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاسنگ اتھارٹی کے ا (بقیہ نمبر 33 صفحہ 7پر)



گورنمنٹ ایمپلائز ہاسنگ اتھارٹی (FGEHA) کے زیر اہتمام کامیاب سرمایہ کاروں کے اعزاز میں ایک خصوصی انویسٹر کانفرنس کا انعقاد کیا گیا

حب سٹی پولیس کی کارروائیاں، ڈکیتی و چوری کے ملزمان گرفتار

منشیات اور غیر قانونی اسلحہ برآمد، مسروقہ موٹر سائیکل مالک کے حوالے

حب (نمائندہ بولان) حب سٹی پولیس کی کارروائیاں، ڈکیتی و چوری کے ملزمان گرفتار، منشیات اور غیر قانونی اسلحہ برآمد، مسروقہ موٹر سائیکل مالک کے حوالے، اس حوالے (بقیہ 34 صفحہ 7پر)

اوتھل ٹریفک حادثہ ایک افسوسناک اور دل دہلا دینے والا سانحہ ہے، مفتی عبدالولی

اللہ تعالیٰ تمام زخمیوں کو جلد صحتِ کاملہ عطا فرمائے، متاثرہ خاندانوں کی مشکلات آسان فرمائے

حب (پ ر) اوتھل ٹریفک حادثہ ایک افسوسناک اور دل دہلا دینے والا سانحہ ہے ان خیالات کا اظہار امیر جمعیت علماء اسلام، تحصیل حب مفتی عبدالولی نے اپنے جاری کردہ بیان میں افسوسناک ٹریفک حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ، رنج و غم اور دلی افسوس کا اظہار کیا ہے، انہوں (بقیہ 35 صفحہ 7پر)

امارات میں آئل ٹینکر سے تیل کا اخراج، ام القوین کے تمام ساحل عارضی طور پر بند

خصوصی ٹیموں نے متاثرہ علاقوں کو گھیرے میں لینے اور صفائی کے لیے کارروائیاں شروع کر دیں، حکام

شارجہ، عجمان اور ام القوین کے رہائشیوں نے غیر معمولی بدبو کی شکایات بھی کیں

ابوظہبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات میں آئل ٹینکر سے تیل کے اخراج کے باعث سمندری آلودگی پھیلنے کے بعد ام القوین کے تمام ساحل اور ساحلی علاقے عارضی طور پر بند کر دیے گئے۔ وزارتِ موسمیاتی تبدیلی و ماحولیات کے مطابق نگرانی کے نظام نے تیل کے اخراج کا پتہ لگایا، جس کے بعد شارجہ، عجمان اور ام القوین کے رہائشیوں نے غیر معمولی بدبو کی شکایات بھی کیں۔ وزارت کا (بقیہ نمبر 37 صفحہ 7پر)

پٹرول قیمت میں کمی سے شہری غیر مطمئن، بائیک رائیڈرز ریٹ کے منتظر

حکومت کے سامنے تین بڑے آپشنز پیش کر دیئے گئے ہیں، سہولت بازاروں میں 10 سے 20 فیصد سبسڈی کی تجویز

منڈیوں بیوپاریوں کیلئے سبسڈی کی بھی، منڈیوں کے رجسٹرڈ کاروباری افراد کو سبسڈی دی جائے گی، حتمی منظوری وزیراعلیٰ دیں گی

لاہور (این این آئی) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد ضروری اشیاء پر عوامی ریلیف کا پلان تیار کر لیا گیا جس کے تحت اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں کمی کے لیے سبسڈی دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق حکومت کے سامنے تین بڑے آپشنز پیش کر دیئے گئے ہیں، سہو (بقیہ 36 صفحہ 7پر)



تربت، ڈپٹی کمشنر یاسر اقبال دشتی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ ڈسٹرکٹ حب کی کابینہ میں عہدوں کی ردوبدل

تمام عہدیداران سے توقع ہے کہ وہ اپنی نئی ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے نبھاتے ہوئے تنظیمی سرگرمیوں میں اپنا کردار ادا کریں گے

حب (پ ر) پاکستان مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ ڈسٹرکٹ حب کی کابینہ میں عہدوں کی ردوبدل، پاکستان مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ ڈسٹرکٹ حب کے صدر نعمان فتح بلوچ نے صوبائی جنرل سیکریٹری میر سجاد رئیسانی کی مشاورت سے ضلعی کابینہ کی تنظیم نو کرتے ہوئے موجودہ عہدیداران کے (بقیہ 38 صفحہ 7پر)



کوئٹہ۔ ایپکا ماحولیات کوئٹہ یونٹ کے نومنتخب صدر زاہد خراسانی اور فہیم کاکڑ ایپکا کوئٹہ کے الیکشن کمشنر ارباب عبد الخالق کاسی سے کامیابی کا نوٹیفکیشن وصول کر رہے ہیں رحمت اللہ زہری اور سرور مینگل بھی موجود ہیں

روبینہ خالد سے علی قاسم گیلانی اور خورشید جونیجو کی ملاقات

مستحق خاندانوں کو مالی معاونت کی فراہمی، مستحق خواتین کے لیے سہولیات میں بہتری اور پروگرام کے جاری اقدامات سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

ڈیجیٹل والٹس کے ذریعے ادائیگیوں کے نظام اور مستحق خاندانوں کی فلاح و بہبود کے لیے جاری کوششوں کی اہمیت پر بھی گفتگو کی گئی

اسلام آباد (بولان بیورو) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد سے ممبران قومی اسمبلی علی قاسم گیلانی اور خورشید جونیجو نے بی آئی ایس پی ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت مستحق خاندانوں کو مالی معاونت کی فراہمی، مستحق خواتین کے لیے سہولیات میں بہتری اور پروگرام کے جاری اقدامات سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مستحق خواتین تک مالی امداد کی شفاف اور آسان فراہمی، ڈیجیٹل والٹس کے ذریعے ادائیگیوں کے نظام اور مستحق خاندانوں کی فلاح و بہبود کے لیے جاری کوششوں کی اہمیت پر بھی گفتگو کی گئی۔ چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ (بقیہ 39 صفحہ 7پر)

سابق وزیراعظم نواز شریف طبی معائنے کے بعد وطن واپس پہنچ گئے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف لندن میں طبی معائنے کے (بقیہ 40 صفحہ 7پر)

گردوں کی صحت کے لیے 7 غذائیں مفید، نمک کا کم استعمال بھی ضروری

سیب، اسٹرابیری، ترش پھل اور مختلف سبزیاں متوازن غذا کا اہم حصہ، ماہرین کا بلڈ پریشر اور ذیابیطس قابو میں رکھنے پر زور

کراچی (این این آئی) گردے انسانی جسم سے فاضل مادوں کے اخراج، خون کی صفائی اور پانی و نمکیات کا توازن برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، جبکہ متوازن غذا اور صحت مند طرزِ زندگی گردوں کی صحت برقرار رکھنے میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔ طبی ماہرین کے مطابق روزمرہ خوراک میں نمک کا استعمال محدود رکھنے کے ساتھ پھلوں اور سبزیوں کو مناسب مقدار میں شامل کرنا مجموعی (بقیہ 41 صفحہ 7پر)

معروف صحافی، ادیب اور بلند پایہ خطیب آغا شورش کاشمیری کی 51ویں برسی (آج) منائی جائے گی

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان کے معروف صحافی، ادیب اور بلند پایہ خطیب آغا شورش کاشمیری کی 51ویں برسی (آج) 24 اکتوبر کو منائی جائے گی اس سلسلے میں فیصل آباد سمیت ملک بھر کے ادبی و صحافتی حلقوں میں تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں مقررین آغا شورش کا (بقیہ 42 صفحہ 7پر)

لانس نائیک محمد محفوظ شہید نشان حیدر کا 82واں یوم پیدائش (کل) 25 اکتوبر کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاک فوج کے مایہ ناز سپوت لانس نائیک محمد محفوظ شہید نشان حیدر کا 82واں یوم پیدائش 25 اکتوبر کو منایا جائے گا اس سلسلے میں فیصل آباد سمیت ملک (بقیہ 43 صفحہ 7پر)

معیشت سے جڑے شعبوں کے مسائل کے حل کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائیگی، خادم حسین

معاشی استحکام کیلئے لاگت میں کمی، ٹیکس نظام میں اصلاحات، کاروبار دوست پالیسیاں ناگزیر ہیں

مقامی، غیر ملکی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنے کے لیے پالیسیوں میں تسلسل لانا ہوگا، نائب صدر لاہور چیمبر

لاہور (این این آئی) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر چوہدری خادم حسین نے کہا ہے کہ معیشت سے جڑے شعبوں کے مسائل کے حل کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی اور اس کے لئے ہر فورم تک آواز پہنچائیں گے، ملکی معیشت کی پائیدار ترقی کے لیے کاروباری ماحول کو سازگار بنانے، صنعتی پیداواری لاگت کم کرنے، ٹیکس نظام میں اصلاحات متعارف کرانے اور برآمدات کے فروغ کے لیے جامع حکمت عملی اختیار کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ صنعتکاروں، تاجروں، (بقیہ 44 صفحہ 7پر)

دالبندین اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 5.1 ریکارڈ

زلزلے کا مرکز دالبندین سے 15 کلومیٹر مشرق میں تھا، لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے علاقے دالبندین اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے، زلزلے کی شدت ریکٹر اسکیل پر 5.1 ریکارڈ کی گئی۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کا مرکز دالبندین سے 15 کلومیٹر مشرق میں تھا جبکہ گہرائی 53 کلومیٹر زیر زمین تھی۔ زلزلے (بقیہ نمبر 47 صفحہ 7پر)

عوام اپنے حقوق کے تحفظ کیلئے بیدار ہو چکے ہیں، مولانا عبدالواسع

جس ولولے، جذبے اور پُرعزم انداز سے عوام سڑکوں پر نکلے، وہ نہایت قابلِ دید اور حوصلہ افزا ہے

تحریک کے اگلے مرحلے کے طور پر 10 تاریخ کو صوبے کے تمام اضلاع سے قافلے کوئٹہ کا رخ کریں گے، جہاں ایک عظیم الشان اجتماع اور احتجاجی مظاہرہ منعقد کیا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے صوبہ بھر میں کامیاب شٹر ڈاؤن، بڑی احتجاجی ریلیوں اور مظاہروں کے انعقاد پر انجمنِ تاجران، تمام تاجر برادری، اضلاع کے ذمہ داران، جید علماء کرام اور کارکنان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہوئے (بقیہ 45 صفحہ 7پر)



کوئٹہ، سمنگلی روڈ پر سیوریج لائن بند پڑا ہوا ہے

مسمار کر کے بے گناہ کشمیریوں کو سزا دی جا رہی ہے، محبوبہ مفتی

مقبوضہ جموں و کشمیر کے لوگ خوف میں جبکہ آزاد کشمیر کے لوگ بے خوف زندگی جی رہے ہیں

آزاد کشمیر کے لوگ ایسے کالے قوانین سے آزاد ہیں اور شہری علاقوں میں فوج کی بھاری موجودگی نظر نہیں آتی

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی (پی ڈی پی) کی صدر محبوبہ مفتی نے پاکستان اور کشمیریوں کے ساتھ بات چیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں لوگ خوف کی زندگی گزار رہے ہیں جبکہ کنٹرول لائن کے اس (بقیہ 46 صفحہ 7پر)

تبت میں زلزلہ، 16 افراد ہلاک، سیکڑوں مکانات منہدم

ٹرانسپورٹ روابط منقطع ہو گئے، ہنگامی سامان کو علاقے میں منتقل کر دیا گیا

علاقے میں سطح II- کے زلزلے کی تباہی سے نمٹنے کے لیے ہنگامی ردعمل کیا گیا ہے

بیجنگ (این این آئی) تبت میں 7 شدت کے زلزلے سے کم از کم 16 افراد ہلاک اور 54 زخمی ہو گئے، ناگکو میں سینکڑوں مکانات منہدم ہو گئے۔ امریکی جیولوجیکل سروے نے بتایا کہ زلزلہ مقامی وقت کے مطابق رات 10:33 پر آیا۔ یوایس جی ایس نے کہا کہ زلزلے کا مرکز شمالی تبت کے ایک کم آبادی والے، اونچائی والے علاقے میں ناگکو سے 191 کلومیٹر مشرق شمال مشرق (بقیہ 50 صفحہ 7پر)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا گوادر میں دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنانے پر اظہار تشکر

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے گوادر میں دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنانے پر اظہار تشکر کیا۔

ماسکو، طلبہ کا پاکستانی سفارتخانے کا دورہ، پاکستانی سفیر کی جانب سے وفد کا خیر مقدم

پاکستان اور روس کے تعلقات، عوامی سطح پر روابط کی اہمیت کے بارے میں تبادلہ خیال

ماسکو (این این آئی) روسی فیڈریشن میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی نے جمہوریہ تاتارستان کے شہر کازان سے آئے ہوئے طلبہ کے ایک وفد کا ماسکو میں پاکستانی سفارت (بقیہ 51 صفحہ 7پر)

سکوٹی پر سفر کرتی لڑکی سے غنڈہ گردی اور تشدد کرنے والا ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے مزنگ میں سکوٹی پر سفر کرتی لڑکی سے غنڈہ گردی اور تشدد کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق ملزم غلام مصطفیٰ نے مزنگ لنک روڈ پر موٹر سائیکل سوار لڑکی کو ٹکر مار کر زبردستی راستہ روکا۔



ٹھٹھہ: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر II- ولید احمد ڈاوچ اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر سید صفدر علی شاہ دورانِ ڈیوٹی انتقال کرنے والے پولیو ورکر عبدالقیوم درس کی بیوہ شہناز درس کو حکومت سندھ کی جانب سے معاوضے کا چیک دے رہے ہیں

لاہور، ڈیفنس فیز 6 میں ٹریفک حادثے میں 3 نوجوان جاں بحق، ایک زخمی

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے ڈیفنس فیز 6 میں ٹریفک حادثے کے نتیجے میں 3 نوجوان جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہو گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق تیز رفتار گاڑی بیریئر سے ٹکرانے کے بعد بے قابو ہو کر درخت سے جا ٹکرائی، حادثے میں دو نوجوان موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے جبکہ تیسرا نوجوان ہسپتال منتقل کئے جانے کے دوران دم توڑ گیا۔ حکام کے مطابق حادثے میں جاں بحق ہونے والوں کی شناخت 24 سالہ عبدالحنان، 28 سالہ مصطفیٰ اور 22 سالہ فیضان کے نام سے ہوئی ہے۔

سوراب۔ غیر حاضر طبی عملے، عطائی ڈاکٹروں اور بغیر لائسنس میڈیکل اسٹورز کے خلاف سخت کارروائی کا فیصلہ

ضلع بھر میں عطائی ڈاکٹروں اور بغیر لائسنس چلنے والے میڈیکل اسٹورز کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی

سوراب (نمائندہ بولان) ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر ثنا اللہ خان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کے مراکزِ صحت کی کارکردگی، ڈاکٹرز اور دیگر عملے کی حاضری سمیت ادویات کی دستیابی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایم ایس ڈاکٹر یوسف ثانی، خزانہ افسر عبدالمالک، ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد اسماعیل، سپرنٹنڈنٹ ڈی سی آفس فضل محمد قمبرانی، ڈرگ انسپکٹر فہد منظور، ایم اینڈ ای پی پی ایچ آئی جنید بلوچ، پی پی ایچ آئی کے نمائند (بقیہ 49 صفحہ 7پر)

پاک امریکا تعلقات کو آئی ٹی پر شفٹ کی ضرورت ہے، رضوان سعید شیخ

واشنگٹن (این این آئی) پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ پاک امریکا دوطرفہ تعلقات کو اِنسداد دہشتگردی سے (بقیہ 66 صفحہ 7پر)

ایس ایس پی بدین قمر رضا جسکانی کی کڈھن میں کھلی کچہری

بدامنی اور منشیات فروشی کی شکایات، شہریوں کے مسائل سنے اور فوری حل کے لیے احکامات جاری۔

بدین (نامہ نگار) ایس ایس پی بدین قمر رضا جسکانی نے کڈھن میں منعقدہ کھلی کچہری میں منشیات کے خاتمے، ٹریفک کی روانی، تجاوزات کے خاتمے اور تھانے پر اضافی نفری کی تعیناتی سے متعلق شہریوں کی شکایات پر اقدامات کی یقین دہانی۔ شہریوں نے کھلی کچہری کے اقدام کو سراہا۔ ایس ایس پی بدین قمر رضا جسکانی کی جانب سے شہریوں کے مسائل ان کی دہلیز پر سننے، پولیس اور عوام کے درمیان رابطے کو مضبوط بنانے اور شکایات کے فوری ازالے کے لیے ضلع بھر میں ہفتہ وار کھلی کچہریوں کے سلسلے میں جمعہ کے (بقیہ 52 صفحہ 7پر)

سرگودھا، گھر میں پانی کے ڈرم سے ملنے والی نومولود بچی ہسپتال میں دم توڑ گئی

سرگودھا (این این آئی) گھر میں پانی کے ڈرم سے ملنے والی نومولود بچی ہسپتال میں دم توڑ گئی جس کی نعش کو ورثا کے سپرد کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ زرائع کے مطابق سرگودھا رجن کے علاقہ بھکر کے قصبہ دریا خان کے (بقیہ 65 صفحہ 7پر)

بیگم نصرت بھٹو جمہوریت، قربانی اور استقامت کی علامت تھیں، راجہ پرویز اشرف

مادرِ جمہوریت کی جمہوری جدوجہد اور قربانیاں ناقابلِ فراموش ہیں

آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے پیپلز پارٹی جدوجہد جاری رکھے گی

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر راجہ پرویز اشرف، جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ اور سیکرٹری اطلاعات شہزاد سعید چیمہ نے مادرِ جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کی 15ویں برسی کے موقع پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیگم نصرت بھٹو جمہوریت، قربانی، عزم اور حوصلے کی علامت تھیں، انہوں نے جمہوریت کی بحالی، آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کے (بقیہ 48 صفحہ 7پر)

بدین میں پیٹرولیم لیوی کے خلاف جماعت اسلامی کا احتجاجی دھرنا

احتجاج میں جماعت اسلامی کے رہنماؤں اور کارکنوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی، عوام کو مہنگائی سے ریلیف دینے کا مطالبہ

بدین (نامہ نگار) جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن کی اپیل پر جماعت اسلامی بدین کی جانب سے پیٹرولیم لیوی کے خلاف بدین پریس کلب کے سامنے احتجاجی دھرنا دیا گیا، جس کی قیادت جماعت اسلامی کے رہنما فتح اللہ کھوسو، سید مردان شاہ اور دیگر رہنماں نے کی۔ احتجا (بقیہ 54 صفحہ 7پر)

بار اور بنچ کے مابین ہم آہنگی انصاف کی فراہمی کیلئے ناگزیر ہے، سردار سلیم

گورنر ہاؤس کے دروازے وکلاء برادری کے لیے ہمیشہ کھلے ہیں۔ وکلاء کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا

راولپنڈی ہائیکورٹ بار کے نومنتخب صدر سعید یوسف خان، ڈسٹرکٹ بار کے صدر ساجد اعوان، فیڈرل لاء آفیسرز کے وفد کی ملاقات

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے راولپنڈی ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے نومنتخب صدر سعید یوسف خان، ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر ساجد اعوان اور فیڈرل لاء آفیسرز کے وفد نے اسلام آباد میں ملاقات کی۔ گورنر پنجاب نے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ بار اور بنچ کے مابین ہم آہنگی سستے اور فوری انصاف کی فراہمی کے لیے ناگزیر ہے۔ وکلاء سائلین کو بروقت انصاف دلانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ وکلاء برادری آئین کی بالادستی، (بقیہ نمبر 32 صفحہ 7پر)



چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد سے ممبران قومی اسمبلی علی قاسم گیلانی اور خورشید جونیجو نے بی آئی ایس پی ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں ملاقات کی

حاجی محمد کریم لانگو کے والد کے انتقال پر تعزیت و فاتحہ خوانی

حافظ علی جان لانگو، خلیل احمد لانگو، نصراللہ لانگو حب پریس کلب کے رابطہ سیکریٹری لعل محمد برفت سمیت دیگر شامل تھے

حب (نمائندہ بولان) بھوتانی عوامی کارواں کے سینئر رہنما حاجی محمد کریم لانگو کے والد کے انتقال پر مختلف سیاسی و سماجی قبائلی عمائدین نے لانگو فارم ہاؤس بھوانی جا کر تعزیت و فاتحہ خوانی کی اور مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لیئے دعائے مغفرت کی تعزیت کرنیوالوں میں بھوتانی عوامی کارواں کے سینئر رہنما عبد الغفار شاہوانی، فدا نورزئی، سرور روبھو، ممتاز حسنی، بھوتانی عوامی کارواں کے سینئر رہنما حاجی اللہ بخش دلاری، سابق ناظم دریجی محمد صدیق چھٹہ، لالہ سمیع مینگل، فرید دلاری، وڈیرہ رزاق گجر، لاڈلہ نوید رند، ماسٹر قیوم، سکندر بلوچ، بی این پی کے رہنما بشیر احمد مینگل ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن حب کے صدر ایڈوکیٹ حمل (بقیہ 55 صفحہ 7پر)

حادثے میں انسانی جانوں کا ضیاع ایک بڑا المیہ ہے، میر علی اصغر زہری

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی کامل مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے



حب (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر صوبائی نائب صدر اور صدر آصف علی زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان میر علی حسن زہری کے پرسنل سیکرٹری میر علی اصغر زہری نے اوتھل قومی شاہراہ پر زیرو پوائنٹ وِندر پل کے قریب مسافر کوچ اور منی ویگن کے درمیان پیش آنے والے المناک حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور دلی رنج و غم کا اظہار کیا ہے میر علی اصغر زہری نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ اس اندوہناک (بقیہ 58 صفحہ 7پر)

پی ٹی آئی کارکنوں کی نظر بندی، ڈی سی لاہور اور شیخوپورہ سے رپورٹ طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی کارکنوں کی نظر بندی کے خلاف درخواست پر سماعت کرتے ہوئے (بقیہ 64 صفحہ 7پر)



کراچی۔ حب پریس کلب کے ممبران محمد اسحاق سیلرو اور منور لعل سندھ انفیکشیز ڈیزیز ہاسپٹل اینڈ ریسرچ سینٹر نیپا چورنگی میں صحافی اللہ بخش کبوہ کی عیادت کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی سندھ کے صدر کا بیگم نصرت بھٹو کی 15ویں برسی پر خراجِ عقیدت

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کے صدر نثار احمد کھوڑو نے مادرِ جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کی 15ویں برسی کے موقع پر انہیں بھرپور خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا

اسد قیصر کے وارنٹ گرفتاری منسوخ، سنگجانی احتجاج کیس میں عبوری ضمانت منظور

عدالت نے مقدمے میں اسد قیصر کی گرفتاری سے روکتے ہوئے سرکار کو نوٹس جاری کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے پی ٹی آئی احتجاج کیس میں پی ٹی آئی رہنما اور سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کے وارنٹ گرفتاری منسوخ کر دیئے۔ جوڈیشل مجسٹریٹ محمد اظہر ندیم نے وارنٹ گرفتاری منسوخ کیے۔ اسد قیصر اپنی وکیل عائشہ خالد کے (بقیہ 56 صفحہ 7پر)

پاکستان اور کینیڈا کے طبی اداروں میں تعاون کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

پاکستانی وفد کی قیادت سی پی ایس پی کے صدر پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل نے کی

اوٹاوا (این این آئی) پاکستان اور کینیڈا کے طبی اداروں نے پوسٹ گریجویٹ میڈیکل تعلیم، تربیت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر دیئے۔ اوٹاوا میں پاکستانی ہائی کمیشن کی جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز پاکستان (CPSP) (بقیہ 59 صفحہ 7پر)

پولیس کے مبینہ تشدد کے واقعہ پر ڈی پی او میانوالی کا نوٹس، دو کانسٹیبلز معطل

میانوالی (این این آئی) پولیس کے مبینہ تشدد کے واقعہ پر ڈی پی او میانوالی کا نوٹس، دو کانسٹیبلز معطل، پولیس لائنز کلوز کرنے کے احکامات۔

پیٹرول پمپ مالکان کا ڈیلی پرائس میکانزم پر ایک بار پھر تحفظات کا اظہار

آل پاکستان پیٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن نے وفاقی وزیر پیٹرولیم سے ملاقات کا وقت مانگ لیا

اسلام آباد (این این آئی) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ ردوبدل کے حوالے سے پیٹرول پمپ مالکان نے ڈیلی پرائس میکانزم پر ایک بار پھر تحفظات کا اظہار کیا ہے (بقیہ نمبر 60 صفحہ 7پر)

ایران کو بری طرح نقصان پہنچایا، مزید کارروائی بھی کر سکتے ہیں، ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو مز (بقیہ 63 صفحہ 7پر)

ایران جنگ کے اخراجات و امریکی فوجیوں کی ہلاکتوں پر ٹرمپ پر شدید تنقید

تہران (این این آئی) امریکی سینیٹرز الزبتھ وارن اور کرس مرفی نے ایران کے خلاف امریکا اور اسرائیل کی جنگ پر صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا

وزیراعلیٰ سندھ کا بیگم نصرت بھٹو کی 15ویں برسی پر خراجِ عقیدت

مادرِ جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کی جمہوریت کے لیے جدوجہد اور قربانیاں ناقابلِ فراموش ہیں، مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے مادرِ جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کی 15ویں برسی کے موقع پر انہیں زبردست خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیگم نصرت بھٹو ایک عہد ساز، بہادر اور باہمت شخصیت تھیں، جن کی جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کے لیے جدوجہد پاکستان کی سیاسی تاریخ کا ناقابلِ فراموش باب ہے۔ اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو نے آمریت کے دور میں جمہوری اقدار کے تحفظ اور جمہوریت کی بحالی کے لیے غیر معمولی جرات، ا (بقیہ 57 صفحہ 7پر)

ملک میں مہنگائی کا پارہ ہائی، ہفتہ وار شرح میں مزید اضافہ

سالانہ بنیادوں پر مہنگائی بڑھنے کی شرح 14.52 فیصد ریکارڈ......ایک ہفتے میں 23 اشیا مہنگی ہوئیں

ایل پی جی کی قیمت میں بھی 1.23 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ صرف 9 کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات سامنے آنے لگے ہیں، جہاں ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں مزید اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ ادارہ شماریات کی جانب سے جاری کردہ ہفتہ وار رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے کے دوران مہنگائی کی شرح میں 0.47 فیصد اضافہ ہوا، جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی بڑھنے کی شرح 14.52 فیصد تک پہنچ گئی۔ رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے میں 23 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ صرف 9 اشیا سستی ہوئیں۔ مہنگی ہونے والی اشیا میں کھانے پینے کی اشیا اور سبزیاں نمایاں رہیں۔ ادارہ شماریات کے مطابق (بقیہ 53 صفحہ 7پر)

ہزار گنجی جرائم پیشہ عناصر کا گڑھ بن رہا ہے، پشتونخوا میپ

مقامی قبائل کے زمینوں کو بندوق کے نوک پر قبضہ کرنے کے ناروا اقدامات سے نہ صرف عوام کی بے چینی میں اضافہ ہوا ہے

ہزاروں سال پر محیط قبائل عوام کو اپنے جدی پشتی زمینوں سے محروم کرنے کی سازش کی جا رہی ہے، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں کوئٹہ کے مضافاتی علاقوں کلی سرہ غوڑگئی، کلی ملک شبک، کلی سرہ خلا، ہنہ اوڑک، شعبان اور دیگر علاقوں پر سیکورٹی فورسز (ادارے) کی جانب ان علاقوں کو فوجی ایریاز میں تبدیل کرنے اور مقامی قبائل کی جدی پشتی ز (بقیہ 61 صفحہ 7پر)



حب۔ جمعیت علما اسلام ضلع حب کے جنرل سیکریٹری مولانا شاہ محمد صدیقی پیپلز پارٹی کے رہنما چیئرمین ضلع کونسل حب جاوید جمالی ملاقات کر رہے ہیں

بیگم نصرت بھٹو کی جمہوریت کے لیے جدوجہد اور قربانیاں تاریخ کا ناقابلِ فراموش باب ہیں، سینیٹر وقار مہدی

پیپلز پارٹی کی سندھ کے جنرل سیکریٹری کا مادرِ جمہوریت کی 15ویں برسی پر خراجِ عقیدت، آئین کی بالادستی اور جمہوری اداروں کے استحکام کے عزم کا اعادہ

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کے جنرل سیکریٹری سینیٹر وقار مہدی نے مادرِ جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کی 15ویں برسی پر خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی جمہوریت کے لیے جدوجہد، آمریت کے خلاف مزاحمت اور بے مثال قربانیاں ملک کی سیاسی تاریخ کا روشن باب ہیں، جو آج بھی جمہوریت پسندوں کے لیے مشعلِ راہ ہیں۔ سینیٹر وقار مہدی نے کہا کہ (بقیہ 62 صفحہ 7پر)



سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ اجلاس میں بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہیں



حب بی این پی عوامی کے مرکزی سیکریٹری اطلاعات ڈاکٹر ناشناس لہڑی نے جمعہ کے روز حب پریس کلب کا دورہ کیا اور حب پریس کلب کے صدر و چیف ایڈیٹر روزنامہ بولان محمد الیاس کبوہ سے ملاقات کر کے علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا اس موقع پر محمد عامر ڈوکی اور محمد عمران دھوار بھی موجود تھے